قصہ

گل و صنوبر منظوم

الموسوم بہ

مثنوی

ناظم عدیم المثال شاعر شیرین مقال جناب مرزا خداداد بیگ صاحب

مددگار عدالت ضلع کریم نگر دام اقبالہ

باہتمام سید محمد طاہر رضا

مطبع انوار الاسلام حیدرآباد

میں چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد خدائے معبود و نعت احمد محمود

دل مائلِ حمد ربّنا ہے — کعبہ قبلہ نما بنا ہے

پانچ انگلیون مین قلم جو خم ہے — یہ عقد انامل قلم ہے

باغ وحدت کا کلکِ گلچین — یون لکھتا ہے حمد کے مضامین

اللہ کا نام اسمِ اعظم — عنوانِ صحیفہ دو عالم

کونین کا یہ طلسم نادر — سبحانک خالق النوادر

اللہ اللہ بحمد سبحان — ہر ذرّہ ریگ سبحہ گردان

نوکِ ہر خار حمد خوان ہے — ہر برگِ گیاہ تر زبان ہے

بستانِ جہان کا پتّا پتّا — ہے کاشفِ رمز لا و الّا

کس جوش وخروش سے ہی جاری
بلبل کی زبان پہ حمد باری

غنچہ کی برائے حق ستائی
کرتی ہے صبا دہن کشائی

سوسن کی زبان ہی صرفِ توحید
نرگس ہوئی محوِ حیرتِ دید

شاداب وشگفتہ ہر گلِ تر
ہے بادۂ معرفت کا ساغر

سجدے ہین جھکی ہوئی ہے ہر شاخ
حمدِ باری سے شاخ در شاخ

پھل نخل کا صورتِ ثمر ہے
توحیدِ خدا کا یہہ ثمر ہے

ہے پنجۂ مریمِ یگانہ
مصروفِ نمازِ پنجگانہ

تحریر ہے بعد حمد بے حد
اوراق چمن پہ نعتِ احمدؐ

جب نامِ نبیؐ زبان پر آیا
خامہ نے ادب سے سر جھکایا

تھی شانہ پہ خاتمِ نبوّت
تھے کہتے کہ خاتمِ نبوّت

دل شاغلِ نعتِ سروری ہے
یا شیشے مین بولتی پری ہے

یادِ کاکل مین سنبلِ تر
واللیل کو کر رہا ہے ازبر

شبّو محوِ بیاضِ گردن
والفجر کی جپ رہی ہے سمرن

بلبل بھو ائے یادِ رخسار
والشمس کی کر رہا ہے تکرار

ہر برگ ورود پڑھ رہا ہے
جو نخل ہے وجد مین کھڑا ہے

پیدا یہہ ہوا اس سے سخن ہے
انسان مطیعِ پنجتنؑ ہے

چارون عنصر سے جملہ انسان
چارون یارون کے ہین ثناخوان

اللہ نے ظرف کے فراخور
ہر شئے کو دیا ہے ایک جوہر

پتھر کو شرر گلو کو آہنگ
بلبل کو ترانہ لعل کو رنگ

غنچہ کو دہن تو پھول کو خند — سوسن کو زبان تو سرو کو قد
آنکھین نرگس کو شمس کو نور — دنیا کو صنم بہشت کو حور
شبنم کو ملی سرشک باری — عاشق کو ملی جگر فگاری
پائی ہے گلون نے رنگ بیزی — خامہ کو ملی شگوفہ ریزی
گنجینۂ غم کیا دلِ زار — انسان کا کیا بتون کو دلدار
اِن ماہ رُخون کو وہ دیا نور — سب رشکِ پری ہین غیرتِ حور
کیونکر نہ ہون محوِ خود پرستی — پائی ہے جہان پہ چیرہ دستی
اللہ نہ اِن کے پالے ڈالے — کعبہ سے یہہ جب گئے نکالے
شبخون سے لیا دلِ بشر کو — خالی نہ کیا خدا اُسکے گھر کو

غزل

حمدِ حق مین ترانہ زن ہے — اعجاز بیان مرا دہن ہے
جبریلِ امین کا ہم سخن ہے — خامہ مرا اسیرِ ذو المنن ہے
اللہ ری قلم کی ارجمندی — مداحِ خدا و پنج تن ہے
خامہ جو دکھا رہا ہے شوخی — یہہ طبع کا اپنی بانکپن ہے
دل عشقِ رسول کا ہے کشتہ — زیبا اُسے نور کا کفن ہے
کس سے کرون داغِ دل مقابل — مجنون ہی رہا نہ کوہ کن ہے
دامن ہو گلِ مراد سے پُر — اُمید طفیلِ پنجتن ہے
ہے دیر و حرم مین ایک جلوہ — مرزا نہین شیخ برہمن ہے

مناجات بدرگاہِ قاضی الحاجات

یارب قلم ہری ہو
پھولے پھلے اور ہری بھری ہو

بھولے نہ خزان دوچار ہو جائے
یہہ شاخ سدا بہار ہو جائے

پانچ انگلیان سب چراغ ہو جائین
یا گوہر شب چراغ ہو جائین

تا لو مین زبان ہو شمعِ فانوس
ہو جنبشِ خامہ رقصِ طاؤس

ابرِ رحمت سے دھو الٰہی
منہ سے خامہ کے روسیاہی

جائے نہ بہ طرز بیوفائی
آنکھون سے قلم کی روشنائی

شق ہو شکلِ قمر نہ سینہ
یہہ گنجِ سخن نہ ہو دفینہ

ضایع نہ ہو فکر کی رسائی
حاتم کی ہے یہہ سخن کمائی

قط زن پہ نہ ہو یہہ ریزہ ریزہ
بڑھ بڑھ کے مرا قلم ہو نیزہ

ہان رایتِ خامہ اب علم ہو
سیفِ دو زبان مرا قلم ہو

بحرِ اعظم کی ہو روانی
شاخِ گل کی ہو گلفشانی

رونق ہو خدا مرے سخن کی
خامہ کی روش روش چمن کی

کلکِ دو زبان جو تر زبان ہو
خاموش ہزار داستان ہو

اظہار قلم کا معجزا ہو
صفحو نپہ چمن کھلا ہوا ہو

تقریر مین سحر جلوہ گر ہو
تحریر مین سامری اثر ہو

ہر حرف کمندِ گیسوئے یار
ہر دایرہ ہو بتون کی زنار

ہر لفظ گلِ دہانِ خوبان
معنی لطیف جانِ خوبان

ہر سطر ہو غیرتِ صنوبر
ہم شکلِ قدِ حسین دلبر

ہر صفحہ بیاضِ گردنِ یار
ہر مد مدِ ابروانِ خمدار

تشدید ہو پیشِ طاقِ ابرو
ہون زیر و زبر حسد سے گلرو

ہر نقطہ مین جلوۂ پری ہو
مرکز مین طریق رہبری ہو

ہر ایک کشش کشش ہو دل کی
ہر شان ہو شانِ دلبری سی

ہر صفحہ ہو آسمانِ ہفتم
نقطون کے بکھر رہے ہون انجم

ہر لفظ ہو آفتابِ روشن
حُسنِ جدول ہو پرتو افگن

ہر حرف ہو ماہتابِ تابان
ہر دایرہ ہالۂ زر افشان

مسطر مرا لقشہ جنان ہو
جو سطر ہو سطرِ کہکشان ہو

پارینہ فسانۂ صنوبر
تازہ کنِ جان ہو روح پرور

شیرین تکرارِ داستان ہو
یہہ قند مکرر ارمغان ہو

ہر چند ہے کہہ گیا سخنور
اِس قند کو مین کرون مکرر

اس سخت کمان کو خم کرون مین
اس تیغ کو آب دو دم کرون مین

اس پھول کا عطر کھینچ ڈالون
اس عطر کی روح مین نکالون

کھینچون اُتری ہوی کمان کو
دون زورِ قلم دکھا جہان کو

گو بحرِ سخن سدا ہے باقی
دریا نہین کار بند ساقی

یہہ شرط ہے ایسا اک بلانوش
پی جائے جو صاف دُرد و سرجوش

یہہ ظرف نہین ہر اک بشر کا
جس کو نہ ہو خوف ما کدر کا

کوئی نہ حریف اس کا آیا
پایا نہین یہہ ہر اک نے پایا

ہر مرد نہین ہوا تہمتن
ہر فرد نہین ہوا صف افگن

ذرّہ نہ ہوا آفتابِ تابان
ممکن نہین مور ہو سلیمان

ہر پر نہ کبھی پر ہما ہو | ہر جام کہان جہان نما ہو
ہر قطرہ نہ ہو یہان شناور | پانچ انگلیان کب ہوئین برابر
درکار ہے اسکو ظرفِ عالی | اک دم مین کرے جو جبر خالی
دریا بھی چڑھا کے ہو نہ سیراب | تشنہ جگری سے دل ہو سیماب
ساقی ساقی کہے وہ بیتاب | ایسا ہی اک اور جرعۂ آب
دم شعلہ ور و شرر فشان ہو | مہتاب نظر ہو جان کتان ہو
وہ مین ہون یگانۂ زمانہ | لکھتا ہون یہہ پُر فسون فسانہ
باندھی ہے عجب ہوائی مضمون | شوخی ہے نزاکتون پہ مفتون
طُرفہ ہے کنایہ و اشارہ | ہے دامنِ باغبان نظارہ
انداز نیا روش جُدا ہے | ہر لفظ مین شعر کا مزا ہے
یہہ تیزیان کیون کمیتِ خامہ | پہنا کیا برق کا ہے جامہ
دیکھین اندازِ خوش خرامی | آئین فردوسی و نظامی
انسان کی سرشت ہے خطا کی | بے عیب ہے ذات اک خدا کی
اُمید ہے نکتہ پرورون سے | باریک نظر سخنورون سے
ہر نقص کی ہو نہ موشگافی | ہر عیب ہو درخورِ معافی
ہو مُہرِ سکوت لب خموشی | آنکھون سے کرین وہ چشم پوشی

ستایش بادشاہِ فلک آستان اعلیحضرت قدر قدرت ظلِ سبحانی میر محبوب علیخان بہادر فتح جنگ نظام الدولہ

نظام الملک آصفجاہ جے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ فرمان فرمای حیدرآباد و وصفِ بلدۂ محبوب البلاد فرخندہ بنیاد حیدر آباد وتعریف خصوصیات شہری و توصیف عماید وارکان ریاست ابد مُدت

ہان ای مرے جان نثار خامہ — کیون پہنا ہے آج ادب کا جامہ
درباریون کی بنی ہے صورت — درپیش کہو ہے کیا ضرورت
زرین زیبِ کمر ہے کیون ڈاب — منظورِ نظر ہے کیسا آداب
کیون سر پہ سجی ہوئی ہی دستار — لب پر ہے مؤدبانہ گفتار
وضعِ دستار منصبی ہے — کیا آپ کو کار منصبی ہے
جامہ کی چُنٹی جو آستین ہے — خجلت دہِ چینِ مہ جبین ہے
ٹپکے کے وہ پیچ ہین لگائے — سنبل نے ہزار پیچ کھائے
کیون تہہ کیا ہاتھہ مین ہے رومال — کیا آگیا ہاتھہ کچھہ زرومال
پوشاک پہ کیون نظر ہے ہر بار — کیون ہے یہہ مؤدبانہ رفتار
درپیش ہین کیا نئے مضامین — ملحوظ ہین کیون امورِ تزئین
کس فکر بلند کا اثر ہے — کیون آج دماغ عرش پر ہے
کیا طرز ہے کیا ہے یہہ سرشتہ — تہذیب سے کیون بنے فرشتہ
پیشانی سی ہی ظہور اقبال — کیا پایا کہین سے منصب ومال
کس چیز سے پُر ہین دامن وجیب — ہاتھہ آگیا دستِ غیب ازغیب

پاسخ دیا کلک دو زبان نے | ہمراز شفیق مہربان سے
وہ پیش نظر ہے آج دربار | بزمِ گوہر فشان و دُر بار
جو بزم ہے رشک بزم جمشید | دنیا مین امید گاہِ امید
جس بزم شہی کا یہ نشان ہی | پارس ہے جو سنگِ آستان ہی
اکسیر ہے بارگاہ کی خاک | چھو جائے بشر ہو خاک سی پاک
حاصل ہو خوشی اگر ہو غم مین | محتاج غنی ہو ایک دم مین
بے زر ہو اگر ہو پل مین زردار | بیکار ہو دم مین ہو سرِکار
مفلس ہو تو دم مین ہو تونگر | آنکھین ہون تو دیکھہ لی تو جاکر
اُس بزم شہی کا شاہِ والا | مُنہ مانگی مراد دینے والا
محبوب خدا نبی کا محبوب | محبوب علی ولی کا محبوب
نام اُسکا ہے جو ادب سے لیتا | مُنہ بھرتے ہین موتیون سی اُسکا
خالق نے یہہ مرتبہ دیا ہے | مخلوق پہ سایۂ خدا ہے
ہے طاعتِ شہ اطاعتِ حق | امرِ او لوا الامر آیتِ حق
اقبالِ جبین شہریاری | پردے مین بشر کے شان باری
خلقت مین بشر مگر یگانا | ہُشیار ذکی فہیم دانا
ذی روحِ جہان جہان ہین | زیرِ قدمِ شہِ جہان ہین
بندون پہ رحیم عدل گستر | ہے بندہ نواز و بندہ پرور
آفاق مین بے مثال و ثانی | اعجاز خدا کی اک نشانی
ابرِ کرم و یمِ عطا یا | ممدوحِ رعایا و برایا

مفقود جہان ہوئی گدائی — اُس کے سایہ مین ہے ہُمائی
یہہ کہہ کے قلم نے کی یہ تقریر — کر او سپہ عمل کرون جو تحریر
کر ترکِ سکونتِ وطن کو — غافل ہے تو عازمِ دکن ہو
اقبال کی ہوگی ارجمندی — حاصل تجھے ہوگی سربلندی
دربار مین باریاب ہو جا — ذرّہ سے تو آفتاب ہو جا
اُس شاہِ سخی کی اک نظر مین — ممتاز بنے گا بحر و بر مین
گمنام ہے نام ہوگا مشہور — ہونگی تری جملہ کلفتین دور
منظوم یہہ نظم کے لآلی — لیجا بہرِ نظامِ عالی
یہہ گوہر شاہوار مضمون — ہان ہین پئے نذرِ شاہ موزون
اس نظم کا ہر ورق ہے بالکل — گویا ورقِ زبانِ بلبل
کر مثنوی پیشکش باداب — نظمِ نادر نفیس نایاب
گلدستۂ گلشنِ مضامین — محسودِ نگارخانۂ چین
مفتاحِ خزینۂ معانی — مرغوبِ اعالی و ادانی
شایستہ رقم ہو مدحتِ شاہ — حاصل ہو صلہ مین منصب و جاہ
جب ختم ہوئی قلم کی تقریر — درپیش ہوئی سفر کی تدبیر
عامل ہو نصیحتِ قلم پر — آیا ہون یہان بحالِ مضطر
تکلیف ہین گو سفر سقر ہے — کہتے ہین وسیلۂ ظفر ہے
لائی ہے اُمید منزلون سے — چھوٹے ہین عزیز مشکلون سے
فرقتِ احباب و اقربا کی — سہے داغِ جگر قسم خدا کی

ہر مشفق و دوست کی جدائی — ہے گوشت سے پوست کی جدائی
ہمدم یار و رفیق و غمخوار — مونس مشفق محب وفادار
ہر وقت کی صحبت و محبت — غمخواری و الفت و نصیحت
ہمدردی و شرکتِ مصیبت — تکلیف بھی جس سے عینِ راحت
آرام ہے وہ غم و محن بھی — ہے عیش مصیبتِ وطن بھی
بیکار ہین یہہ خیالِ باطل — کیا رنجشِ مامضیٰ سے حاصل
ماضی کے خیال سے گزر کر — مستقبل و حال پر نظر کر
ہے فیضِ شہی کا جو سہارا — یہہ نیش ہے نوش ساگوارا
شاہِ مسکین نواز راحم — مصباحِ مکارم و مراحم
شاہِ ہر دل عزیز عادل — عاقل نکتہ نواز باذل
سلطانِ فلک سریر و پایا — نیکو شیم و حسن سجایا
دارا دربانِ فلک جنابا — کیوان ایوان کرم سجایا
مسجودِ خلایق آستان ہے — خامہ مرا سر کے بل رواں ہے
سر مین ہے خیالِ آستان بوس — رفتار ملی قلم کو معکوس
زیبا ہے کہ ہو باحترامی — زیبِ سرنامہ نامِ نامی
فرخ ہے یہہ عہدِ معدلت عہد — یارب رہے تا بہ حشر یہ عہد
نوخاستہ نونہالِ شاہی — سرسبز ہو بارور الٰہی
تا ختمِ جہان ہو سایہ گستر — مخلوقِ خدا اُسے دو جہاں پر
گردون شوکت و زیرِ اعظم — اندازۂ فکر سے معظم

نوبادۂ گلشن امارت — رونق دہ مسند وزارت

روشن رای و عقیل و دانا — فرزانۂ بے بدل یگانہ

جم رتبہ یمین سلطنت شاد — تاج الامرا کرشن پرشاد

لایق فایق مصاحب شاہ — دانشمند و دقایق آگاہ

عالم شاعر رئیس سردار — زیبایش بارگاہ و دربار

خوشخو خوش خلق خوش طبیعت — خوشرو خوش وضع خوش لیاقت

ہشیار حسین بسنجی بہادر — بحر عظمت کابی بہادر

اہل دربار جملہ چیدہ — طباع ولئیق و برگزیدہ

ارباب کمال اہل بینش — سب لب لباب آفرینش

جس شہر کا شہریار ہے وہ — نادیدہ خزان بہار ہے وہ

بالائے فلک اگر جنان ہے — یہہ باغ زمین پہ بے خزان ہے

وسعت مین ہے شہر ناف ہستی — ہے مرکز دین حق پرستی

ہے ہند مین تخت گاہ اسلام — بیشک پشت و پناہ اسلام

آراستہ نوعروس زیبا — معشوقۂ دلنواز رعنا

سڑکین شفاف راستے صاف — پاکیزگی کے جمیع اوصاف

آراستہ سربسر دکانین — ہر قسم کی جنس کی ہین کانین

ہر کوچۂ شہر دلربا ہے — دلچسپ و وسیع و پر فضا ہے

ہے راہ مین نام گرد کا گرد — کوچہ برزن طریق مین فرد

ہر راستہ راستی کی صورت — ہر کوچہ ہے صاف بیکدورت

ہوتا ہے ہراک سڑک پہ چھڑکاؤ | ایسا ہے بہشتیون کا یان آؤ
نل پانی کے جابجا سراسر | آبِ نوشین قدم قدم پر
خوش ذائقہ خوشگوار ہلکا | شیرین ہاضم خنک مصفا
لبریز ہر ایک حوض و تالاب | چشمِ عاشق کی شکل پُر آب
نہرون کی لکھون جو کچھہ روانی | دریا دریا ہو پانی پانی
بے حجت و بے نزاع و تکرار | ہے خلد کا حوض حوضِ گلزار
حوضِ کوثر کو شُست شو کا | سرمایہ ہے حوض چارسو کا
ہے مسجدِ مکّہ مکّہ مسجد | ہوتے ہین جہان ملک بھی ساجد
ہے چار منارۂ فلک سا | چارون سمتِ جہان ہین یکتا
کہتے ہین نشیمنِ ہُما ہے | بر روئے زمین فلک نُما ہے
صنّاع کی دیدنی ہے صنعت | معمار کی دیکھنا لیاقت
مہتاب محل کی آفتابی | رفعت مین ہے عرش سے ملادی
دنیا مین ہے باغ عام یکتا | رضوان رہ جائے جسکو تکتا
دنیا مین ہین جس قدر سمندر | سب سے ملکے بنا حسین ساگر
عشاقِ جہان نے جمع ہوکر | اشکون سے بھرا حسین ساگر
لبریز ہے یہہ حسین ساگر | عاشق کا ہے یاکہ دیدۂ تر
کٹّے کی ہے شام روح پرور | دنیا مین ہے بے نظیر منظر
ہے شام اودہ کی راحتِ جان | ہے صبح بنارس اُس پہ قربان
کثرت سے رئیس اور رعایا | تخمینہ و وہم سے بھی زاید

قوت دہِ بازوئے ریاست — رکن الملک و عمادِ دولت

زیبِ ہستی نمایشِ دہر — آرایشِ ملک رونقِ شہر

باشندے حسین شریف طرار — خوش وضع شگفتہ رو طرحدار

زندہ دل و یار باش شاطر — یارِ شاطر نہ بارِ خاطر

ہر جا پہ بتانِ شہرہ آفاق — ناز و انداز و عشوہ مین طاق

خلعت دہِ رنگِ زعفرانی — غارت گرِ دولتِ جوانی

جادو نگہانِ بتانِ طناز — سرمایہ عشقِ فتنہ پرداز

آرامِ دل و نظارہ رحمت — ہے حسنِ صبیح و پُر ملاحت

ہر ایک ادا قیامت آفت — قدمون سے لگی ہوئی قیامت

فتنون کو اُٹھانے والی رفتار — مُردون کو جلانے والی گفتار

ہر فرد ہے ذی وقار و ذی جاہ — مشہور گدا یہان کے ہین شاہ

محتاج نہین مرے بیان کے — رشکِ شرفا رذیل یان کے

سنجیدگی سے ہر اک دکاندار — کھولے ہوئے راستی کا بازار

ہر میوہ فروش مایہ ناز — خوش لہجہ و خوبرو خوش آواز

آواز پر اپنی کرکے شیدا — دل لیتا ہے مول دیکے سودا

ہر روز ہے دن کو ہر جگہ عید — ہر شب ہے شبِ برات کی دید

فارغ غمِ روزگار سے ہین — گل ہین محفوظ خار سے ہین

اللہ بچائے چشمِ بد سے — حاسد کی نگاہِ پُر حسد سے

چوری ہی کا ہے فقط نہ در بند — دزدیدہ نگاہ ہے نظر بند

اُڑتے جو محل پہ شان سے ہین
پرچم علم و نشان کے ہین

یا پر ہے ہما کا سایہ افگن
یا رحمتِ حق کشادہ دامن

اللہ ری شوکتِ مساجد
خود کفر کو کر رہی ہے ساجد

گردش مین ہے کفرِ نحسِ ایام
پھیلی ہوئی ہے ہوائے اسلام

ہر غنچۂ دل کھلانے والی
دین و ایمان جلانے والی

دن رات ہے موسمِ بہاری
ہے رحمتِ حق کی آبیاری

ہر برگ و گیاہ سبز و تر پر
شاخ و شجر و گل و ثمر پر

نخلِ گل و میوہ دار ہر جا
رشکِ باغ و بہار صحرا

رنگِ سبزہ جما ہوا ہے
ہر کوہ زمرّدین بنا ہے

ہر برگ وہ شوخ رنگ سر سبز
چشم بینا کی ہو نظر سبز

شاخون پہ طیور جھولتے ہین
ہر رنگ کے پھول پھولتے ہین

کچھہ سرخ بنفش زعفرانی
کچھہ پھول زمین پر آسمانی

بلدہ ہے کہ اک چمن کھلا ہے
قسمت سے مری مجھے ملا ہے

خالق نے وہ آج دن دکھایا
سر نے قدمِ حضور پایا

مین اور کہان یہہ بزمِ عالی
مین اور یہہ نظم کے لآلی

یہہ مدح کہان زبانِ ناچیز
شوخی یہہ کہان بیانِ ناچیز

مین اور کہان یہہ باریابی
ذرّے کو ملی ہے آفتابی

تائیدِ خدا اگر ہوئی یار
اقبال حضور کا مددگار

نازان نہ ہو کس طرح تقدیر
چمکا مرے بخت کا ہے اختر

یہہ بخت رسا ہے اوج پر آج
بندے کے لیے یہی ہی معراج

یارب جب تک کہ دم مین دم ہو
سر میرا حضور کا قدم ہو

آباد جہان مین جو زمین ہو
اس نسل مین وہ تہِ نگین ہو

جب تک کہ یہ دور آسمان ہو
یہہ شاہِ جہان ہوا و رجہان ہو

شاد و خوش و خورم و جوان بخت
رونق دہِ تاج و مسند و تخت

لایا ہون شہا دُرِ ثمین یہہ
شایستہ نذر گو نہین یہہ

تشریفِ قبول گر عطا ہو
حاصل مرے دل کا مُدعا ہو

ہم چشمون مین آبرو ہو میری
بر آئے جو آرزو ہو میری

ہو درد کی میرے چارہ سازی
حاصل ہو جہان مین بے نیازی

ساقی نامہ

لکھتا ہے جو کیفِ مے پرستی
چھائی ہوئی ہے قلم پہ مستی

بیخود سرِ سطر جھومتا ہے
ہر حرف کے مُنہ کو چومتا ہے

ہے لغزشِ پا قدم قدم پر
ہر لفظ پہ پیش پا ہے ٹھوکر

ہے وصفِ مے کہُن زبان پر
ستانہ ہے یہہ سخن زبان پر

اے ساقیِ بے خبر کہان ہے
میخانہ مین شورِ میکشان ہے

بنکار رہا ہے ہر شرابی
دے بادہ وہ آتشہ گلابی

کیا دیر ہے ای وہ دو سالہ
لا جام و صراحی و پیالہ

مہجور ہون دخترِ عنب سے
لبریز لگا دے جام لب سے

بیکار خیال محتسب ہے
اس روگ کو دور کر پلائیے

گھنگھور گھٹا ہے گھر کر آئی
ہر مست کے لب پہ ہے دہائی

ہوتا ہے ترشح ابر تر سے
ہر بونگ ہو میکشو تو برسے

اب کسکو شراب کی کمی ہے
ابر تر سے ٹپک رہی ہے

لبریز پیالہ ہے گلون کا
گلشن مین ہے شور بلبلون کا

رنگ ابر سیاہ وہ جمانا
زاہد پیئے مے پڑھے دوگانا

سب طاعت و زہد ہو ریائی
کام آئے نہ اس کی پارسائی

واعظ ہو ذرا ذلیل ساقی
میخانہ ہو سلسبیل ساقی

ہو صرف عیوب رند جو لب
غرق مئے ناب ہو وہ یارب

رندون کا جو نام بے وضو لین
کانٹا ہو شراب کا گلو مین

ساقی دے شراب ارغوانی
سرجوش بہار نوجوانی

ہان جام شراب ناب دیدے
دل جل کے ہوا کباب دیدے

میخانہ مین جسقدر ہو لادے
خوب آج شراب سے چھکادے

منہ سے مرے خم کا منہ ملادے
ساقی مجھے خم کے خم پلادے

وہ جام دے یادگار ساقی
تا حشر رہے خمار باقی

وہ مئے جو دل و جگر کو دے ضو
وہ مئے جو لگادے یار سے لو

وہ بادہ جو نشتر جگر ہو
خون نابہ فشان چشم تر ہو

وہ بادہ ہو نور جس سے پیدا
رشک خورشید ہو سویدا

آئینہ دل کو جو جلادے
بیواسطہ یار سے ملادے

وہ بادۂ مشکبو معطر
جو رحمتِ حق کے ہو برابر

وہ بادہ جو طورِ دل بنادے
وہ بادہ جلا جو ماسوا دے

وہ جام دے جس سے خوش سرانجام
پائین یہہ مفارقت کے آلام

تالوین زبانِ نیشتر ہو
تا واشدِ غنچۂ جگر ہو

ہو بادہ سے طبع کو روانی
خامے کو سرورِ تر زبانی

دست برد عشق

لکھنا ہے جو حالِ عشقِ سفاک
سینہ ہے قلم دوات کا چاک

ہے خامہ جگر شگاف حیران
دو پارۂ قلب ہے قلمدان

ششدر ہے خیالِ فکر مضطر
یہہ رنگ بندھا ہو جب تو کیونکر

اس عشق کے ہتکمنڈے رقم ہون
نیرنگ حوالۂ قلم ہون

کچھہ عشق کے کام ہین نرالے
اللہ نہ اس کے پالے ڈالے

یہہ حضرتِ عشق ہین وہ بے پیر
فریاد سے ہوتے ہین گلوگیر

بے دید کہین ہے شعبدہ باز
بے درد کہین ہے فتنۂ راز

جادو ہے کہین کہین ہے نیرنگ
لاتا ہے مدام اک نیا رنگ

لب پر ہے فغان جگر مین ہے درد
دل مین ہے تپش بلب دمِ سرد

پہلو اسی خار نے ہین چھیدے
گوہر ہین دل و جگر کے بیدھے

پھونکا عاشق کو بے تامل
خاکستر سے بنایا بلبل

معشوق کا خون کیا بہ صد جل
اُس خون سے بنائے لالہ و گل

مطلب سے کہین نہ اپنی چوکا | تشنہ ہے یہہ دونون کے لہو کا
سحر اس کا عجیب پُر اثر ہے | دل جان سے رہتا بے خبر ہے
رگ رگ مین لہو مین استخوان مین | سوزش ہے اسکی جسم و جان مین
عاشق کے نیاز کا سبب ہے | معشوق کے ناز کا سبب ہے
سامانِ فروغِ شعلہ رویان | سرمایۂ نازشِ نکویان
لاکھون سینے کیئے ہین غربال | شمشاد قدونکے باغ پامال
بلبل کا ہوا یہہ باعثِ شور | گُل کا نہ چلا چمن مین کچھہ زور
شمشاد کو پا بگِل کیا ہے | معشوق کے قد کا جُل دیا ہے
نرگس کو کیا ہے سخت حیران | ششدر گلشن کا ہے نگہبان
لالے کے جگر مین داغ اس سے | کف ملتے ہین برگِ باغ سے
گلشن مین دیئے طفیلِ زاری | بلبل کو مناصبِ ہزاری
از بسکہ جگر ہے پارہ پارہ | گیندے کو لقب دیا ہزارہ
کیلی نہ فقط زبانِ سوسن | لب بند شگوفہ ہے بہ گلشن
گُل ہی کا دہن نہ بے زبان ہے | غنچہ بھی تو قفل بر دہان ہے
کرتا ہے مدام خون حنا کا | شبنم کو دیا سبق فنا کا
زنجیر بپا ہے سروِ آزاد | قمری کے گلے مین طوقِ بیداد
گلشن مین بنا ئے عنادل | صد پارہ گلون کا کر دیا دل
انگور کی تاک مین کھڑا ہے | یہہ درد خنا کا سر چڑھا ہے
ہے پیچ مین اس کی عشق پیچان | ہے اس سے بنفشہ مو پریشان

تلوے مین چُبھو چُبھو کے توڑا — کب خار کو ثابت اس نے چھوڑا
ہر شاخ ہے مثلِ بید لرزان — ہر پھول کا چاک ہے گریبان
جو نخل ہے سر کو دُھن رہا ہے — جو برگ ہے تِنکے چُن رہا ہے
سنبل پہ پڑا ہے پیچ اسکا — ہوتا نہین یہہ حریف کسکا
صد برگ بگڑ نگار اس سے — ہر گُل ہے سدا بہار اس سے
جو گل ہے چمن مین سر اُٹھاتا — تازہ ہے قیامت اُس پہ ڈھاتا
گل ہی کا نہین کیا ہے دل خون — بلبل کو بنا دیا ہے مجنون
ہے اس سے جلی ہوئی خدائی — وہ آگ زمانہ مین لگائی
وہ شعلہ وہ برق وہ شرارہ — ہو جس سے کہ موم سنگ خارہ
جس آگ سے شمع کو جلایا — پروانہ کو اُس مین کھینچ لایا
وہ آگ تدرو کو کھلائی — اُس آگ سے جانِ مہر جلائی
اُس آگ سے رنگِ لعل گلرنگ — اُس آگ سے سوختہ دل سنگ
اُس آگ سے پُر شفق کا گلخن — آتش زدہ ہے فلک کا گلشن
انگارہ اُسی کا مہرِ خاور — چنگاریان ہین اُسی کی اختر
پروین و پرن اُسکی خاشاک — نُہ چرخ اُسی کے تودہ خاک
وہ گرمیِ کُن دلِ زمین ہے — وہ آگ غرض کہان نہین ہے
آتش کدہ اُس کا دل ہمارا — تھا شعلہ طور اک شرارا

پہلی داستان

چڑھائی کرنا غنیم کا ملکِ عجم پر اور جانا چھہ شاہزادون کا

برای مقابلہ اور شکست دیکر دشمن کو مصروف شکار ہونا انکا ملنا دیوانہ کا اور نادیدہ عاشق ہو کر جانا شہزادون کا ملک ماچین کو اور جان دینا سب کا عشقِ ملکہ مہر انگیز مین

ہان طبع طلاقت لسانی — درکار ہے خامہ کی زبانی
پارینہ زمانہ کا فسانہ — ہو تازہ کُنِ دلِ زمانہ
پیرِ دہقان سے ہے روایت — سُنتے آئے ہین یہہ حکایت
ہر نسخہٗ دل مین جلوہ گر تھی — اوراقِ زبان پہ منتشر تھی
اب مجھسے سنو بسحر سازی — دو دادِ فنِ سخن طرازی
ہو غنچہٗ دل شگفتہ خاطر — ہر کان ہو معدنِ جواہر
تھا ملکِ عجم مین ایک سلطان — سرتاج و پناہِ تاجداران
تھا صاحبِ تخت تاج کشور — عادل منصف غریب پرور
زیبِ سرِ شش جہت کا دیہیم — پنجے مین تھی اُس کی ہفت اقلیم
تھے تاج شہی مین سات گوہر — یا سات فلک کے سات اختر
اک روز کہ تھا مثالِ نوروز — اقبال سے بھی زیادہ فیروز
گلگشتِ چمن کو شاہزادے — مانندِ دل گئے ہوئے تھے
وہ باغ کہ تھا بہشت آگین — غیرت دہِ گلشنِ نگارین
وہ روکشِ روضۂ جنان تھا — گویا کہ طلسمِ بوستان تھا

شہزادوں سے خلد تھا نباوہ | سیاروں کی سیر گاہ تھا وہ

تھے جمع مثال عقد پروین | ساتوں چشم و چراغ تمکین

باہم تھے وہ نور دیدہ یکچند | محو گلگشت اور شکر خند

اڑتی سی خبر صبا یہ لائی | سلطان پہ عدو نے کی چڑھائی

گلشن سے چلے بہار صورت | شہ سے ہوئے طالب اجازت

اصرار سے انکے ہوکے مجبور | ناچار کیا مہم کو منظور

فرمایا یہ شہ نے ماہ رخ سے | بہلائے گا کون دل کو میرے

اے جان پدر تری جدائی | ناخن سے ہے گوشت کی جدائی

کچھ رکھتے اگر ہو چاہ میری | پیری پہ کرو نگاہ میری

آداب پدر سے سر جھکا کر | خاموش ہوا وہ طیش کھا کر

سمجھا نہ وہ نوجوان مضطر | واقع جو ہوا وہی تھا بہتر

حاصل کرکے غرض اجازت | مادر سے پدر سے ہوکے رخصت

فرحان فرحان چھوٹوں برادر | فوج و لشکر کے ہوکے افسر

دشمن کی طرف ہوئے روانا | جانا ان کا تھا دل کا جانا

ششدر تھے حواس خستہ ماں کے | چھوٹے ہوئے باپ کی تھی چھکے

یہ لخت جگر کے غم نے مارا | سی پارہ دل تھا چار پارہ

گویا بیجان تھے جملہ قالب | اللہ سے تھے ظفر کے طالب

سرگرم مصاف تھی وہ افواج | تھا جوش پہ یا کہ بحر مواج

دشمن کو پیام تھے قضا کے | مسمار کیا عدو کو جا کے

پائی جو غنیم نے ہزیمت | سمجھا وہ فرار کو غنیمت
خدمت مین پدر کے ایک عرضی | تحریر کی مژدۂ ظفر کی
کی عرض غلام بعد چندے | لاتے ہینگے غنیمت اور بندے
دشمن کا شکار کر چکے جب | مصروف شکار ہو گئے سب
صحرا مین گزر ہوا جو اُنکا | طرفہ دیوانہ ایک دیکھا
دیوانہ بحسن خود طرحدار | دیوانہ بکار خویش ہشیار
صحرا کی وہ خاک اُڑا رہا تھا | اُس دشت مین زلزلہ بپا تھا
پُرسش سے کھلا یہ عقدۂ دل | دیوانہ تھا شاہ ملک بابل
رکھتا تھا جہان مین سات فرزند | ہر ایک ہوا زمین کا پیوند
کیونکر نہ پھرے دماغ اُسکا | ویران ہوا خانہ باغ اُس کا
قیموس لقب خدیو ماچین | تھا پُشت پناہ دولت و دین
اللہ نے دی تھی ایک دختر | گلرخ شمشاد قد سمن بر
تھا مہر انگیز نام اُس کا | قتل عالم تھا کام اُس کا
یکتائی کا جب سنا فسانہ | ہمتائی کا کر گئے بہانہ
داخل ہوئے اُسکی چاہ مین سب | مارے گئے اُسکی راہ مین سب
جو خانہ تھا رشک باغ اُن سے | وہ گھر ہوا بے چراغ اُن سے
تقدیر مین تھی جو پیش آئی | سن لی دیوانہ کی زبانی
تھا حسن کا اپنے اُن کو غرّا | خود آرائی کا اپنے دعوا
مشورہ کیا سب نے ملکے باہم | اُس غیرت گل سے کم نہین ہم

وہ گل ہے تو ہم ہین غیرت گل | یہہ شانہ ہو اور اُس کی کاکل
رخسار کا اپنے گل دکھائین | بلبل اُسے ہم بنا کے لائین
راضی نہ خوشی سے گر ہو وہ ماہ | ہے لشکر قاہرہ بھی ہمراہ
آفت سے خدیو پر جو ٹوٹین | شکل یغما پری کو لوٹین
اقبال کی سمجھے ارجمندی | آئے جو ہماری ہو کے بندی
برگشتہ نصیب شاد مانہ | ماچین کی طرف ہوئے روانہ
سرمست سرورِ حکمرانی | مدہوشِ خمارِ نوجوانی
سمجھے نہ ذرا اخیر کے رہزن | سوچے نہ ذرا وہ عقل دشمن
اس نشہ کا کیا خمار ہوگا | خمیازہ ہی روبکار ہوگا
پہنچے بطریقۂ نو آئین | رفتہ رفتہ بشہر ماچین
بھیجا ایک نامۂ نگارین | تحریر کیا کہ شاہِ ماچین
دوشیزہ کو کدخدا نکرنا | شرع نبوی سے ہے گوارا
لازم ہے یہہ نونہال پیوند | آخر ہے یہہ انتظار تاچند
کاشانۂ شہ مین ہی جو دختر | قسمت کا ہماری ہی وہ اختر
ہم نامِ خدا ہین سات بھائی | قبضہ مین ہے خشکی و ترائی
اُس شوخ کو جو پسند آئے | اپنا اُسے کدخدا بنائے
اس باب مین گر درنگ ہوگا | عقدہ یہہ سپردِ تیغ ہوگا
جرأت مین ہین سرغنہ جہان کے | ہم شاہ عجم کے شاہزادے
قیموس نے جب وہ نامہ پایا | منشی نے علیحدہ سنایا

افروختہ ہو کے نامہ سے وہ
باہر ہوا اپنے جامہ سے وہ

پاسخ یہہ رقم کیا کہ دختر
دل سے ہے کہین زیادہ خودسر

ہرچند وہ شمع شعلہ رُو ہے
پر تیز مزاج تندخو ہے

تقدیر بگاڑے یا بنائے
کرتی ہے وہی جو دل مین آئے

جو آئے عجم سے یا عرب سے
ہے ایک سوال اُسکا سب سے

شایستہ جواب جو کہ دے گا
یہہ دولتِ لازوال لے گا

جس وقت جوابِ نامہ پایا
شہزادون نے آنکھون سے لگایا

مضمون سے اطلاع پائی
اُمید کی آرزو بر آئی

باہم یہہ قرارداد کر کے
گویا کیے بند باب شر کے

باری باری ہر ایک بھائی
جا کر کرے قسمت آزمائی

ہو جس کے جواب سے وہ گل بند
گلچین وہی اُس کا ہو خردمند

روزِ دیگر بجوشش ارادہ
اُن سب مین بزرگ شاہزادہ

آیا اک شوق مین جلوریز
زیرِ ایوانِ مہرانگیز

نقارۂ مرگِ خود بجایا
آوازۂ مرگِ خود سُنایا

رکھا جو قدم کو اُس نے در مین
بجلی سی چمک گئی نظر مین

خُدّام ادب سے کرّوفر سے
لا کر پوشیدہ ہر نظر سے

اُس شہ کو بٹھایا شہ نشین پر
کندہ کیا نقش پا نگین پر

حقِ خدمت تھا بسکہ واجب
پردہ ہوا درمیان مین حاجب

اک مُہرِ سکوت تھی لبون پر
تکتا تھا چہار سمت ششدر

کھویا گیا اس طرح وہ گویا | حیرت کدہ طلسم میں تھا
حاصل نہ مجالِ دم زدن تھی | جادو کی مگر وہ انجمن تھی
بولی وہ نگارِ ناز پرور | گل کرد چہ گونہ با صنوبر
تھا دستِ قضا میں شاہزادہ | پاسخ دیا غنیِ بے ارادہ
اسکا یہہ جواب ہے کہ لاریب | جز حق نہیں کوئی عالم الغیب
رشکِ خورشید مہر انگیز | بولی بادائے قہر آمیز
آئے جو اجل گرفتہ ادان | جن ہو کہ ملک ہو یا ہو انسان
دیتا نہیں گر جواب شافی | پاتا ہے یہان سزائے کافی
سر کا نہیں رہتا پھر تو سر کا | کٹتا ہے سر ایسے خیرہ سر کا
تھا موت کا گرم کارخانہ | دیکھا ہر سمت خایفانہ
جلاد لیئے کھڑا تھا شمشیر | ابرو کے اشارے کی تھی تاخیر
تلوار کا ایک ہاتھ مارا | گردن سے وبالِ سر اوتارا
ہلکا کیا بار تا بہ امکان | رکھا گردن پہ بارِ احسان
جھنڈے پہ غرض وہ سر چڑھایا | کافر کو ذرا ترس نہ ایا
وہ سر تھا زبس بلند پایا | ایوان کا کنگرہ بنایا
پانچون شہزادے باری باری | سرگشتۂ شوقِ جان سپاری
رخصت ہوئے بھائی کی قضا مین | پہنچے وہ دہانۂ قضا مین
گمنام تھے نام کر گئے وہ | قصہ کوتاہ مر گئے وہ
پہنچا ملکِ عجم مین لشکر | بیدل با حالِ غیر ابتر

آئی وہ سپاہِ بے سر و برگ　　آمد اُسکی تھی آمدِ مرگ
سلطان سے کہا وہ حال سارا　　نشتر سا دل و جگر پہ مارا
مان باپ کے لختِ دل نہ آئے　　لختِ جگر آنکھہ سے بہائے
آنکھون سے چھپے وہ نورِ دیدہ　　آنکھین ہوئین خود رمد رسیدہ
بیٹھی دل تھام تھام مادر　　خوننابہ فشان ہو ابرادر
سلطان نے کہا یہہ بادمِ سرد　　ناسور جگر مین دل مین ہے درد
تاریک نظر مین ہے خدائی　　پورب مین لُٹی مری کمائی
ٹوٹے نہ قیامت آہ کیونکر　　ڈوبے مشرق مین مہرِ خاور
کُہرام تھا اک حرم سرا مین　　جاتی تہین فلک پہ سبکی آہین
ماتم کدہ پائے تخت تھا وہ　　اندوہ سے تیرہ بخت تھا وہ
افسوس ہوا دلِ زمانہ　　تیرِ اندوہ کا نشانہ
چھائی تھی جہان پہ سوگواری　　دنیا کا تھا وقتِ دم شماری
جو غم کہ پڑا اٹھا اُنکو پالے　　آخر کیا صبر کے حوالے

دوسری داستان

اجازت حاصل کرنا سلطان سے شاہزادہ ماہ رخ کا شکار کے حیلہ سے اور روانہ ہونا سمتِ ماچین واسطے انتقام بھائیون کے اثنائے راہ مین۔ گرفتار ہونا طلسم سنگ پری مین

ہر ریشۂ کلکِ نکتہ دانی
ہے جوہرِ سیفِ خوش زبانی

بے جرم کے قتل سے ہی محزون
ہر نقطہ ہے مہرِ محضرِ خون

جاگیرِ دلی جو خونبہا ہے
یون چشمِ قلم سے خون بہا ہے

چھوٹا شہزادہ ماہ رخ نام
ماں باپ کا خلق کا دل آرام

کانِ رُشد و یمِ تر حشم
تھا مردمِ دیدہ ہاے مردم

خوش خلق۔ کریم۔ خوش بیان تھا
دانا و عقیل و نکتہ دان تھا

خوش فکر مدبرِ زمانہ
مخلوق ہوا تھا وہ یگانہ

جو چاہیے جوہرِ صفاتی
شہزادہ کی ذات مین تھے ذاتی

دنیا سے گئے جو اُس کے بھائی
دنیا کی خوشی اُسے نہ بھائی

رہتا تھا وہ گل مدام دل چاک
تھی صورتِ ابرِ چشمِ نمناک

تھی خواہشِ انتقام دل مین
یا برق تھی اُس کی آب و گل مین

سیماب بنی تھی جانِ مضطر
کہتا تھا یہہ بیقرار ہو کر

آنسو پوچھے آہ چشمِ تر کے
آنسو نہ پوچھے دل و جگر کے

اس آگ سے جب جلے گی وہ بھی
جب آتشِ دل مری بجھیگی

یہہ سوز جب اُس کو پھونک دیگا
ٹھنڈا ہوگا مرا کلیجا

اُس گل کے جگر پہ داغ دیکھون
اس دل کو مین باغ باغ دیکھون

اُس بت سے کسی طریق مل کے
پھوڑون مین جلے پھپھولے دل کے

کہتا تھا کسی طرح ہوا ہون
پر نکلین کہین کہ اوڑ کے پہنچون

ڈرتا تھا نہ دیگا شاہ اجازت
کی فکر ہوا ہو پا کے فرصت

پھر سو سنجا مٹے گا نام اپنا — حیلے سے نکالو کام اپنا

سر کے بل قبلہ رو چلا وہ — یون باپ کے روبرو گیا وہ

کعبے کو سیاہ پوش دیکھا — شمعِ دل کو خموش دیکھا

وہ نورِ بصر نظر جو آیا — پہلو مین بجائے دل بٹھایا

کی عرض معاف ہو جو تقصیر — بسمل ہون برائے صید و نخچیر

طفلی سے شکار کی ہی عادت — درکار ہے شاہ کی اجازت

سلطان نے کہا بصد تاملؔ — بلبل کی قضا ہے فرقتِ گل

کس دل سے کرون مین تمکو رخصت — ممکن نہین تن سے دلکی فرقت

امید رکھو نہ یہہ پدر سے — پتلی کو جدا کرے نظر سے

سوچو تو ذرا کہ جانِ بابا — چھہ زخمون کے ایک تم ہو پھاہا

بولا بادب وہ شاہزادہ — ہو دولت و عمرِ شہ زیادہ

گو صورتِ صبر ہون مین جاتا — پر شکلِ خیال ابھی ہون آتا

حافظ ہے خدا کہا کہ جاؤ — تشویش سے پہلے پھر کر آؤ

رخصت ہوا شہ سے شاہزادہ — ساتھی تھے سوار کچھہ پیادہ

بیتابیِ شوق مین چلا وہ — جانا کیسا ہوا ہوا وہ

عجلت سے کی قطعِ راہ یکسر — گویا تھا سوارِ دوشِ صرصر

بیراہ وہ روبراہ ہوکر — خود کھو یا گیا تھا راہ کھوکر

جب نام کو نقشِ پا نہ پایا — حیرانی نے نقشِ پا بنایا

رہوار کو راہ رو نے اکبار — مہمیز کیا براہِ ہموار

زوروں پہ چلا مثال صرصر — پہنچا تھا اسے خیالِ صرصر
پہنچا اک دشتِ پُر دغل مین — دابے ہوئے شوق کو بغل مین
تھا دشت پُر از گُل و ریاحین — ہمشکلِ نگارخانۂ چین
تھا دشت مین ایک عالمِ ہُو — پیدا ہوا دور سے اک آہو
آہو کے لباس مین پری تھی — یا حور کی جلوہ گستری تھی
یا کر کے کسی نے آہ جادو — معشوق بنا دیا تھا آہو
یا خُلد سے اک غزالِ رعنا — آیا تھا برائے سیرِ دنیا
صحرا کے تھا دل کا چین آہو — اُس دشت کا نورِ عین آہو
شہزادہ نے جب غزال دیکھا — دل سینہ مین پائمال دیکھا
خود رفتہ زکار ہو گیا وہ — آہو کا شکار ہو گیا وہ
عنقا کا وہ یادگار پایا — ہم شکلِ ہُما شکار پایا
لشکر کو دیا یہہ حکم اکبار — زندہ آہو کرو گرفتار
آہو جانے نہ پائے سُن لو — پامردی کی دست برد سمجھو
گھوڑوں کو سپاہ نے دبایا — اُس دشت مین زلزلہ سا آیا
دیکر اُسے چند بار پھیرا — صیادوں نے صیدِ مفت گھیرا
آہو دلِ حلقۂ سپہ تھا — مرکزِ خواہش کے دایرے کا
تھا چشمِ سپاہ کا وہ تارا — آنکھوں سے کہین زیادہ پیارا
لشکر کی صلاح بند کیجے — آہو کا ارادہ راہ لیجے
دیکھی جو یہہ رستخیز بیجا — سمجھا کہ ہے آج حشر برپا

عاجز بہ دست و پا ہوا وہ
سر پیر کو سونگھنے لگا وہ

سوچا کہ چلو یہاں کوئی داؤں
وحشت کے نکالو پیٹ سے پاؤں

کب اُن کو بہ اشکار تھا وہ
اک جست میں سب کے پار تھا وہ

موقع جو ملا پئے ضرورت
تڑپا وہ چلا ہوا کی صورت

جوّالہ تھا برق یا شرارا
ٹوٹا ہوا یا فلک کا تارا

رفتار کو خاک باد پہنچے
پیدل تھے سوار اُس کے آگے

رہوار جو تیز تھے پری سے
تھک تھک کے گرے سکندری سے

غایب ہوا بھرکے وہ طرارے
منہ دیکھکے رہ گئے یہ سارے

پیچھا کرتے وہ کیا ہرن کا
سب نشۂ مردمی ہرن تھا

تھک تھک کے گرے کھڑے کھڑے وہ
مر مر کے جیے پڑے سے پڑے وہ

آہو کی تلاش میں تھے برباد
گر پڑ کے غرض کی خاک آباد

ہر جا پہ گرے مثالِ جادہ
جادہ سے بنے بھر شاہزادہ

درماندہ و راندہ ہر نفر تھا
اُفتاد کو فوج کی جو دیکھا

شہزادہ نے اسپ کو اُڑایا
خود باد نے باد پا نہ پایا

آہو کا سراغ بر ملا تھا
پس ماندوں کا ڈھیر نقشِ پا تھا

پیچھے تھا ہرن کے شاہزادا
آگے بڑھتا تھا وہ ہوا سا

ہر گام پر اک چمن بناتا
صحرا رشکِ ختن بناتا

رفتار کا اُس کی یہ چلن تھا
جو نقش تھا برگِ یاسمن تھا

اول ہی قدم پہ گر پڑا تھا
منہ دیکھکے سایہ رہ گیا تھا

سایہ کیا اُس کا ساتھ دیتا | گرتا ہی نہ تھا زمین پہ سایا
صحرا مین پہاڑ ریت کا تھا | حدّت مین وہ گرم بھاڑ سا تھا
ذرّون کے دھک رہی تھی اخگر | صحرا کے چمک رہے تھے اختر
صحرا مین مفر نہ جبکہ پایا | کُہسار کے رخ قدم اُٹھایا
جب دامن کوہ ہاتھ آیا | دہشت نے پہاڑ پر چڑھایا
جاتا تھا عقب مین شاہزادہ | بالجزم کیے ہوئے ارادہ
زحمت سے مگر دوادوش کی | حالت ہوئی اسپ کی ردی تھی
رہوار نے کی عقب گزاری | دی موت کو جان کی سواری
تھا شوق سوار یہہ پیادہ | حیرانی تھی پیش پا فتادہ
طالع کی سمجھ کے ارجمندی | پستی سے چلا سوئے بلندی
نیچا جو پہاڑ کو دکھایا | اونچا ہو اوہ بلند پایا
دنبالِ غزال شاہزادہ | سرگرمِ تلاش پا پیادہ
کندھے پہ صبا کے جا رہا تھا | گھوڑے پہ ہوا کے جا رہا تھا
وہ بھی تھا مگر بلا کا آہو | از سرتا پا ہوا کا آہو
کچھ دور چمک کے جیسے تارا | نظرون سے چھپا وہ آشکارا
غایب جو نگاہ سے ہوا وہ | پردہ سا نظر سے اُٹھ گیا وہ
آنکھون مین چھپا نگاہ ہو کے | سمجھا جادو کے تھے یہہ دھوکے
آہو کے تھا گرد شاہزادہ | اسرار سے سیر ہوا زیادہ
تکتا ششدر وہ چار سو تھا | دیکھا اک کوہ روبرو تھا

تھا رفعت کشیدہ وہ کوہ — سیارۂ ریگ کا تھا انبوہ
جگنو کی طرح چمک رہے تھے — کندن کی طرح دمک رہے تھے
حیرت جو ہوئی اُسے زیادہ — کہنے لگا دل مین شاہزادہ
مدت سے یہہ سُنتے ہین کہانی — موسیٰ کی زبانی لن ترانی
یہہ کوہ جو سامنے کھڑا ہے — اک پردہ سا ظاہرا پڑا ہے
شاید یہی جلوہ گاہ پائین — موسیٰ کیطرح سے دیکھ آئین
دل دید کے شوق نے ستایا — مشتاقانہ قدم بڑھایا
اُس کوہ سے اُترا وہ پریزاد — ہمت سے بڑھا وہ پاک بنیاد
دو برجون مین آفتاب آیا — ذرّون پہ پڑا قمر کا سایا
درجے مین فلک رکاب تھا وہ — دو برجون کا آفتاب تھا وہ
مثلِ موسیٰ وہ آدمی زاد — آیا کوہِ دگر پہ دلشاد
شہزادہ سے پائی ارجمندی — دونی ہوئی اُس کی سربلندی
تھا شوقِ فرازِ کوہ لایا — قسمت نے نشیب کو دکھایا
ہم پایۂ عرش جو قدم تھے — لیتے کفِ ریگ پر وہ دم تھے
تھا رنگِ حنا کا بار جنکو — فرشِ گلِ ناگوار جنکو
خارون نے دئیے جو خار پرخار — صد برگ سے ہوگئے وہ افگار
آنکھون کی رہی یہ شان باقی — پانی کا نہ تھا نشان باقی
آنکھین پانی مین پھیرتی تھین — خالی وہ حباب رہ گئی تھین
تلوے بھی فقط نہین چھدے تھے — کانٹے تالو مین پڑگئے تھے

جویا خود آب کی ہوئی تھی | تالو سے زبان نکل گئی تھی

پردہ لب کا اُٹھا رہی تھی | بے پردہ لبون پر آ رہی تھی

آئینہ دل تھا پُر کدورت | حیرت نے دکھائی غم کی صورت

تکلیف سے گھٹ گئے ارادے | گھیرے سختی کے تھے پیادے

نازک تھی طبیعتِ گرامی | جی کو تھی ڈبوتی تشنہ کامی

بے مہری سے مہر پیش آیا | جلتی ہوئی دھوپ مین جلایا

کیا قہر تھی مہر کی عداوت | وہ دن تھا پہاڑ سا قیامت

تھے بادِ سموم کے وہ جھونکے | جس شکل سے کوئی بھاڑ جھونکے

جس رو سے گلاب منفعل تھا | جس رخ سے کہ آئینہ خجل تھا

پہنچا اُسے مہر سے یہ آزار | انگارے تھے گُل سے مُنہ پہ رخسار

شعلے جو بھڑک رہے تھے مُنہ پر | جاتا تھا یہ رنگ رُخ سے اُڑ کر

اُس دشت مین ریگ کی وہ گرمی | لوہے کو بھی دے رہی تھی نرمی

چکر مین تھا چرخِ چنبری تک | جلتے تھے وہان پر پری تک

پر طایرِ روح کے جلے تھے | طوطے ہاتھون کے اُڑ چلے تھے

جاتے نہ حواس خمسہ کیونکر | خمسہ متحیرہ تھا ششدر

آتا تھا سخن وہان جو لب پر | ہوتا تھا وہ دم مین بھاپ جل کر

چھوڑے دیتا تھا ساتھ سایا | اپنا جو تھا ہو گیا پرایا

وہ بدر ہلال ہو گیا تھا | خورشید زوال مین پڑا تھا

وہ مضطرب الحواس ہو کر | کہتا تھا یہ صیدِ یاس ہو کر

اس غم کا بھلا علاج کیا ہو ... اس روز کی فکر آج کیا ہو
چھاتی پہ پہاڑ ہین جو غم کے ... ٹالے سے نہین ٹلینگے دم کے
سورج کی کرن سے ذرّہ ذرّہ ... الماس کا ہو رہا تھا ریزہ
وہ تاب چمک دمک کہ گویا ... الماس نگار تھا وہ صحرا
پُرزر ذرّون کا تھا خزینہ ... انبار تھا ریت مین دفینہ
ہمت کا ملا تھا ظرفِ عالی ... گنجِ قارون پہ خاک ڈالی
لایا نہ خیال مین مصائب ... مردانہ چلا وہ ایک جانب
اُس لو مین وہان جو چل رہی تھی ... کچھ تھوڑی سی راہ قطع کی تھی
سر پھرنے لگا گرا وہ تھک کر ... کھاتا تھا نظر مین دشت چکّر
بیدم وہ ہوا بنی جو دم پر ... دم لینے لگا وہ بیٹھ دم بھر
لیکن نہ ہوا ذرا پریشان ... از کردۂ خود نہ تھا پشیمان
اللہ ری اُس کی پائے مردی ... کہتا تھا یہی ہے جائے مردی
تقدیر نمک نہین کہ پھوٹے ... کچھ آس کمر نہین کہ ٹوٹے
آئینہ نہین کہ ہون مین حیران ... کچھ زلف نہین کہ ہون پریشان
ہمت نہین نقدِ دل کہ ہارون ... دولت نہین غم کہ لات مارون
دل مین یہی کہہ رہا تھا وہ ماہ ... تقدیر نے گُل کھلایا ناگاہ
صحرا مین چمن ہوا نمایان ... ظلمات مین جیسے آبِ حیوان
بلبل سا وہ باغ باغ ہو کر ... مستانہ چلا سوئے گُلِ تر
رفتہ رفتہ وہ راہ چلتا ... ڈرتا ڈرتا قریب پہنچا

خرم ہوئی کشتِ زندگانی
سوکھے وہان پڑا جو پانی

پانی نہ پھرائے منہ مین کیونکر
تشنہ کو ملا تھا عین کوثر

آرام چمن سے دل نے پایا
نکلا جو کھٹک رہا تھا کانٹا

دیکھا اک باغ رشکِ فرخار
درمانِ مرض دوائے آزار

دنیا مین بہشت کا نمونا
لیکن نزہت مین اُس سے دونا

طناز نگار محوِ مستی
گلگونہ نوعروسِ ہستی

جب سے ہوا یہہ گلِ یگانہ
غازہ کشِ چہرۂ زمانہ

گلزارِ ارم ہوا پریشان
خلدِ شدّاد دشتِ ویران

جنت مین ہین خال خال غلمان
گلشن مین چمن چمن ہین پریان

حورون کی جو شاخ وان لگی ہے
صورت مین یہہ خلد بھی پری ہے

اُس باغ مین اک شجر نیا تھا
پھل پھول سے برگ سے لدا تھا

اس مرتبہ تھی بلند ہر شاخ
طوبیٰ سے ملی تھی شاخ در شاخ

عشاق مین تھی یہہ اُسکی شہرت
ہر شاخ ہے اک صراطِ جنت

تھا بیخِ شجر مین ایک رخنہ
کوثر کا بہا تھا اُس سے چشمہ

پژمردہ دلون کا راحتِ جان
پانی اُس کا تھا آبِ حیوان

ڈوبا ہوا آب آب مین ہے
پانی یہی ماہتاب مین ہے

الماس مین یہہ جلا کہان ہے
پانی یہہ کہان ضیا کہان ہے

گوہر کی وہ آبرو تھا پانی
خورشید کا ماہرو تھا پانی

سرچشمہ آفتابِ زیبا
اُس چشمہ سے آب آب دیکھا

اُس چشمہ میں اسطرح تھا پانی | آنکھوں میں ہے جس طرح سفیدی
کوثر کے لبوں پر آبلے تھے | اُبلا تھا حسد حباب ہو کے
پانی میں مزا نبات کا تھا | جانی آبِ حیات کا تھا
مینا میں وہ آب تھا گلابی | تھا جام میں رنگ آفتابی
پُر کیف تھا کیا اُس آب کا گھونٹ | ہر جرعہ تھا اک شراب کا گھونٹ
گزری ہیں جہان میں جتنی عاشق | معشوق ہوئے ہیں جو کہ صادق
اُس چشمہ کے گرد تھے فراہم | مصروفِ نیاز و ناز باہم
عاشق کے سوا بشر نہ دیکھا | سائے کا وہاں گزر نہ دیکھا
عشاق نے دھوم تھی مچائی | نالوں کی فلک پہ تھی چڑھائی
شیریں فرہاد کہہ رہا تھا | لیلا مجنوں پکارتا تھا
وامق سے جھگڑ رہی تھی عذرا | تھا دامنِ یوسف اور زلیخا
نل محوِ نظارۂ دمن تھا | وابستۂ زلفِ پُرشکن تھا
یوسف سے سوا عزیز کو تھا | اک شاہدِ دلنواز پیارا
تھا عاشقِ باصفا چترسین | پدماوت نازنین سے بے چین
فرخ تھی بکاؤلی شیدا | گلرخ تاجُ الملوک بھی تھا
اُس چشمہ آفتاب کے گرد | سیّاروں کو تھا شراب کا درد
میخواروں میں غلغلہ بپا تھا | ہر بونگ کا غل فلک رسا تھا
اک ایک پہ مست گر رہا تھا | دے جام کا شور برملا تھا
قاضی کی کچھ ایسی منہ لگی تھی | پھرتی تھی دہائی دخترِ رز کی

مر مر کے وہ مست جی رہے تھے — چھک چھک کے شراب پی رہے تھے
پی پی کے وہ مئے بہک رہے تھے — بلبل کی طرح چہک رہے تھے
اپنے قصے سُنا رہے تھے — افسانے ہزار گا رہے تھے
چشمے مین کوئی نہا رہا تھا — اک وجد مین کوئی گا رہا تھا
اک کرتا تھا عاشقانہ گفتار — اک پڑھتا تھا صوفیانہ اشعار
طنبورے پہ تھے بجا رہے گت — گت ناچ رہے تھے ہوکے بے گت
دیکھا جو وہ رقصِ عاشقانہ — مستانہ سُنا جو وہ ترانا
نُہ گنبدِ چرخ ہو گئے دنگ — فق ہو گیا مہر و ماہ کا رنگ
محوِ شش و پنج ہفت اختر — سب کے تھے حواسِ خمسہ ششدر
چشمِ حیرت بنا سراپا — انگور کا خوشہ تاکتا تھا
اس جلسہ کو دیکھکر صنوبر — سکتے مین کھڑا تھا اک روش پر
نرگس حیرت سے دیکھتی تھی — سوسن جلکر یہہ کہہ رہی تھی
چشمہ ہوا نذر جام و ساغر — صد آفرین ایسی میکشی پر
کیا کھائی قسم ہے تونے ساقی — اک بوند نہ رہنے پائے باقی
تجھسے ہے یہہ التجائے سوسن — کچھ چھوڑ برائے اہلِ گلشن
کس یاس سے تک رہی ہین دیکھو — سب بادہ کشانِ باغ تجھکو
وا بندِ قبا کیے ہوئے گل — ساغر ہین لیے کھڑے پیے مل
قمری کا غلام سروِ آزاد — مستِ گل عندلیب ناشاد
منت سے یہہ کہہ رہی ہین ناکام — دو بہرِ خدا شراب کا جام

چشم حیرت کیے ہوئے وا — معشوقانِ چمن تھے شیدا
پھرتا ساغر سے منہ نہیں ہے — رندون کو ہزار آفرین ہے
تحسین کا شور بر ملا ہے — ہر لب پہ کلامِ مرحبا ہے
سودائے شراب وہ ہی سر مین — پی لین چشمہ کو اک نظر مین
شہزادہ جب اُس چمن مین آیا — ہنگامہ بپا عجب پایا
جلسہ جو وہ دلفریب دیکھا — وہ ہوش و خرد ربا تماشا
سمجھا کہ ہے کائنات افسون — بیداری مین خواب دیکھتا ہون
کرتا تھا کھڑا نگاہ گم صُم — کہتا تھا پھنسے طلسم مین تم
شہزادہ تھا ہوش باختہ و تنگ — اور راہ کی ماندگی سے دل تنگ
دیکھا جو وہ آبِ زندگانی — مُنہ پر پھرا اُس گہر کے پانی
پژمردہ نے چشمہ دیکھ پایا — اُس آبِ حیات مین نہایا
جو جسم کہ گرد مین تھا پنہان — نکلا چشمہ سے ماہِ تابان
کھانے پینے کی چیز پائی — خواہش کی لگی ہوئی بجھائی
درماندہ تھا راہ کا تھکا وہ — اک سایہ مین جا کے پڑ گیا وہ
آنکھون مین جو شکل خواب پائی — کچھ صورتِ عیش ہاتھ آئی
آسایشِ خواب کا تھا جویا — غفلت کی وہ نیند بھر کے سویا

تیسری داستان

ملاقات کرنا ملکۂ رشک پری کا شاہزادۂ ماہ رخ سے

اور مہمان رہنا شاہزادہ کا دو ہفتہ اُس طلسم نادر زمین ۔

کرنا ہے جو عاشقی کا سامان
نقطوں سے قلم ہوا گُل افشان

حالِ رشکِ پری رقم ہے
رشکِ بالِ پری قلم ہے

صفحہ پہ ہے کلک شعبدہ باز
جادو نفسی سے سحر پرداز

معجز رقمی سے کلکِ گلگون
بیان کرتا ہے انکشافِ افسون

وہ نہر و چمن وہ جلسۂ گُل
تھا شعبدۂ طلسم بالکُل

فرخ تھا خدیوِ باسعادت
تھی قاف سے قاف تک حکومت

اک رشکِ پری تھی اُسکی دختر
جانِ انسان پری کی دلبر

اُس حور کی سیرگاہ تھا باغ
فردوس کے دل پہ اُس کا تھا داغ

تھی عاشقِ ماہ رخ وہ گلفام
یہہ نام تھا اُس کے دل کا آرام

جاسوس نے اپنا وقت پاکر
مژدہ یہہ دیا پری کو آکر

کچھ آج عجیب گُل کھلا ہے
صحرا گلزار بن گیا ہے

روشن گُل کا چراغ ہے آج
جو نخل ہے باغ باغ ہے آج

بختِ صحرا نے کی جو یاری
شہزادہ کی آگئی سواری

مصروفِ شکار و صید ہے اب
خود صید شکار ہو گئے سب

مخبر نے جو یہہ خبر سُنائی
مُنہ مانگی مراد اُس نے پائی

سوسن سے کہا بمہربانی
درکار ہے تیری جانفشانی

لسّان و زبان دراز ہے تو
مشہور کرشمہ ساز ہے تو

باتون مین اُسے لگا کے لے آ — جس طرح پھنسے پھنسا کے لے آ
سوسن کہ غضب تھی پُر شرارت — بولی ہنسکر خدا کی قدرت
ہو آپ کو شوقِ عشق بازی — دکھلاؤن مین اپنی کارسازی
یہ کہکے ہوئی روانہ خودکام — سو طرح کے مکر کے لیے دام
پہنچی صحرا مین وہ خودآرا — کرتی ہوئی چار سو نظارا
کہتی تھی کرو کچھ ایسی تدبیر — جو پٹ نہ پڑے مثالِ تقدیر
یکبار گی اُس نے کرکے جادو — قالب بدلا بنی وہ آہو
عنقا کے شکار کو چلی وہ — شہزادہ کے روبرو گئی وہ
صیاد کی فکر مین ہُما تھا — نخچیر ہوا تھا صید جو یا
اُلٹی تسخیر ہو رہی تھی — اِنسان کو پھانستی پری تھی
سوسن جو ہوئی اُدھر روانہ — تشویش کا مل گیا بہانہ
سودے کی بڑھی جو خودسری تھی — انسان کی منتظر پری تھی
دروازے پہ ٹکٹکی بندھی تھی — رستے پہ نظر لڑی ہوئی تھی
تھی بیم ورجا کی بے قراری — کہتی تھی یہی ہزار باری
کھلتا نہین وجہ دیر کیا ہے — حیران ہون مین کہ پھیر کیا ہے
کیا جانیے دیر کیون لگائی — کہکر گئی تھی ابھی مین آئی
دیکھا ناگاہ اُس کو آتے — پوچھا بے ساختہ پری نے
سوسن آئی کہا کہ آئی — لو گل پہ عندلیب لائی
جس گُل کے لئے بنی ہے بلبل — ہے باغ مین وہ کھلا ہوا گُل

یہہ کہکے سنائی سب کہانی
اظہار کی اپنی جان فشانی

قالب وہ غزال سے بدلنا
حلقے سے وہ فوج کے نکلنا

لانا سر شہزادے کو لگا کر
چھپنا اپنا نظر بچا کر

پوشیدہ کیا وہ راز ظاہر
در پردہ کیا پری کو ماہر

سوسن سے سنا تمام قصہ
بولی ہے فریب تیرا حصہ

تیرا ہی یہہ کام تھا مری جان
سوسن شاباش تیرے قربان

سینہ سے لگا لیا پری نے
ہوتے ہین صلہ کے یہہ قرینے

اس پردہ مین رازِ دل جتایا
تاکیدِ اکید سے بتایا

اس راز سے ہوشیار رہنا
اس پردہ کی پردہ دار رہنا

یہہ روزِ فراق جب ہو رخصت
آئے جو شبِ برات بعجلت

جب ماہ ہو وسطِ آسمان مین
پھیلا ہوا خواب ہو جہان مین

سب سونے کی لالچی پڑے ہون
جھنڈے غفلت کے جب گڑے ہون

بند آنکھہ ہو بد نظر کی جس پل
غماز کے لب ہون جب مقفل

خواب آشنا چشم نرگسی ہو
نرگس کی بھی آنکھہ جب لگی ہو

ہو دزدِ حنا زمین کا پیوند
سوسن کی زبان بدی سے ہو بند

سوسن کہ ظریف تھی نہایت
بولی کہ حضور کی عنایت

قربان گئی کنیز بندی
لونڈی کی ہے کیون زبان بندی

اس کار کا کیا صلا یہی ہے
انصاف کا مقتضا یہی ہے

ثابت نہ کیجیے خطا کو
لونڈی پہنچیگی خود سزا کو

دیکھا دنیا کا کارخانہ
نیکی کا نہین رہا زمانہ

لائی گلچین کو ہون اُٹھا کر
آتی ہون ابھی ہوا اتبا کر

سوسن سے کہا پری نے ہنسکر
شوخی نے کیا ہے تجکو خودسر

آفت کی بنی ہے تو قیامت
تیری رگ رگ مین ہے شرارت

باز آئی نہ اپنی حرکتون سے
فرصت ہی نہین ظرافتون سے

سمجھی کہ زبان دراز ہے تو
کیا کوسون کہ چارہ ساز ہے تو

اے چرب زبان سمجھ تو دل مین
سختی نہین میری آب و گل مین

سمجھا تو مجھے ذرا خدارا
کیا رسم جہان نہین مدارا

کچھ رسم نئی نہین ہے منظور
دنیا کا سنو یہی ہے دستور

مہمان جو عزیز گھر مین آئے
یوسف کی طرح سمجھ کے لائے

خاطر سے سر آنکھون پر بٹھائے
دل جان سے اُس کے کام آئے

بولی سوسن کہ پھر مجھے کیا
لیلا نہین آپ یا زلیخا

الفت کا مجھے مرض نہین ہے
مطلب نہین کچھ غرض نہین ہی

عادت نہین اپنی دیدہ بازی
آتی نہین مجکو جعلسازی

چاہت کا نہین ہے ذوق مجکو
مردون سے نہین ہی شوق مجکو

ناجنس کی صحبت آشکارا
ہے ہے مرا دل کرے گوارا

کب مجھسے بھلا یہہ کام ہوگا
بدنام جہان مین نام ہوگا

مان باپ کو منہ دکھاؤنگی کیا
عصمت کھو کر مین پاؤنگی کیا

بدراہ اگر چلون گی مین راہ
مان باپ نہ جینے دینگے واللہ

جہان ہوگا وہ جس کا ہو گا
مجھکو انعام بانٹنا ہوگا

وہ یوسف چاہ تم زلیخا
مجنون ہی کے واسطے ہے لیلا

بولی وہ پری بصد ادائی
اس منہ پہ ہے اس قدر ڈھٹائی

ساتھی نہین گر مری غرض کی
پھر آپ وہ اہین کس غرض کی

مردون کے نہ تھے جو تمکو لپکے
ہمراز ہوئی تھین کیا کسیکے

ظاہر کرتی ہے بیحیائی
جامہ کی تمھارے پارسائی

ایسی بھی مجھے نہین خوش آئی
اے گیسو بریدہ شوخ چشمی

اللہ رے تیرا شوخ دیدہ
آفت کی ہے تو دہن دریدہ

ہے شرط کہ جرم کی سزا دون
گدی سے تری زبان کھنچوادون

ہنس ہنس کے ہین لگی رلانے
بن بن کے ہین لگی بنانے

بہروپیاپن نہین خوش آتا
مجھکو نہین چوچلا یہ بہاتا

بس ہو چکی دل لگی چلو جاؤ
صدقہ کچھ ہوش پر سے دلاؤ

نخرے نہ بگھارو اب زیادہ
تنہا ہے چمن مین شاہزادہ

چھائی کرو تم اُس کی جاکر
لیجانا مجھے بھی وقت پاکر

تیوری جو چڑھی پری کی پائی
سوسن سے وہ ہین زبان پائی

آنکھون سے وہ کہہ کے خادمانہ
گلشن کی طرف ہوئی روانہ

کہتی تھی ادھر یہ رشک شمشاد
خود بین ہوتے ہین آدمی زاد

اے حسن یہ وقت دلبری ہے
تیری ہر اک ادا پری ہے

اے ناز دکھا کچھ اپنے انداز
ہو جا انداز سر بسر ناز

اے عشوہ و کرشمہ بار رہنے جا
شہرت ہی تو گلے کا ہار رہنے جا

سب ملکے کریں کچھ ایسا ساماں
شہزادہ ہو لاکھ دل سے قرباں

دیکھیں وہ تمہاری بات جاوے
انسان پری کے ہاتھ آئے

حاضر ہوئی آ کے شہ دکھائی
آرائشِ حسن کی سوجھائی

زینت کا خیال دل میں آیا
آئینہ خواص نے دکھایا

اُلجھایا جو زلفِ عنبریں نے
شانہ لیا دستِ مہ جبیں نے

صیاد دل کا خیال آیا
زلفوں کو کمندِ دل بنایا

موتی جب مو بمو پروئے
تاروں میں پڑے سیاہ ڈورے

سرمہ آنکھوں میں کچھ لگایا
جلوہ شبِ طور کا دکھایا

دنبالے پہ سلائی کو جو پھیرا
ظلمات کا بڑھ گیا اندھیرا

تابش سے گہر کی تھا وہ طرّا
چشمک زنِ خوشۂ ثریّا

ہر شانہ پہ دامِ مو بچھا کر
بیٹھی پئے صیدِ دل وہ خودسر

ہلکا ہلکا نفیس زیور
الماس و گہر کا کچھ پہن کر

جوڑا پوشاک کا وہ پہنا
جس جوڑ کا جوڑ تھا وہ گہنا

اُترا جوڑا جو تھا بدن کا
وہ باغ میں گل کا پیرہن تھا

ششدر ہوئی دیکھ اپنی صورت
بڑھتی گئی حسن خیز حیرت

بلوائیں خواصیں چند ہمراز
شب کے پردے میں تھیں جو دمساز

پہنا کے لباس و زیورِ نور
اُن سب کو بنا کے غیرتِ حور

اُس مہ نے کیے وہ چند اختر
ہمراہی کے واسطے مقرر

سوسن کا تھا انتظار اُس کو ❊ ہر لحظہ تھا انتشار اُس کو

بیتاب پری شوق سے تھی بسمل ❊ قالب تو یہان تھا باغ مین دل

بیٹھی تھی اِدھر یہہ دل شکستہ ❊ آپہنچی وہ ہُد ہُدِ خجستہ

اُس نے جو کہا چلو چمن مین ❊ پھولی نہ سمائی پیرہن مین

بلقیس نمط چلی خرامان ❊ وہ رشکِ پری سوئے سلیمان

پریان حلقہ زدہ تھین ہمراہ ❊ ہالے مین چلی وہ غیرتِ ماہ

جاتا تھا پئے قرانِ خورشید ❊ عقدِ پروین شگفتہ اُمید

اُس شب کا یہہ ماجرا تھا گویا ❊ مہتاب تھا آفتاب جویا

انجم کا زمین پہ کاروان تھا ❊ یا بقعۂ نور اک روان تھا

تھے سروِ روان مگر چراغان ❊ یا شعلۂ طور تھا خرامان

یا ماہ کے گرد تھے ستارے ❊ یا شعلے کے ساتھہ تھے شرارے

انجم وہ ملے تھے آکے باہم ❊ جملہ سعدین تھے فراہم

دیکھا جھرمٹ مین ماہ پارا ❊ ٹوٹا پڑتا تھا ہر ستارا

حورین صورت پہ مر رہی تھین ❊ ہمراہی مین جان کر رہی تھین

ٹوٹی پڑتی تھین شکلِ اختر ❊ صدقے ہوتی تھین اُس پری پر

سیارون کی انجمن روان تھی ❊ اُس ماہ کی راہ کہکشان تھی

گھٹتا گیا جس قدر کہ جادہ ❊ بڑھتا گیا شوقِ دل زیادہ

اِنسان کی بُو جو اُس نے پائی ❊ قالب مین پری کے جان آئی

جلدی جلدی قدم بڑھا کر ❊ آئی شہزادہ کے برابر

دیکھا جو وہ آفتاب صورت
حیرت نے بنا یا اُس کو مورت

پیدا ہوئی سنسنی بدن مین
پھرنے لگا خون ساری تن مین

خاموش پری تھی محوِ دیدار
نیک و بد سے نہ تھا سروکار

ارمان سا پری کے دل مین آیا
آنکھون مین نگاہ سا سمایا

تن دادہ کشمکش تھی وہ ماہ
تھی شوق و حیا مین جنگ ناگاہ

اک ولولہ محبت آیا
بے پردہ حجاب کو اُٹھایا

آہستہ اُٹھا کر اُس کے سر کو
فردوس بنایا اپنے بر کو

کر کے نظرون مین پیار اُسکو
دل کا کیا خانہ دار اُس کو

قسمت سے پڑا ہوا جو پایا
سوتے ہوئے بخت کو جگایا

چار آنکھین ہوین بہم جو ناگاہ
کھینچی بے اختیار اک آہ

آنکھین تھین یا شہاب ثاقب
چمکے دو بخت کے کواکب

نظرین تھین یا چھری کٹاری
دونون کو ملی جگر فگاری

دونون کے دلون سے ہو گئے پار
دو تیرِ نگاہ تا بہ سوفار

زخمی یہہ اِدہر اُدہر وہ گھائل
دونون کے حواسِ خمسہ زائل

جاگا جب وہ بلند پایا
سرزانو پہ اک پری کے پایا

خوش ہو کے کہا کہ چشمِ بد دور
بالین پہ مرے ہے جلوۂ طور

مجھپر نہ ہو کیون خدا کا سایا
سر پر ہے مرے ہما کا سایا

کہتا تھا کہ خواب ہے مقرر
چشمہ نہین ہے یہہ نہرِ کوثر

یہہ باغ ہے بوستانِ جنت
اللہ نے حور کی عنایت

دل میں ہوا شاہزادہ خورسند   آنکھیں کر لی مزے میں پھر بند

کہنے لگی وہ نگار کیا خوب   یہہ بھی کوئی خواب کا ہی اسلوب

انسان کا بخت جب ہو بیدار   سوتا اُس کو نہیں سزاوار

اُس شخص سے یہہ کرے بہانے   بیداری و خواب جو نہ جانے

قربان مزاج کے تمھارے   رحم آیا نہ زانو پہ ہمارے

یہہ کہکے پری نے سر اُٹھایا   زانو عوضِ ہوس نکالا

اُلفت میں ہوا جو مبتلا وہ   ہم صورتِ دولہ اُٹھا وہ

اُٹھتے ہی ہوا پری کے قربان   صدقے ہو کر کہا مری جان

میں اس خفقان میں مبتلا ہوں   بیدار ہوں یا کہ سو رہا ہوں

فرمائیے ہو یہہ وسوسہ دور   آدم ہیں پری ہیں آپ یا حور

ہنگامہ جور و بیر و بپا ہے   اصلی کہ نمودِ سیمیا ہے

بولی وہ نگار مسکرا کے   تم ظاہرا خواب میں ہو جاگے

احوال ہو منکشف ہمارا   تکلیف اگر کرو گوارا

منظور اگر نہ ہو بہانہ   کچھ دور نہیں غریب خانہ

بولا وہ پری سے شاد ہوکر   انسان کا یہہ کہاں مقدر

وہ رشکِ پری کا ہوئے مہمان   جو وقت کا اپنے ہو سلیمان

بولی حیرت سے وہ گل اندام   شاید ہوتا ہے تمکو الہام

بیوجہ نہیں کلام میرا   جانا کس طرح نام میرا

سمجھا رشکِ پری ہے یہہ ماہ   پاسخ اُس نے دیا کہ واللہ

یہہ نامِ عزیز ازل سے دلبر　　کندہ ہے ہرے نگینِ دل پر

کرتے ہوئے پیار کی وہ باتین　　پہنچے کاشانۂ پری مین

بارہ دری اک بلور کی تھی　　گویا کہ ڈھلی وہ نور کی تھی

آغوش کشادہ تھے وہ دریا　　تھی عشق کی چشم منتظر وا

گویا کہ سجی عروس رعنا　　نوشاہ کا دیکھتی تھی رستا

رفعت مین فلک قباب تھی وہ　　منزل تھی دو آفتاب کی وہ

داخل ہوے جیسے جان تن مین　　دو روح حسین در آئین اک بدن مین

اک برج مین تھا قران سعدین　　ہو دیکھ کے جس کو رشک پروین

دو مروارید اک صدف مین　　ثانی جن کا نہین نجف مین

اک بیت مین اجتماعِ ضدین　　گلزارِ جہان کے زینت و زین

بیٹھا مسند پہ مثل جسم کے　　شکلِ نقشِ مراد جسم کے

تھی رشک پری عروسِ تقدیر　　بیٹھی پہلو مین شکل تصویر

زانو سے ملا کے یار زانو　　دونون بیٹھے تھے چار زانو

دونون مسند نشینِ اقبال　　تھے با جاہ و جلال و اجلال

رونق دہ چاربالشِ ناز　　باہم ہوئی چھیڑ چھاڑ آغاز

شہزادہ نے دل مین مسکرا کر　　زانو آہستہ سے دبا کر

اُس گل سے کہا کہ جانِ عاشق　　صدقے ترے روح و روانِ عاشق

گو حسنِ بتان ہے بیوفائی　　ہے وعدہ کے واسطے وفائی

سر کو اُس شوخ نے جھکا کے　　نیچی کرکے نظر حیا سے

سونا نہ دوا اسے لب کو کھولا — باتون مین یہہ اُس نے قند گھولا
یہہ امر ہوا اب آشکارا — جلدی کا مزاج ہے تمھارا
تمنے یہہ سنا نہین ہے شاید — دیر آید اگر درست آید
ہر بات مین تھا نبات کا لطف — اُس جان سے تھا حیات کا لطف
مصری کی ڈلی ہر ایک فقرہ — یا قند و نبات کا تھا کوزہ
خاموش ہوئی وہ ماہ پارہ — سوسن کی طرف کیا اشارہ
تھی منتظرِ اشارہ سوسن — اُٹھی مثلِ شرارہ سوسن
اربابِ طرب کو لیکر آئی — اسبابِ طرب کو لیکر آئی
موجود کیا بہ تیز دستی — سامانِ نشاط و مئے پرستی
نرگس نے شراب کیتکی کی — بھر بھر کے گلابیون مین رکھی
مسرور و باغ دل ہوا تر — دونون نے پئیے جو چار ساغر
سازندے جب ملا چکے ساز — مطرب نے کیا سرود آغاز
وہ طبلہ نواز تھا طبلیا — تھا بامِ فلک پہ جس کا ٹھیکا
اِنسان کیا حور کی پری کی — سنگت کرتا تھا مشتری کی
پردے مین عروسِ دلربا کے — اسرار کے بول بج رہے تھے
الفاظِ غزل تھے صورتِ دُر — نورانی گلے تھے نور کے سُر
مطرب نے بصد شگفتہ روئی — گائی یہہ غزل بجوش گلوئی

غزل

ساقی قدحِ خرد رُبا دے — مطرب لحنِ جنون فزا دے

بیٹھے ہین ہم محب و محبوب — ہان بادۂ وصل سے چھکا دے
روکا دونون کو ہے خودی نے — جامِ مئے بیخودی پلا دے
دکھلا دیر و حرم کا جلوہ — کافر جامِ جہان نما دے
شب عیش و نشاط مین سحر کی — آغوش مین غیرتِ قمر کی

چوتھی داستان

رخصت ہو کر جانا شاہزادۂ ماہ رخ کا ملکہ رشک پری سے جانب ملک ماچین کے اور بیقرار ہونا ملکہ رشک پری کا صدمہ فراق شاہزادہ ماہ رخ مین۔

در پیش فراق کا قلق ہے — اندوہ سے خامہ سینہ شق ہے
رعشہ کفِ دست مین ہی طاری — اللہ رے قلم کی بیقراری
پانچ انگلیون مین تڑپ رہا ہے — قرطاس پہ زلزلا بپا ہے
نیچا کیئے سر قلم سے ہے گریان — موتی کی پرو رہا ہے لڑیان
مہمان ہے نیم ماہِ یکتا — اُس برج مین نیم ماہ ٹھہرا
چھائی شبِ غم کی پھر اندھیری — یہہ چاندنی بس تھی چار دن کی
پھر داغِ جگر یہہ رنگ لائے — بھولے ہوئے بھائی یاد آئے
کی آنکھون سے اشک نے روانی — چشمون نے بہایا بند پانی
مدہوشِ الم وہ ہوش رفتہ — وہ منزلِ غم کا پا شکستہ

گم کردۂ کاروان و منزل — کھویا ہوا آپ آپ سے دل
سوچا یہہ بجائے خود بفرہنگ — رخصت کا نکالیئے کوئی ڈھنگ
دل گو کہ ہے طالب حضوری — الفت کو پسند کب ہے دوری
ہے پاس وفا کو پردہ پوشی — گویائی کو شرم سے خموشی
لیکن ہے علاج درد منظور — مرہم کی تلاش بہر ناسور
پھر سوچ سمجھ کے عاشق زار — قدمون پہ گرا پری کے اکبار
پکڑے قدم پری بشر نے — یہہ سمجھی کہ سر اُٹھایا شر نے
چاہا کہ لگائیے گلے سے — اُٹھا نہ وہ سر قدم تلے سے
بولا وہ بشر کہ قول کیجے — قدمون کے طفیل ہاتھ دیجے
بولی ترے ساز کی قسم ہے — اس ناز و نیاز کی قسم ہے
نازک بدنی ہے میری شاہد — گُل پیرہنی ہے میری شاہد
ہے گُل بدنی گواہ میری — گلبرگ تنی گواہ میری
غنچہ دہنی کی اپنی سوگند — اس کم سخنی کی اپنی سوگند
کاہش پہ نظر نہ کی ہماری — مُنہ تھک گیا اور زبان ہاری
محشر نہ بپا ہو سر اُٹھاؤ — حسرت سے ملو گلے سے آؤ
رو کر ہوا طالب اجازت — دل نے کہا جان سے کہ رخصت
استادہ سفر پہ شاہزادہ — اُفتادہ وہ پری مثال جادہ
دلدار کو وان سفر کا آہنگ — یان رنج سے پری کے اُڑ گیا رنگ
چلنے پہ تعین وہان وہ بیکس — یان آپ ڈر گیا نہ چل سکا بس

آمادہ یہ کوچ وان وہ دلریش | یان روح کو تن سے کوچ درپیش
وان ماہِ دو ہفتہ پا بہ سیر | یان رشکِ پری کا حال تھا غیر
رفتار کے عزم کا وہان ڈھنگ | خود رفتہ ہوئی یہان یہ دل تنگ
وان جذبۂ دل کو شوقِ منزل | یان قیدِ الم سے پا سے درگل
وان تلوون مین شکلِ خار پیدا | آئینۂ دل مین یان ہویدا
وان فکر کو پیشِ منزل چند | یان سلسلۂ حیا سے پابند
وان فکر کہ اب چھڑاؤ دامان | یان قصد کہ دست اور گریبان
وان پہلو مین دل لگا مچلنے | یان رنگِ حنا لگا بدلنے
خاموش وہان وہ کشمکش مین | بیہوش یہان پری تھی غش مین
دل کہہ کے پری کو ہوش آیا | دلدار کو سینہ سے لگایا
لپٹا کے گلے کہا مری جان | اس جان کا رہے خدا نگہبان
چلنے مین مرے جو شر نہ ہوتا | ناموس کا کچھ ضرر نہ ہوتا
مین طفلِ سرشک سی مچلتی | سائے کی مثال ساتھ چلتی
رشتہ نہین ہمدمی کہ ٹوٹے | کیا ساتھ ہوائی ہے کہ چھوٹے
کچھ درد و حواس ہے کہ جائے | کیا صبر بھی سوت ہے کہ آئے
دل نقشِ قدم نہین کہ ٹھہرے | دم کیون نہ رکے ہین غم کے پہرے
دم اور یہہ غم عدو ہین باہم | کٹ جائے جو سر تو ہون یہ ہمدم
آنکھون سے پری نے ماہِ رخ پر | یاقوت و گہر کیئے نچھاور
پھر اپنا دکھا کر اُس کو زیور | بولی وہ نگارِ یاسمن بر

مین حلقہ بگوش ماہ رخ ہون ‌ ‌ بالے کانون کے کیون نہ دیدون

بجلی دیکر کہا کہ جانی ‌ ‌ بیتابیِ دل کی ہے نشانی

لیجا مرا موتیون کا مالا ‌ ‌ اشکون کی ہے یاد دینے والا

دیکر اُسے طوق پھر وہ بولی ‌ ‌ یہہ طوق ہے یادگارِ قمری

بولی زنجیر دیکے ناکام ‌ ‌ الفت کا ہے پیشِ پا یہہ انجام

رخصت تیری اس انجمن سے ‌ ‌ رخصت ہے بہار کی چمن سے

دلدار تو بن کے لے چلا دل ‌ ‌ رکھنا الفت سے ہے یہہ بسمل

ہے جان مری یہہ دل نہین ہے ‌ ‌ نازون کا پلا ہے نازنین ہے

مچلے یہہ تو گود مین بٹھانا ‌ ‌ غش آئے تو زلف کو سونگھانا

روئے یہہ تو اس کو پیار کرنا ‌ ‌ تڑپے تو گلے کا ہار کرنا

گھر اس کا ہے پہلوِ بتان مین ‌ ‌ گھبرائے نہ یہہ نئے مکان مین

شہزادہ دلِ پری کو لیکر ‌ ‌ دل اپنے عوض پری کو دیکر

رخصت ہوا آہ بادمِ سرد ‌ ‌ ٹھنڈے ٹھنڈے چلا دمِ سرد

دلدارِ پری پری سے چھوٹا ‌ ‌ دل ٹوٹ گیا پہ دم نہ ٹوٹا

دو درد مین کشمکش بہم ہے ‌ ‌ دلدار کی یاد دل کا غم ہے

کہتی تھی اُدھر تو دل کو بھیجا ‌ ‌ اب منہ کو ہے آرہا کلیجا

ہونے کو جگر بھی ہے دو پارا ‌ ‌ ایجان کہین نکل خدارا

دلدادہ ہون آہ کیا کہون مین ‌ ‌ بیدل کیونکر یہہ غم سہون مین

سینے پہ بجائے دل رکھا ہاتھ ‌ ‌ کہنے لگی دل ترے خدا ساتھ

چھائی ہوئی چہرہ پر اداسی
صورت سے عیاں تھی بدحواسی
کھو اپنے حواس وعقل بیٹھی
بیٹھے ہوئے دل کی شکل بیٹھی
گو زیست سے لاکھ ہو خفا دم
نکلے کیونکر رُکا ہوا دم

پانچویں داستان

حسد کرنا نرگس کا اس صحبت ماہ رخ و رشک پری پر اور چغلی کھانا اُس کور دین کا ملکۂ غیرتِ حور سے یعنے مادر رشک پری سے اور جانا ملکۂ غیرتِ حور کا باغ موسومۂ طلسم نادرین واسطے انکشاف حال کے

وا ہونے پہ ہے جو غنچۂ راز
خامہ کی ہے سرنوشت غماز
گردش کے جو آگئے کچھ ایام
ہونے لگا راز طشت از بام
نرگس تھی خواص اک نظر باز
چالاک شریر شوخ غماز
منظورِ نظر تھی عیب بینی
مرغوبِ زبان تھی نکتہ چینی
غیبت کرنا تھا کام اُس کا
لُتری رکھا تھا نام اُس کا
رکھتی تھی حسد کا دیدۂ کور
چُغلی کھاتی تھی وہ چغل خور
مادر کی طرف سے تھی وہ طرار
ناموس کے غنچہ کی نگہدار
واقف ہوئی راز سے وہ عاقل
نادان نہ تھی جو رہتی غافل

بے دید نہ کر سکی خموشی | کن آنکھون سے کرتی چشم پوشی
خاطر شدہ مردہ انجمن سے | برداشتہ دل چلی چمن سے
افسردہ دل و ملول و رنجور | پہنچی بہ حضور غیرتِ حور
سر خم کرکے برائے تعظیم | آداب سے عرض کرکے تسلیم
حرفِ آشنا لب کیے غرض سے | کھولے مدِ نظر کے عقدے
کی عرض کہ اے جنابِ والا | اقبالِ حضور ہو دوبالا
آنکھون کی قسم پتا لگایا | لو زخمِ جگر کا چور پایا
اندھیر یہ چاندنی مین دیکھا | ظلمات کو روشنی مین دیکھا
اسلام سے کفر مجلس آرا | کعبہ سے ملا ہوا کلیسا
مسجد کی حدود مین خرابات | بیدون کے نقوش حرفِ آیات
ہے وردِ زبان جرس کو تکبیر | واعظ کی زبان بتون کی تفسیر
قاضی کی جبین پہ سرخ قشقہ | مفتی کا ہے سبحہ کا نقشہ
تصویرِ صنم کی آڑی ہیکل | ہے گردنِ شیخ مین حمائل
دل کفر کا نور سے مجلّیٰ | ہندو کی ہے آسنی مصلیٰ
زُنّار سے صوفیون کا رشتہ | گرجا مین جرس بکف فرشتہ
قُطّاعِ طریقِ راہبر ہے | رہزن کے لباس مین خضر ہے
سجادہ نشین ہر ایک موبد | بتخانہ بنی ہوئی ہے مسجد
ناقوس بلب ہوا موذّن | زُنّار بدوش پاک باطن
تسبیح بکف بتانِ پُرفن | انگشت بگوش ہے برہمن

مومن سے ہے سجودِ بت مین بیباک
رخسارِ صنم ہی مصحفِ پاک

میلانِ پری دلِ بشر پر
کافر کا عمل خدا کے گھر پر

نرگس نے کہا بچشمِ پُرنم
گُل کا نہ پڑے چمن مین ماتم

بدلی ہوئی ہے ہوائے گلشن
اُڑتی نہ پھرے ردائے گلشن

رنگین نہ کہین ہو چادرِ گُل
خمیازہ نہ کھینچے شکلِ سنبل

مُرجھائے نہ برگِ یاسمن بر
کملائے کہین نہ وہ گلِ تر

غنچہ نہ چٹک کے پھول ہو جائے
نیرنگِ چمن کو طول ہو جائے

ہو سُرخ نہ گُل کی شکلِ دلان
تا چاک نہ چاک ہو گریبان

شبنم سی نہ آبرو کو کھوئے
اشکِ خجلت نہ منہ کو دھوئے

شمعِ خلوت نہ گُل فشان ہو
گویا پروانہ کی زبان ہو

ہم بسترِ خواب ہو نہ سبزہ
کھل جائے نہ کچھ نیا شگوفہ

ہر دم کی خلش نہ خار ہو جائے
گلچین نہ گلے کا ہار ہو جائے

ایسا نہ ہو جیسے یاسمن کی
کلیان کھل جائین پیرہن کی

ہون بلبل و گل کہین نہ ہمخواب
پیدا فتنہ کے ہون نہ اسباب

ہو جائے وہ گلبدن نہ داغی
پروانہ لے شمع سے چراغی

ڈر ہے کہ صبا نہ لے اُڑے راز
فتنہ ہے یہہ ایک فتنہ پرداز

اس مُشک کی بو کہین نہ مہکے
یہہ بلبلِ خوش نوا نہ چہکے

شبنم نہ ہو نذرِ یہہ توِ خور
بیدھا جائے کہین نہ وہ دُر

لالے پہ کہین نہ اب پڑے اوس
گُل کا نہ کہین ہو خار پابوس

مل دل کے کہین وہ شوخ گلرو — باسی پھولون کی دے نہ خوشبو

آئے نہ کسوفِ شمس مین ماہ — اندھا نہ کرے یہہ باولی چاہ

برسے نہ صدف پر ابرِ نیسان — قابض نہ پری پہ ہو پری خوان

ہو اب نہ یہہ روسیاہی روشن — گل ہو نہ کہین چراغِ گلشن

سوسن کی زبان نہ طعنہ زن ہو — پامالِ خزان نہ یہہ چمن ہو

کانون پہ رکھے نہ ہاتھ شمشاد — انگشت بلب ہو سروِ آزاد

نرگس کی نظر سے گر نہ جائے — شبّو نہ اب انگلیان اُٹھائے

جوئی نہ ہو محوِ عیب جوئی — چنبیا سے ملے نہ زرد روئی

رسوا نہ ہزار ہو گلون مین — ہو گل کی ہنسی نہ بلبلون مین

گلچین نہ بہارِ باغ لوٹے — غنچہ نہ یہہ سر بمُہر ٹوٹے

مجکو یہہ خیال ہے کہ یہہ راز — بے پردہ نہ ہو بہ پردہ ساز

داغِ عصمت نہ ہو جوانی — قصہ نہ کہین ہو یہہ کہانی

اُڑتی سی خبر جو اُس نے پائی — آندھی کی طرح سے کی چڑھائی

شعلہ سی بھڑک اُٹھی وہ — بجلی سی تڑپ تڑپ گئی وہ

گلشن مین گئی خزان کی صورت — دیکھا کہ وہ بت تھی غم کی مورت

محوِ حیرت نہ کچھ پری تھی — بارہ دری کو بھی ششدری تھی

ہے رشک سے اب تو غیر حالت — دل سے ہے دعا بصد لجاجت

یارب اسی شکل باز دے یار — مرزا کے گلے کے ہون کبھی ہار

وہ غیرتِ صد چمن بر و دوش — عاشق کی نہین بہارِ آغوش

روز سی ہو وہ شب کہ زلفِ پیچان
وہ جان ہو ہمکنار تن سے

بازو پہ ہو سر بسر پریشان
دل تازہ ہو نکہتِ بدن سے

چھٹی داستان

پوچھنا ملکۂ غیرت حور کا ملکۂ رشک پری سے سبب افسردگی و خاموشی کا اور جواب دینا ملکۂ رشک پری کا بھولے پن سے ناواقفیت کا اور دریافتِ حال کرنا ملکۂ غیرتِ حور کا سوسن خواص رازدار سے اور بیان کرنا سوسن کا اک حکایت فریب آمیز اور واپس جانا ملکۂ غیرتِ حور کا کوہِ قاف کو

کرتا ہے سکوتِ بت جو تحریر
پیش آئی ہے سرنوشتِ تقدیر
دیکھا رشکِ پری کو خاموش
پہنا ہے جو خامشی کا جامہ
تحریر حروف کا ہے جو یا
خاموشی سے اُسکی تنگ آکر
کیا ٹوٹی نصیبون پہ قیامت

سکتے مین قلم ہے شکلِ تصویر
گم صورتِ بت ہوئی ہے تقریر
تقریرِ قلم نے کی فراموش
ترشی ہوئی ہے زبانِ خامہ
خامہ کی زبان نہین ہے گویا
مادر نے کہا یہہ طیش کھا کر
کیا آئی ہے دشمنون کی شامت

کسواسطے ایسی سرنگون ہے — اس پردے مین کونسا فسون ہے
کمبخت کہین لبون کو وا کر — زا نو سے ذرا جبین جدا کر
مُنہ پھیر مری طرف اُٹھا سر — کیون مُہرِ سکوت ہے لبون پر
کاکل کی طرح ہے کیون پریشان — کیون صورتِ آئینہ ہے حیران
رخ زرد ہے کیون ہے چشم نمناک — کل ہنستی تھی آج کیون ہے غمناک
کیون جوش پہ ہے سرشکباری — کیا غم ہوا ایسی جان طاری
چھوٹی ہوئی ہے جو رخ پہ مہتاب — کس شکل سے دل ہوا ہے سیماب
اُڑتی رخ پر ہوائیان ہین — ظاہر ہوتی بُرائیان ہین
پُرزے پُرزے ہے جیب و دامان — صد چاک ہوا ہے کیون گریبان
کعبہ رخ کو بنا دیا ہے — پردہ گیسو نے کیون کیا ہے
کس کی خاطر ہے سو پریشان — ڈالی الجھن مین کیون مری جان
گلبرگ سے تر جو تھے لبِ تر — کانٹے سے پڑے ہین خشک ہوکر
گالون پہ یہہ چھائی ہے اُداسی — دو پھول گلاب کے ہین باسی
بکھرے بالون نے رخ چھپایا — مہتاب پر ابرِ غم ہے چھایا
کس زلف کے پیچ کا ہے پھندا — بھولی سب کام کاج دھندا
آنکھین ہین کہین تو دل کہین ہے — غیرت سے نظر سوئے زمین ہے
کیا کھو گیا سوچ مین ہے کس کے — گم عقل ہے ایسی محویت سے
آسیب ہے جن ہے یا پری ہے — جادو ہے جنون ہے خودسری ہے
بے طور ہوئے یہہ طور پیدا — کردے نہ یہہ بیخودی زلیخا

آئینۂ رخ ہوا ہے میلا — سودے سے بنا ہے زلفِ لیلا

اے باؤلی چاہ مین نہ پڑنا — پاداش ہے ایڑیان رگڑنا

ٹک آگے نہ جامے سے گزرنا — حرمت پہ مری نگاہ کرنا

حالت غم سے ہوئی ردی ہے — دیکھین قسمت مین کیا بدی ہے

پڑتا ہی نہین پری پہ سایا — کھلتا نہین بھید یہ خدایا

اس روزِ سیہ کے خوف نے تھا — پُتلا مجھے وہم کا بنایا

بوئے گُل کی نہ تھی کبھی سونگھاتی — بُلبل کو کبھی نہ تھی سُناتی

قُمری کی دکھاتی تھی نہ صورت — پہناتی نہ ڈر سے طوقِ منت

گلشن مین جو بہر سیر جاتی — صرصر کی طرح اُڑا کے لاتی

سوسن نے نہ سحر کر دیا ہو — چُٹکے سے نہ ہمزبان کیا ہو

نرگس کی نہ بد نظر لگی ہو — شبنم کی طرح مٹے نہ رو رو

شہنائی بجا رہی تھی شبو — سُننے سے نہ اُس کے گُل کھلا ہو

پرسش مین بہت کی گرمجوشی — پایا نہ جواب جز خموشی

مان اُس کی جو تھی عقیل و ہشیار — اس فن مین کمال تجربہ کار

سمجھی کہ یہ عشق کے ہین نیرنگ — لب خشک پڑے ہین زرد ہے رنگ

آنسو کہ جوابِ ہر سخن ہین — گویا عوضِ لب و دہن ہین

حق حافظِ حرمتِ بشر ہے — ناموس مین عشق رخنہ گر ہے

اس کلمے سے پیچ و تاب کھا کر — اُس رشکِ پری نے تلملا کر

پاسخ یہ دیا مین غم کی ماری — کیا جانون ہے کیا جگر فگاری

کیا چیز ہے عاشقی کا سودا
لیلا بنی کس طرح زلیخا

اے مادرِ مہربان خدارا
طعنون کا نہین جگر کو یارا

پاکر یہہ جواب غیرتِ حور
کہنے لگی خوب چشمِ بد دور

کب عشق چھپائے سے چھپا ہے
شب رو کا سراغ نقشِ پا ہے

سوچی دل مین کہ غیرتِ حور
پوشیدگی ظاہرا ہے منظور

جھنجلا کے خواصون پر نظر کی
فرمایا کہ خیر تمنے شر کی

چپ دیکھہ رہی ہو کیا بنی ہے
خاموشی تمھاری دشمنی ہے

سوسن کہ خواص رازدان تھی
ہم عمر تھی اور ہمزبان تھی

بلوا کر اُسے بہ صد بہانہ
منگوا کے دکھا کے تازیانہ

بہلا کے کبھی کبھی ڈرا کر
فرمایا قریب اُسے بُلا کر

سچ کہہ کیا رازِ دلبری ہے
اس شیشہ مین کونسی پری ہے

تھرّا کے لرز کے خوف کھاکر
کی عرض ادب سے سر جھکاکر

دون وجہ بتا غمِ نہان کی
پاؤن جو امان اپنی جان کی

غارتگرِ روز لیلئے شب
سرمہ کشِ طورِ جلوۂ رب

کھولے ہوئے کاکلِ سیہ فام
صبحِ رخ کو کیے ہوئے شام

شانون پہ پڑے دراز گیسو
اور تابہ کمر دو عنبرین مو

رکھے ہوئے تاج ماہ سر پر
پہنے ہوئے زیورِ منوّر

انجم کی چنے جبین پر افشان
رخ شعلۂ نور سے فروغان

پہنے ہوئے حُلّۂ مکلّل
ڈالے ہوئے کہکشان کی ہیکل

اوڑھے ہوئے سر پہ چادر نور — سر تا بہ قدم بنی ہوئی طور

زہرہ کا لیے چراغ بر کف — ہمراہ لیے نجوم کی صف

گلزار مین مسکراتی آئی — شبنم کے گہر لٹاتی آئی

اُس شب (کہ تھی غیرتِ شبِ قدر) — اک ناز سے تھی وہ روکش بدر

مہتاب مین ہر روش خرامان — پامال چمن چمن خیابان

تلوون مین نہ تھی حنا کی لالی — سبزے کا تھا خونِ پائمالی

کرتی ہوئی سیر ہر چمن مین — آئی وہ نگار انجمن مین

اک شمع بنی ہوئی تھی روشن — پرتو سے چمک رہا تھا گلشن

پروانے ہزار گر رہے تھے — اُس شمع کے گرد پھر رہے تھے

پروانون مین تھی پری بھی شامل — جان بازون کے مشغلہ مین شاغل

کرتی تھی وہ شمع رو نظارا — اُن سوختہ دل جلے ہوؤن کا

پروانہ تھا اُن مین ایک خوش رنگ — تھی شکل پر اُس کی انجمن دنگ

بے مثل یگانہ اور یکتا — تھا شمع کی جان وہ پتنگا

بیتاب تھا بے قرار بے چین — تھی شمع کی اُس سے زینت و زین

بیباک تھا اپنی خودسری سے — فی الفور لپٹ گیا پری سے

شفاف و صفا وہ لوحِ سینہ — پروانہ تھا اُس پہ یا نگینہ

جادو تھا کہ سحر یا فسون تھا — آسیب تھا عشق یا جنون تھا

آتا نہین کچھ سمجھ مین کیا تھا — کیا جانیے کون سی بلا تھا

گرتے ہی گیا پری کو بے ہوش — اُٹھتے ہی ہوئی وہ شمع خاموش

اب شمع صفت پگھل رہی ہے — پروانہ کی شکل جل رہی ہے
کھلتا نہین کس مین مبتلا ہے — سایہ ہے نظر ہے بد دعا ہے
یا سہم گئی ہے ڈر کے دلبر — کچھ دل ہی بگڑ گیا دہل کر
اس مین نہین کچھ غلط بیانی — سن لیجیے اور کی زبانی
یون تو ہون حضور کی خطاوار — جو دیجیے سزا وہ ہے سزاوار
سُنکر یہہ فسانہ غیرتِ حور — پردے کی نظر سے ہو کے مجبور
کچھ سوچ سمجھ کے دل مین دانا — کہ قاف کو ہو گئی روانا

ساتوین داستان

شرارت آمیز گفتگو سوسن کی ملکۂ رشک پری سے دربابِ سیر بوستان اور ملکۂ رشک پری کا جلکر کوسنا گلشن کو صدمۂ ہجر دلدار مین

گلشن کو جو کوسنا ہے منظور — خامہ کی زبان زبانِ رنجور
قینچی سی ورق پہ چل گئی ہے — کیا کیا نئے گل کتر رہی ہے
ہر حرف کی دھجیان اُڑائین — ہر لفظ کی ردّیان بنا دین
مضمون کے وہ لیے ہین لتّے — اُڑتے ہین نحو خزان کے پتے
گلچین کا الم تو گل کا غم ہے — خامہ کی زبان یہان قلم ہے
سوسن نے کہا پری سے خوش ہو — کیون کرتی ہو اب ملول دل کو
قصہ وہ فریب کا نکالا — سر پر سے اجل کو ہنسنے ٹالا

منہ مین نرگس کے خاک ڈالو | سوسن کی زبان کو دعا دو
حسرت نہ رہی آپ کی مری جان | اُٹھو چلو پھر نکالین ارمان
ہان دورِ شرابِ ناب ہو پھر | تسکینِ دلِ کباب ہو پھر
گلشن کی چلو بہار لوٹین | آزاد ہون قیدِ غم سے چھوٹین
نرگس کی نظر کا خار ہون پھر | رشکِ گلِ نو بہار ہون پھر
پھر سونگھین چلو گُل دریاچین | ڈھونڈین کوئی اور تازہ گلچین
دیکھین کوئی رنگ اور جہان کا | اُلٹین ورق اور بوستان کا
ہے لطف اسی مین زندگی کا | درمان ہو جدید ماندگی کا
دنیا مین بہت پری وشر ہین | اکثر ہوئے ایسے خیر وشر ہین
جھنجلا کے کہا پری نے کمبخت | تیرا سا کہان سے لاؤن دل سخت
خوش آتی نہین یہہ خوش بیانی | بدبخت یہہ تیری بدزبانی
شوخی پہ تری غضب خدا کا | غم پاس نہ تیرے ہو کے نکلا
پردے مین گلون کے آبلون کو | دکھلاتی ہے حیف دل جلون کو
جھاڑو پھر جائے اس چمن مین | خاک اُڑنے لگے اس انجمن مین
صرصر کے کچھ ایسا پیچ مین آئے | پتّا پتّا چمن کا پتّائے
لالے کے لگاؤن مُنہ کو لوکا | بیدِ مجنون کو بھی ہو سوکھا
سبزہ ہو جائے وقفِ پامال | یارب کہین سرو کی کھنچے کھال
بجلی گُل کی گرے ہنسی پر | سُنبل کا لا ہو چاندنی کا داور
گلشن مین پڑی کہین تباہی | سپتے جھکین بھاڑ مین الٰہی

ہر شاخ شگوفہ کی قلم ہو
اُلجھے یارب یہہ عشقِ پیچان
بیل اسکی منڈھے نہ چڑھنے پائے
اس آبلہ شکل سے ہو ن جلتی
مہندی کی روش نے خون رُلایا
سوسن کی زبان جڑسے کٹ جائے
آنکھین نرگس کی پھوٹ جائین
صبر ایسا پڑے گلون کی جان پر
اُڑ جائے چمن سے نامِ بلبل
جائے گل کاش خار نکلے
قمری پہ خدا کرے یہہ بیداد
میت پڑے گھر مین بلبلون کے
چولھے مین پڑین یہ خاک بنیاد
کیڑے پڑ جائین ہر ثمر مین
گلشن مین الٰہی آگ لگ جائے
مرغانِ چمن حلال ہو جائین
آنسو کی طرح ٹپک ٹپک کر
مردم کی نظر سے ہو کے پنہان
پھل پھول کے بار بار ہو جائین

روزِ فردا کا دورِ غم ہو
سُنبل ہو جائے سو پریشان
انگور کی تاک جھانک جائے
بگڑے خالق یہہ چڑھ کے بھٹی
رنگ اس کا نہ اب جمے خدایا
بدگو غیبت کا اپنی پھل پائے
چھلکے گلچین کے چھوٹ جائین
چھلکتے رہین تربتِ بتان پر
مٹ جائے کہین یہہ قصۂ گل
کچھ تو دل کا بخار نکلے
پیوند زمین ہو سروِ آزاد
جھلسا لگے مُنہ کو ان گلون کے
شمشاد ہو یا کہ سروِ آزاد
باندا لگے ایک اک شجر مین
جل جل کے یہہ گل چراغ کہلائے
مر مر کے یہہ پائمال ہو جائین
شبنم اُڑ جائے سر ٹپک کر
چشمہ ہو جائے آبِ حیوان
انسان کی نظر مین خار ہو جائین

اے چرخ ستم گر ایسا ایجاد — گلزار کی خاک تک ہو برباد
دام صیاد کو رسا کر — بلبل کو قفس سے آشنا کر
غنچہ کا دہن ہو پر ز بیداد — سوسن کی زبان پہ ہو فریاد
گل شمع ہو بعد روسیاہی — شمع مدفن بنے الٰہی
اجڑے گلشن یہہ نام مٹ جائے — دشت ویران یہہ باغ کہلائے
گلزار وہ انقلاب کہائے — دست گلچین مین خاک آئے
پلٹے وہ خزان اس انجمن مین — آئے نہ بہار پھر چمن مین

آٹھوین داستان

روانہ ہونا شاہزادہ ماہ رخ کا طرف ماچین کے اور پہنچنا باغ ملکہ مہر انگیز مین عاشق ہونا ملکہ مہر انگیز اور دلارام خواص کا شاہزادہ پر دیوانہ بننا شاہزادہ کا اور راز ظاہر کرنا دلارام پہ پھر روانہ ہونا شاہزادی کا طرف ملک واثاق کو واسطے انکشاف حال کے

ہان خامۂ گلفشان روان ہو — یہہ دشت نمونۂ جنان ہو
چلنے مین ہے ہمت قلم پست — صفحہ ہے کہ وادئ کف دست
خامے جو کی شگوفہ کاری — صحرا مین ہے موسم بہاری
راہ مقصود دیش پا ہے — یون پائے قلم روان ہوا ہے

وہ رونقِ کارگاہِ ہستی | اوج و شرفِ بلند و پستی
وہ عشق کا مبتلائے آلام | شہزادہ وہ ماہ رخ گل اندام
وہ بادیہ گردِ رہ نوردی | آگے کو بڑھا بپائے مردی
راہی ہوا راہِ شوق میں تیز | تھا روزِ فراق اُس کا شبدیز
اک بت نے تھے لئے دل و جان | قالب چلتا تھا بیدل و جان
رہرو تھا طریقِ بے کسی میں | رہبر ہوا شوق بے بسی میں
کٹنے میں پہاڑ تھا بیابان | رشکِ کفِ دست تھا وہ میدان
کھانا وہاں داغ تھا جگر کا | پینے کو وہاں تھا آب زہرا
کھا کھا کے وہ زخمِ دل تھا جیتا | پانی کر کے لہو تھا پیتا
سرگشتگی سے بگولہ آسا | چکر میں وہ راہ کے پڑا تھا
آوارہ اُٹھا کے سو طرح کا | جنگل جل پھر کے اُس نے کاٹا
طے کر کے وہ وادیِ بلاخیز | پہنچا بسوادِ مہر انگیز
آیا جو قریبِ شہر دیکھا | اک قلعہ نیا نیا تماشا
ہر کنگرہ آدمی کی صورت | ہر چہرہ سے آئینہ کدورت
سر دیکھ کے بھائیوں کو رویا | قسمت کی بُرائیوں کو رویا
رو رو کے ہوا وہ داخلِ شہر | لائی اُسے چشمِ تر لبِ نہر
اُس پانی میں گردِ رہ بہائی | یوں نہر کی آبرو بڑھائی
دن بھر تو پھرا کیا وہ ناکام | پہنچا اک کوچہ میں سرِ شام
سوچا کہ شب اس طرح بسر ہو | تا صبح بلا نہ کوئی سر ہو

اک پیر سے ہو گئی ملاقات — گھر مین اُسے لا کے کی مدارات

بانوے ضعیفہ زوجۂ پیر — اولاد کی فکر سے تھی دلگیر

شہزادہ سے بولی ہو کے خرسند — مادر مجھے گر کہے تو فرزند

آنکھون مین عزیز ہو تو اکثر — پتلی سا تو رو بہ رو پھرا کر

رونق گھر بار کی مرے ہو — زینتِ دلِ زار کی مرے ہو

پردیس مین بسکہ تھا وہ مجبور — ناچار کیا یہہ قول منظور

آخر وہ گلِ شگفتہ خندان — رہنے لگا جیسے دل مین ارمان

کرتا پھرتا تھا سیر دن بھر — اُس شہر کی مثلِ مہرِ انور

تارے گنتا تھا شب کو گھر مین — وہ ماہ محبتِ قمر مین

سودا جو تھا خلط آب و گل مین — آیا یہہ خیال اُس کے دل مین

ایوانِ سکندری کو دیکھو — دیوانہ کی خودسری تو دیکھو

نکلا گھر سے جو حوصلہ سا — اقبال سا پیشِ قلعہ آیا

چارون طرف اک نظر سے دیکھا — پرکار کی شکل پھر کے دیکھا

دیکھی جو نہ راہ کی کوئی شکل — کھوئے گئے ہوش گم ہوئی عقل

چشمہ آنکھون نے اک دکھایا — آنسو کی طرح اُمنڈ رہا تھا

دم ماندہ کا دافعِ کدورت — لبریز تھا جامِ مئے کی صورت

ہر گل کو تھی دل سے چاہ اُس کی — گلشن سے تھی رسم و راہ اُس کی

سوچا ہے تلاش راہ بیکار — اس فکر مین ہو عبث گرفتار

یہہ نہر جو اشک سی بہی ہے — اک سہل طریقِ رہبری ہے

غوطے یم فکر مین نہ کھاؤ
غوطہ اسی نہر مین لگاؤ

تشنہ سا کنارِ نہر آیا
ملبوس کو میل سا اُتارا

پوشاک نے جب کیا کنارا
پردے کو تھا پاٹ کا سہارا

موتی سا تن آب مین نہایا
پانی نے حباب سا بہایا

لہرین موجون کے ساتھ لیکر
پہنچا گلشن مین وہ گلِ تر

اک سو چمن مین اُس نے سرو دیکھا
اک وجد مین وان تدرو دیکھا

پتون سے ثمر کا نور چھن کر
گرتا تھا صحیفۂ چمن پر

فراشِ جہان نے یا خدایا
کمخواب کا فرش تھا بچھایا

لالہ پہ تھی شبنمِ مقطّر
یاقوت پہ یا جڑے تھے گوہر

جگنو نہ تھے نہر کے کنارے
چھٹکے ہوئے تھے زمین پہ تارے

نزہت پہ چمن کی ہو کے شیدا
طاؤسِ خیال ناچتا تھا

نظارہ ہوا تھا محوِ بیحس
چشمِ بینا تھی چشمِ نرگس

کیونکر ہو بیانِ وصفِ گلشن
مُنہ مین ہے مرے زبانِ سوسن

بوٹا سا وہ غیرتِ صنوبر
وہ سروِ روان نہال ہوکر

گلگشت مین تھا چمن چمن کی
تھی گل کو تلاش گلبدن کی

کہتا بزبانِ قہر آمیز
قاتل ہے کہان وہ مہر انگیز

دیکھا تو مکان نگین کو دیکھو
انگشتری کے نگین کو دیکھو

کاہش لیے خواہشِ نہان کی
کرتا ہوا سیر بوستان کی

پہنچا ایوان کے جب برابر
اک برج مین دیکھا ماہ پیکر

عیشِ دل و راحتِ نظارہ — اقبال کی یا جبین کا تارا

حسنِ رخ کا یہ پرتو اتھا — ہر پایہ ستون تھا روشنی کا

اللہ رے حسن کا اوجالا — ہر حلقۂ در بنا تھا ہالا

دل کر دیا نذر اک نظر مین — اک درد لیا نیا جگر مین

اُس مہر کا ماہ کرکے دیدار — دن کی صورت پھرا گرفتار

چھپ چھپ کے نظر بچا بچا کے — آہستہ قدم بڑھا یا آگے

دیکھا لبِ نہر کنجِ اشجار — آرایشِ نہر حسنِ گلزار

غنچہ مین بہار سا گیا وہ — اک نخل پہ پھول سا چڑھا وہ

پتّون مین چھپا ثمر کی صورت — پیدا نہ ہوا کہ شر کی صورت

دلبر تھی خواص ایک کم سن — ڈر جانے کی عمر خوف کے دن

جامِ زرین لیے وہ دلجو — پانی لینے گئی لبِ جو

سایہ پانی مین ایک دیکھا — لہرین لہرون مین لے رہا تھا

پانی مین تھا آدمی کا سایا — دلبر کے لیے پری کا سایا

چشمہ سے وہ خالی ہاتھ پھر آئی — پانی آنکھون مین ڈر کے بھر لائی

رفتار کی پائی جو نئی چال — پوچھی ہر اک نے صورتِ حال

گھبرائین خواصین دیکھہ گریان — زلفون کی طرح ہوئین پریشان

چھاتی سے لگا لیا کسی نے — رخ پر بوسہ دیا کسی نے

چمکارا کسی نے پیٹ ٹھونکی — دیتی تھی اوسے دلا سا کوئی

گیسو جو پڑے ہوئے تھے رخ پر — کرتی کوئی شوخ تھی برابر

گودی مین کوئی اُسے اُٹھاتی
تھی اوڑھنی کو کوئی اُڑھاتی

آنکھون سے کسی نے پونچھے آنسو
چھرے سے کیا غبار یکسو

پھولا ہوا اُس کا دیکھکر دم
کرتی نادِ علی کوئی دم

صورت جو غشی نے کچھ دکھائی
اک طاق سے شیشہ جاکے لائی

کیوڑے کو گلاب مین ملایا
چھینٹے دیکر اُسے پلایا

باہم کرنے لگین یہہ چرچا
چشمے کا بدل گیا ہے نقشا

لائی جب ہوش مین طبیعت
شہزادی سے عرض کی حقیقت

بولی دلبر سے مہر انگیز
سامان ہو گیا یہہ وحشت انگیز

کیسا تھا یہہ غش کہا کہ ہیبت
پوچھا کہ سبب کہا کہ وحشت

نیرنگ قضا عجیب لائی
اِن آنکھون سے اپنے دیکھ آئی

چشمے مین کوئی سما گیا ہے
ہمزاد کوئی نہا رہا ہے

مچھلی کی طرح ہے بیقراری
اک دم مین اُسے ہزار باری

شعلہ کی طرح سے ہے بھڑکتا
آئینہ سے آب مین جھلکتا

زاید نہین عرض کی ضرورت
دیکھے کوئی جاکے اُس کی صورت

میرا ہی سا اُس کا حال ہوگا
جینا اُس کو وبال ہوگا

دیکھے دلبر نے جب یہہ نیرنگ
حیرت سے وہ شوخ ہو گئی دنگ

رعنا سے کہا کہ جا خبر لا
پانی کیسا یہہ رنگ لایا

اک دم مین گئی وہ اور آئی
یہہ شستہ زبان زبان پہ لائی

پانی مین ہے عکس آدمی زاد
صورت مین بشر وہ ہے پریزاد

یہہ حسن کے طبیعت اُس کی لہرائی　　اُس شکل کے دیکھنے کو للچائی
انداز سے پھر اُٹھا کے دامان　　مشتاق اُٹھی چلی خرامان
تھے چاہ کے دان جو کچھ اشارے　　پہنچا دیا شوق نے کنارے
دیکھی جو مجسم اپنی تقدیر　　آبی شیشہ مین شکل تصویر
گھبرا کے کہا کہین خدایا　　ہمزاد کا میرے ہو نہ سایا
چمکا مری نہر کا ستارا　　پانی دیکھو بنا ہے تارا
یا مردمِ چشم نہر کا ہے　　طرفہ گلِ نیلو فر کھلا ہے
ہوتا یہی ظاہرا ہے روشن　　پانی مین ہے برق پرتو افگن
کس مہر کا عکس یہہ پڑا ہے　　کس چاند نے کھیت یہ کیا ہے
بیتابیٔ دل سے ہو کے بیتاب　　رعنا سے کہا بچشمِ پر آب
جس سرو کا یہہ پڑا ہے سایا　　اُس سائے کے سرو کو ابھی لا
ایما کو سمجھ گئی وہ دانا　　نکلی تبلاش سروِ رعنا
ہر شاخ مین ڈھونڈتی تھی ہر سو　　ہر پھول کی سونگھتی پھری بو
پتے پتے مین ڈھونڈ ڈالا　　اُس پھول کو ڈھونڈ کر نکالا
اُس کنجِ شجر مین شکل بلبل　　اُس غنچہ مین صورتِ زرِ گل
پوشیدہ پری بشر کو دیکھا　　جلوہ گستر قمر کو دیکھا
اک ہاتھ مین اُس کا لے لیا ہاتھ　　مجرم کی طرح سے لے چلی ساتھ
ایوان مین اُس کو لیکر آئی　　اُس ماہ کو مہر پاس لائی
دیکھا تو جوان تھا سرو قامت　　کافر تھی ہر اک ادا قیامت

رنگ اپنا جو مہر نے جمایا — وہ یہہ دلِ مہر مین سمایا
کہنے لگی دل مین چشمِ بد دور — صورت ہے کہ پڑھیئے سورۂ نور
اک مہر سے بولی مہر انگیز — کیون حال ہے تیرا درد آمیز
حالت ہوئی تیری کیون دگرگون — کس شکل کا تو بنا ہے مجنون
سودائی ہے کس حسین شے کا — ہے نشہ یہہ کس طرح کی مے کا
کس قطع کا دل فریفتہ ہے — کس وضع کی جان شیفتہ ہے
کس سر کی بلا ہوئی ترے سر — کس زلف کے پیچ سے ہے مضطر
دیوار کو در کو تک رہا ہے — اک ایک حسین کو گھورتا ہے
ہشیار ہو کچھ تو منھ سے بولو — کیا قصد ہے خیر سے کہو تو
کیونکر آئے ہو راہ پا کے — ہاتھون سے جنون کے یا قضا کے
اب دستِ جنون سے بچ کے سمجھو — پنجے مین قضا کے پھنس گئے ہو
کیا کام یہان ہے تیرا خود کام — کیا نام ہے کچھ نشان دے گمنام
یہہ سن کے وہ سوختہ دل مین جانکاہ — بچنے کی نکالیے کوئی راہ
دانائی سے کی جو غمگساری — دیوانہ بنا بہ ہوشیاری
کرنے لگا وحشیانہ تقریر — کہنے لگا دل مین ہنسکے دلگیر
سُنیئے مرے دل کی حالتِ زار — سودے کا ہے نقدِ دل خریدار
عنقا سے لڑی نظر ہماری — رہتی ہے ہما کی یادگاری
دیکھا ہے مین کیا کہون کہ کیا کیا — آنکھون مین تماشا پتلیون کا
اشیا کا ذخیرہ مہربان ہے — یہہ حسن فروش کی دکان ہے

ہے جنبشِ لب کا مجکو آزار
تصویر کی خامشی ہے درکار

لونڈی کی بھی ہے مجھے ضرورت
گر تم مین ہو کوئی خوب صورت

تقریر کرو نہ اس مین تحریر
باتین کرتی ہوئی ہو تصویر

سودا کرو نقد دام لے لو
جو تم مین حسین شئے ہو دیدو

اُس گل کی تھی اک خواص گلفام
آرامِ دل و جگر دلارام

بولی کہ سُن اے مری دلارام
دیوانہ ہے میرے دل کا آرام

پیاری مرے دل کا ہے یہ پیارا
آنکھون کا سمجھکر اُس کو تارا

پھولون کی طرح اُلٹ پلٹ کر
رکھنا اسے صورتِ گُلِ تر

مہمان ہے ہدیۂ خدا ہے
مجبور ہے رحم کی یہہ جا ہے

شکوہ نہ شکایتِ جفا ہے
پابندِ وفا نہ بیوفا ہے

دیوانہ ہے میرا سروِ آزاد
قمری کی طرح سے رکھ اسے یاد

مجنون ہے کرے جو یاد لیلا
شیرین صفتی سے دے دلاسا

فرہاد صفت نہ تیشہ کھائے
جانِ شیرین نہ یہہ گنوائے

دیوانون کے طور پر نظر بند
رکھنا اسے گھر مین بند در بند

قسمت سے جنون کے بہانے
قید اُس کو کیا سمجھکے خدا نے

تھی موجِ ہوائے شوقِ زنجیر
خمیازۂ کاکلِ گرہ گیر

پیوستہ بجائے طوقِ آہن
تھا حلقۂ زلف طوقِ گردن

بیڑی گردابِ بحرِ اُلفت
جاگیر وثیقۂ محبت

آسان ہوئی سختیِ اسیری
ہتکڑیون نے کی جو دستگیری

مہمان تھا نیا نیا تھا سامان — تھا بند مین جسم درد مین جان
شورش کے خیالِ پُر خطر سے — پابند تھا قید کی نظر سے
اُلجھن مین یہہ پڑ گئی تھی اُلجھن — پائے رفتن نہ جائے ماندن
وان فکر رہائی مین وہ یکچند — اندھون کی طرح رہا نظر بند
ہاتھ اک تہہ سنگ اک گلوگیر — اک پاؤن بگل تھا اک بہ زنجیر
تکلیف سہی پڑی اُٹھائی — سختی جھیلی کڑی اُٹھائی
زندان مین رہا وہ شاد ہو کر — زنجیر کا خانہ زاد ہو کر
تھا جبر کے بس مین بے بسی سے — رہنے لگا ماہ بیکسی سے
پیدا ہوئی صورتِ رہائی — قسمت سے نصیب نے بنائی
شہزادے کی زلفِ دام در دام — دامِ دلِ مضطر و دلارام
آخر ہوئی صبر کی رفاقت — باقی رہی ضبط کی نہ طاقت
کہنے لگی ماہ رخ سے گلفام — مین تیری ہون تو میرا دلآرام
وارفتہ کیا ترے جنون نے — سرگشتہ کیا ترے فسون نے
میرا دلِ مبتلا تری عقل — جاتے رہے دونون صبر کی کل
خواہش ہے جگہ جو دل مین پاؤن — مانندِ زمانہ رنگ لاؤن
جیتون مین فلک کی شکل بازی — قسمت سے کرون مین کارسازی
تقدیر یون ہی ہوئی ہے جاری — مین دل کی طرح سے قول ہاری
سمجھا شہزادۂ گل اندام — عاشق ہوئی یہہ خواصِ خودکام
حیلہ ہے نہ ہے زمانہ سازی — کھلتا ہے یہہ رنگ عشقبازی

باتون سے ہے بوے داغ پیدا ‏ جلتا ہے دلِ کبابِ شیدا

موقع یہہ عجب نہین کہ پائے ‏ صورت بگڑی ہوئی بنائے

بولا کہ سن اے خواصِ دانا ‏ کہنا ترا دل سے ہین نے مانا

گردن سے جو بندِ دام نکلے ‏ ارمان کے ساتھ کام نکلے

ہشیار دن کی گفتگو جو پائی ‏ خوش خوش یہہ سخن زبان پہ لائی

اے بار خدا ہے شکر تیرا ‏ مجنون نہین ہے قیس میرا

مہرخ سے کہا سن اے گل تر ‏ لونڈی ہون تری کنیز بے زر

آنکھون سے اگر اشارہ پاؤن ‏ تارے ہین فلک کے توڑ لاؤن

مہرخ نے کہا سن اے دلارام ‏ شہزادہ عجم کا ہون مین ناکام

مقتول ہوئے ہین میرے بھائی ‏ ہے خواہش انتقام لائی

کیسا ہے سوالِ مہر انگیز ‏ کیا اس کا جواب ہے دل آویز

سنکر یہہ کلامِ وحشت انجام ‏ تشویش زدہ ہوئی دلارام

اک سوچ مین سرنگون ہوئی وہ ‏ گم ایسی ہوئی کہ کھو گئی وہ

پھر دل کو سنبھال کر بمشکل ‏ بولی کہ کدھر گیا ترا دل

کس غم مین ہوا ہے مبتلا تو ‏ کس خام خیال مین پڑا تو

درپیش ہے ہفت خوانِ رستم ‏ ہے جان کے جانے کا مجھے غم

سرگشتہ پھرے گا قاف تا قاف ‏ جاتا تجھے ہوگا ملک واقاف

عقدہ یہہ وہان کھلیگا جا کر ‏ اس عزم سے باز آ تو بہتر

مت جانِ عزیز کو گنوا تو ‏ آفت مین نہ آپ کو پھنسا تو

اس راہ کی وہ کڑی ہے منزل — درپیش ہے وہم کو بھی مشکل
وان جل کے دہوان ہوا ہے بادل — وان پائے خیال ہوگئے شل
پستی مین فلک زمین وہان ہے — سختی مین زمین آسمان ہے
وان فکر کو بھی نہین رسائی — جا کر نہ کبھی نظر پھر آئی
آفت کا قنات ہے اندہیرا — ظلمات کا نات ہے اندہیرا
ظلمت کے وہین پڑے ہین ڈیرے — وان خضر کے بھی ہوئے نہ پھیرے
آفات کے وان گڑے ہین جھنڈے — عاہات کے بج رہے ہین ڈنکے
دیکھا نہین وان ہوا کو چلتے — ہین موج ہوا کے بل نکلتے
شیرون کی وہان چلی نہ شیری — دل باختہ ہے وہان دلیری
ویران کرو خانۂ سلاسل — آباد کرو یہہ خانۂ دل
حاضر ہے یہان جو ہو ضرورت — پوشیدہ رہو نگہہ کی صورت
کھلنے کا نہین کسی پہ یہہ راز — سوسن بھی یہان نہین ہے غماز
بیخوف رہو ضرر نہ ہوگا — اندیشہ کا یان خطر نہ ہوگا
ضامن ہون کسیکا ڈر نہین ہے — یان وہم کا بھی گذر نہین ہے
خواہش یہی جستجو یہی ہے — حسرت یہی آرزو یہی ہے
ہر شب تو بغل مین اے قمر ہو — کس عیش سے زندگی بسر ہو
مہرخ نے دیا جواب ہنسکر — ہوتے نہین پختہ کار مضطر
انسان اگر نہ ہو ہراسان — دشوار ہو سہل مشکل آسان
شامت سے نہ آئین گر برے دن — ممکن ہے کہ ہو محال ممکن

کاکل کی زکات ہے اندھیرا ۔ عاشق کی برات ہے اندھیرا
ہمت سے کمر جو کس کے باندھون ۔ گردون کے ابھی دھوین اڑا دون
موقوف اگر رہے تو بہتر ۔ ارمان ترے دل کا واپسی پر
تشویش مین لطفِ وصل کیا ہے ۔ وصل پسِ ہجر کا مزا ہے
گو آج مین ہوش سا ہون جاتا ۔ تقدیر سا کل پلٹ ہون آتا
بولی وہ خواص خیر جاؤ ۔ پر غم کی طرح قسم بھی کھاؤ
خواہش رہی جو کہ اب ادھوری ۔ ہنگامِ مراجعت ہو پوری
مہرخ نے کہا کہ بے تامل ۔ بیتاب نہ ہو تو شکلِ بلبل
سوگند ہوا نہین کہ کھاؤن ۔ مین وقت نہین کہ پھر نہ آؤن
سنکر یہہ کلام ہوکے دلشاد ۔ اُس گل نے کیا وہ سروِ آزاد
شہزادہ نے جب قدم اُٹھایا ۔ غش صبر کے بدلے اُسکو آیا
زنجیر سے کہہ کے خانہ آباد ۔ زندان سے چلا وہ خانہ برباد
گلچین کی طرح سے شاد گلرو ۔ نکلا گلشن سے صورتِ بو
ما چین سے اُٹھا جو آب و دانہ ۔ اک سمت کو ہو گیا روانہ
یا قسمت و یا نصیب کہکر ۔ راضی برضائے یار رہکر

نوین داستان

بیقراری ملکہ رشک پری کی ہجر محبوب مین اور نامہ لکھنا اُسکا ماہ رخ کو اور روانہ ہونا سوسن کا قاصد بنکر تبلاش شاہزادہ

ہان اے مرے غم نگار خامہ
پُردرد و رقم ہو دردنامہ

مضمونِ جدید ہون قلم بند
اہلِ قلم جہان ہون دم بند

کلکِ خونبار سینہ بریان
ہو دردِ فراق سے جو گریان

لعل و یاقوت ہون دُرِ اشک
کھائین عدن و یمن بھی رشک

ہان خامہ سینہ شق ہو تحریر
احوالِ جگر فگار و دلگیر

وہ آتشِ ہجر کی سمندر
بحرِ غم و درد کی شناور

وہ ماہیِ آب خنجرِ غم
بے آب وہ ماہیِ لبِ یم

وہ دردکشِ فراقِ محبوب
وہ باختہ دل حواس مسلوب

وہ دلبرِ دلربائے مفتون
وہ لیلیِ دلنوازِ مجنون

وہ یوسفِ چاہِ غم زلیخا
یعنے رشکِ پریِ شیدا

وہ رشکِ مہِ دو ہفتہ طلعت
کاہش سے ہوئی ہلال صورت

از بسکہ جنون کی ابتدا تھی
نامحرمِ محرم و ردا تھی

سر پاؤن سے تھا نہ کچھ سروکار
آزار سے خوش خوشی سے بیزار

بے سازِ نوا تھی بے سروبرگ
کرتی تھی مدام دعوتِ مرگ

بے صبر تھی بے قرار بسمل
بیتاب تھی بدحواس بیدل

ناجنس کی دل مین تھی محبت
ہمجنس سے ہو گئی تھی نفرت

اک زلف سے سلسلہ ملا تھا
زنجیر کا اُس کو حوصلا تھا

ہالہ فگنِ گلو جو تھی جیسا ہ
تھی حلقہ بگوشِ طوق وہ ماہ

آنسو صفتِ قضا سے تھی جاری
ہر آنکھ تھی ابرِ نو بہاری

وہ پھول سا رخ لیے تھا زردی ۔ یاقوت سے لب تھے لاجوردی
تھی صورت چشم آپ بیمار ۔ سرتا بہ قدم تھی شکل آزار
مانند کمر وہ کھو گئی تھی ۔ خود اپنی قسم وہ ہو گئی تھی
خود جلتی وہ اور کو جلاتی ۔ آہن کو تھی موم سا گلاتی
بیٹھی وہ اگر تو نقش پا تھی ۔ پھر اُٹھنے کے نام سے خفا تھی
اک حشر کیا تو جب کہ اُٹھی ۔ طوفان بلا اُٹھا کر اُٹھی
کھاتی تھی غم و الم خوشی سے ۔ یا اُس کو غم و الم تھے کھاتے
رہتی تھی لہو کے اشک پی کے ۔ یا اشک لہو تھے اُس کا پیتے
طعنے سُنتی تھی سب کے خاموش ۔ گویا کہ نہ رکھتی تھی لب و گوش
بے شور دہن تھا دل تھا پرشور ۔ زندہ تھی مگر وہ زندہ در گور
کہنا نہ کبھی کسی کا مانا ۔ وہ اک طرف اک طرف زمانا
شکوہ زندان سے تھی یہہ کرتی ۔ میرے ہی لیے نہ کیا جگہ تھی
وحشت سے کہا تو ہی خدارا ۔ تکلیف کر اس قدر گوارا
جا کر بحضور عشق خودکام ۔ پہُنچا یہہ پس سلام پیغام
حضرت کی جو ہے کنیز جانسوز ۔ اُس سوختہ جان کو ہر شب و روز
یہہ غم ہے یہہ رنج ہے یہہ افسوس ۔ سامان جنون ہوا نہ پابوس
ان پاؤن مین بیڑیان نہ پڑنا ۔ بے لطف ہے ایڑیان رگڑنا
بیڑی زنجیر طوق آہن ۔ پازیب جنون ہے حسن گردن
بیڑی ہے نہ طوق ہے نہ زنجیر ۔ پابندی رسم ہے گلوگیر

برگشتہ زمانہ کی طرح ہے　　دنیا کی بھی کیا نئی طرح ہے
اُس جور رسنے (جو کہ تھا مرا کام)　　میرا ہی تمام کر دیا کام
کیون ہوتے صنم ہین جور پیشہ　　اک دن یہی دل یہی ہے تیشہ
بیکار ہے اب یہہ سب پس و پیش　　مشتِ پسِ جنگ و گلۂ خویش
عبرت ہو بتانِ دل شکن کو　　در پیش ہے چاہ چاہ کن کو
کس سے کہون آہ کیا ہے درپیش　　قہرِ درویش و جانِ درویش
اک دل مرا اور یہہ دردِ بیحد　　سنگ آمد و آہ سخت آمد
جیسا مرا دل ہوا ہے دشمن　　من دانم و داند این دلِ من
نیرنگِ جنون یہہ رنگ لایا　　نقشہ تصویر کا جمایا
موباف سے بال کچھ نکالے　　پالے ہوئے آستین کے کالے
تارِ رگِ جان سے اُنکو باندھا　　تصویر سا موقلم بنایا
کچھ رنگ کے واسطے جو چاہی　　دیدی شبِ ہجر نے سیاہی
کچھ صبحِ فراق نے سفیدی　　اُس ماہِ اسیرِ غم کو دیدی
درکار ہوا جو مشکِ اذفر　　کہنے لگی دل مین شاد ہوکر
لیتی نہین کس لیے مین دلِ تنگ　　رخسار سے خال خال سے رنگ
زردی کے لیے تھی جانفشانی　　کام آیا وہ رنگِ زعفرانی
غش نے آکر فسون کیا کچھ　　نیل لبِ نیلگون دیا کچھ
سرخی خونِ جگر کی لیکر　　ہاتھون کو دعائے خیر دیکر
سرنامہ پہ کھینچی اپنی تصویر　　ہم صورتِ سرنوشتِ تقدیر

یہہ حالت زار یون دکھائی
تصویر وہ آئینہ بنائی
تصویر کا وصف کیا رقم ہو
جب بال پری کا موقلم ہو
گو تار نظر سے تہی مسلسل
پر کھائے ہوئے تہی نازکی بل
تصویر ہوئی جو کھنچکے تیار
نامہ یہہ لکہا بہ شکل گلنار

نامہ

اے موجد طرز خوبنمائی
وے ماہر رمز دلربائی
اے راحت جان خستہ حالان
آرام دل شکستہ حالان
اے باعث لطف زندگانی
سرمایۂ عیش و کامرانی
اے موجب ارجمندی دل
اے باعث سربلندی دل
امید امیدوار تو ہے
صبر دل بیقرار تو ہے
ہے زخم دل و جگر کا پھاہا
مردم مری چشم منتظر کا
تو باد صبا مین غنچہ تر
تو نرخ بہا مین لعل و گوہر
مین غنچہ دہان تو شوخ تقریر
مین شمع مراد دل تو گلگیر
تو رنگ و بہار آرزو ہے
تو دار و مدار جستجو ہے
گلچین تو مری بہار کا ہے
پتلا مری جان زار کا ہے
جو غم کہ ملا ہے میری جان کو
ملتا جو زمین و آسمان کو
ہوتا یہہ وہوان سمٹ کے پانی
برباد تہی خاک کی کہانی
رخصت ہوئے صبر و تاب و طاقت
ہے ہے نہ خرد نے کی رفاقت
احباب بہی کر گئے کنارا
صحبت نہ ہوی مری گوارا

برگشتہ ہوا مرا زمانہ بیگانہ بنا جو تھا یگانہ

مادر نے پدر نے اقربا نے سب نے چھوڑا انہین خدا نے

اس سوز و گداز متصل سے جل جل کے یہہ کہتی ہون مین دل سے

بیدرد کہان کی دشمنی ہے اب درد سے جان پر بنی ہے

کیا تجکو ملا بتا ستمگر ناکردہ خطا مجھے پھنسا کر

پہلے تو کہا مرا نہ مانا اُلفت کو بس ایک کھیل جانا

اب آپ سے کیون حواس ہین گم کھوئے گئے کس خیال مین تم

خود کردہ تمھار اپیش آیا جو تمنے کیا دھرا اُسکا پایا

بس اتنے ہی مین یہہ چھکّے چھوٹے سمجھو نہ ابھی کہ رستے چھوٹے

جو غم کہ نصیبِ دشمنان ہے جو درد محیطِ جسم و جان ہے

اعمال کی آپ کے جزا ہے افعال کی آپ کے سزا ہے

ہر حلقۂ زلف اک کڑی ہے زنجیر سی پاؤن مین پڑی ہے

پُرسش کہ مذاقِ ہر بشر ہے نشتر بجراحتِ جگر ہے

دردِ دل مین بتاؤن کیونکر داغِ دل مین دکھاؤن کیونکر

کس کس کو بتاؤن کیا ہوا ہے کس کس سے کہون کہ عشق کیا ہے

باقی جو نہ رہتی ضبط کی تاب بلکہ کہتی بچشم پُر آب

کسواسطے مجھپہ یہہ جفا ہے کس دین مین یہہ ستم روا ہے

اس طعنہ زنی پہ خاک ڈالو پہلے مرے دل کو تو سنبھالو

کر خونِ جگر سے چشم نم مین پڑھتی یہہ غزل ہون دمبدم مین

غزل

منہ مجھسے چھپا مرے قمر کا — کالا ہو منہ اے خدا سحر کا
گر عشق اسی بلا کا ہے نام — حافظ ہے خدا دل و جگر کا
مشغول رکھا مجھے ہمیشہ — اللہ بھلا ہو چشم تر کا
اک آگ لگی ہے تن بدن مین — احسان ہے آہِ پُر شرر کا
ہے حاصلِ زندگی اگر موت — اے عشق نشان دے میرے گھر کا
مرزا کے سوا گذر نہ یارب — تبخانۂ دل مین ہو بشر کا
اے یار الہ چشمِ بد دور — پہلو مین بجائے دل ہے ناسور
زخمون سے بدن تمام افگار — داغون سے تمام جسم گلزار
آئینہ نمط ہمیشہ حیران — ہر وقت مثالِ بُو پریشان
قسمت مین نوشتہ تیرہ کامی — خلقت مین نہفتہ ناتمامی
خونِ نابِ سرشک و آہ سوزان — آرامِ نظر ہے راحتِ جان
ہے زندگی وردِ جاودانی — پائے نہ عدو یہہ زندگانی
الفت کا بھی کیا ستم ہے افسون — لیلی کو بنا دیا ہے مجنون
گریہ نے یہہ معجزہ دکھایا — دریا مری آنکھ سے بہایا
خمیازۂ دید کھینچتی ہے — آشوب مین آنکھ آگئی ہے
مجروحِ دلی نہ کیون ہو بشاش — زخمو نپہ ہے یہہ غزل نمک پاش

غزل

دل لے گیا کون زود جانی — غم دے گیا کون ناگہانی

زور و نیچہ و فورِ ناتوانی
ہے جسم کو روح کی گرانی

آنکھوں نے وہ کی سرشکباری
گذرا گئی بار سر سے پانی

جو داغ کہ ہے جگر میں روشن
ہے حضرتِ عشق کی نشانی

شکوہ نہیں گردشِ فلک سے
آنکھیں ہیں مری جفا کی بانی

مزا سے لگی ہے آنکھ جب سے
خواب آنکھوں میں ہو گیا کہانی

پھر داغ جگر ہرا ہوا ہے
زخموں میں نمک بھرا ہوا ہے

جو غم مری جان نے سہے ہیں
صدمے مرے دل پہ جو رہے ہیں

ان کا تجھے حال گر دکھاؤں
دو چشموں سے بحرِ خون بہاؤں

دل میں مرے درد ہر گھڑی ہے
لب پر دمِ سرد ہر گھڑی ہے

ہے شورشِ سر کو سنگ سے انس
اشکوں کو لہو کے رنگ سے انس

دل پر وہ لگے ہیں زخمِ کاری
لختِ جگر آنکھ سے ہیں جاری

سینہ میں ہے ایک داغ روشن
آنکھوں میں ہیں دو چراغ روشن

سر پھوڑ رہی ہوں میں جنون میں
آلودہ ہے تن تمام خون میں

ناخن نے کیا فگار تن کو
پنجے لگے جنون کے پیرہن کو

وحشت نے کیا ہے چاک دامان
سر پہ ہے جنون کا بارِ احسان

پوچھو نہ وجودِ پیرہن کو
باقی نہیں تار بھی کفن کو

ٹکراتی ہوں سر کو سرزمین سے
جاری ہے لہو مری جبین سے

حالت ہے ردی دلِ زبونکی
ہیں بندہ نوازیاں جنون کی

پھر ضبط کر آہ متصل کو
بہلاتی ہوں اس غزل سے دلکو

غزل

یاد آتا ہے جب وہ سرو قامت
ڈھاتی ہون مین ہر جگہہ قیامت

کرتا ہے یہہ چھیڑ عاشقون سے
آئی ہے مگر فلک کی شامت

ہاتھون سے اس آہ بے اثر کے
کیا کیا مجھے ہوتی ہے ندامت

ہے داغِ جگر چراغ گھر کا
یارب رہے تا ابد سلامت

میرا غمِ ہجر جھیل جانا
ہے حضرتِ عشق کی کرامت

قیس و فرہاد مقتدی ہین
مرزا کو ہے عشق کی امامت

ان ہاتھون سے غم گلے پڑا ہے
پابندی نے پا بہ گِل کیا ہے

تھم تھم کے یہہ غم بدل گیا طور
رک رک کے درد ہو گیا اور

ناکامیِ عشق بھی غضب ہے
امید ہماری جان بلب ہے

دیوانہ کہے نہ کیون زمانہ
ہر فعل و سخن ہے وحشیانہ

پتّون کو کبھی پکارتی ہون
مرغانِ چمن کو مارتی ہون

مین نقشِ قدم ہون گاہ اٹھاتی
گہ نقشِ بر آب ہون بناتی

زلفون سے مین خار جھاڑتی ہون
گیسو کا غبار جھاڑتی ہون

ہون موجِ ہوا سے پیچ کھاتی
چکّر مین بگولہ سی ہون آتی

زلفون سے ہوا سے ہے بگڑتی
بر عکس مین عکس سے ہون لڑتی

اک آن مین جہان ہون جلاتی
مین آگ ہون آب مین لگاتی

محرم جو ہے رازِ دل کا ہمراز
بھیدی اسے جانتی ہون غماز

دیوانہ جنون نے بنایا
حیرت نے اک آئینہ دکھایا

گلشن سے ہوئی ہے بیدماغی
گلزار ہوا ہے مجھسے باغی

در پئے ہے سدا گل آبرو کا
تشنہ ہے مدام یہہ لہو کا

ہر خار چمن ہے خار کھاتا
طوفان ہر ایک ہے اُٹھاتا

کچھ گل ہی نہین ہے صورتِ خار
پہنچاتی ہے بوے گُل بھی آزار

گلچین مری تاک مین ہے رہتا
ہر پھول سے رازِ دل ہے کہتا

گلشن مین ہے میرے غم کا چرچا
بلبل نے کیا ہے راز افشا

سوسن کی زبان سے تنگ ہوئین
نرگس کی نظر سے دنگ ہوئین

طعنون کا جو سلسلہ بپا ہے
سنبل نے مجھے پھنسا دیا ہے

یہہ جال بنفشہ نے خدایا
بدنامی کے نام سے بچھایا

چمپا نے بھی زرد رُو کیا ہے
رسوائی سے دو بدو کیا ہے

صرصر نے یہہ خاک ہے اُڑائی
لالے نے یہہ آگ ہے لگائی

شبو نے یہہ تازہ گُل دیا ہے
انگشت نما مجھے کیا ہے

نرگس ہے اشارون سے دکھاتی
سوسن مری چغلیان ہے کھاتی

شوخی یہہ حنا نے کی سرِ دست
بدنام کیا ہوئی جو پا بست

غنچہ نے نہین شگوفہ چھوڑا
دل کا ہے جلا پھپھولا پھوڑا

اشجار سے یہہ ثمر ملا ہے
رسوائی کا خوب گُل کھلا ہے

کیلے نے کیا یہہ حشر برپا
گلشن مین ہے صورِ شور پھونکا

سرگوشی سے برگ کر رہے ہین
غیبت پہ مری یہہ مر رہے ہین

شمشاد نے سرو نے خدایا
جھنڈے پہ ہے راز کو چڑھایا

انشا نہ ہو رازِ دلفروشی ستّار طفیل پردہ پوشی
نامہ نہین درد کا ہے دفتر الفاظ نہین ہین یہہ اخگر
تحریر نہین ہے خطِ تقدیر قسمت کا لکھا کیا ہے تحریر
طولانیِ زلف اس کو دی ہے اظہار کو ایف دلی ہے
لپٹی ہوئی رنج سے ہے شادی توام ہے مراد و نامرادی
ہر چند ہے شوق کا تقاضا تا حشر اسی طرح لکھے جا
حسرت پہ تری مگر نظر ہے قصہ یہہ غرضکہ مختصر ہے
پاسخ کی جو ہے امیدواری دونی ہوئی میری انتظاری
تقدیر کرے جو غمگساری تحریر ملے تجھے ہماری
خط لکھ چکی جب وہ سوختہ جان پھر دستِ جنون تھا اور گریبان
پھر ہونے لگی جنون کی بیداد فریاد ہے اے خدا ہے فریاد
سوزان ہوا نالہ جہان سوز دل سوز جگر گداز جان سوز
دیکھی جو یہہ حالتِ جنون جوش سوسن سے رہا گیا نہ خاموش
گو طیش مین تھی ادب سے بولی مصحف کی طرح زبان کھولی
دل دینا نہین ہے جان دینا آسان نہین نامِ عشق لینا
دل سلگے مگر دھوان نہ نکلے ٹکڑے ہو جگر فغان نہ نکلے
مرنا کھپنا پہ ضبط کرنا نام ایسے ہی جینے کا ہے مرنا
بولی وہ پری بسر گرانی جانی یہہ نہین ہے جانفشانی
دلسوزی اگر ہے دل جلانا ہمدردی کا کیون کرو بہانا

آزار دہی ہے غمگساری — دلداری ہوئی جگر فگاری
اے دوست لقب جفا کی بانی — دشمن ہوئی کیون مہربانی
تنگ آ گئی تجھسے جان میری — نشتر سی چلی زبان تیری
یہہ کہکے جنون مین خوب روئی — بیٹھی چلّائی جان کھوئی
پتھر سے جو سنگدل وہان تھے — سب درد و الم سی خونفشان تھے
سوتے آنکھون کے کھُل گئے تھے — دل سوزشِ غم سے گھُل گئے تھے
پکّا پھوڑا جگر بنا تھا — ناسور کا دل مین گھر بنا تھا
آنسو بنکر لہو رسا تھا — پھوٹا ہوا دل کا آبلا تھا
چھائے تھا ہر اک کے دل کو وہ غم — سب اُس کے ہوئے شریک ماتم
کہرام بپا ہوا چمن مین — اک حشر نیا ہوا چمن مین
خالی ہوا جب بھرا ہوا دل — سوسن سے وہ بولی نیم بسمل
رکھتی ہے اگر ترس خدا کا — کچھ کام نکال بینوا کا
تقریر کی یہہ سُناکے تحریر — یہہ خط ہے یہہ ہے جنون کی تصویر
دلدار کے پاس اس کو لے جا — کہنا کہ ہے یہہ پیام بھیجا
سوزِ غمِ افتراق جان سوخت — دل سوخت زبان و استخوان سوخت
جیتی ہے یہہ سخت جان نہ مرتی — اوپر کا ہے دم مدام بھرتی
یہہ ہی ہے اگر جگر فگاری — تو ہو چکی زندگی ہماری
مر جائین اگر تو یاد کرنا — ہمکو پسِ مرگ شاد کرنا
کیسا ہے یہہ پوچھنا مرا دل — کُڑھتا تو نہین ہے مبتلا دل

مر جاؤں گی میں جو دل کڑھیگا — پھر دل نہ کبھی مجھے جڑے گا

سوسن مری جان تیرے قربان — رہ جائے نہ دل میں یہ بھی ارمان

للہ تو میری قاصدی کر — ہدہد ہے تو ہی تو کبوتر

نامے کا مرے جواب لادے — خالق تجھے خیر کی جزا دے

سوسن نے لیا وہ درد نامہ — وہ دفتر عنبرین شمامہ

اک نقش محبت اس نے پایا — تعویذ اسے بازو کا بنایا

پہلے سب سے گلے ملی وہ — پھر صورت رنگ اڑ گئی وہ

دسوین داستان

روانہ ہونا شاہزادے کا شہر ماچین سے اور اثنائے راہ مین وارد ہونا اس کا لطیفہ خاتون کے باغ مین اور ہرن بنایا جانا اس کا بزور جادوے لطیفہ

اے نکتہ نواز نکتہ پرور — زریں رقم نظام اختر

چلتا نہیں خامہ اب کسی بل — پائے رفتار ہو گئے شل

شورے کی قلم قلم بنا ہے — جادو کس کا یہ چل گیا ہے

آسیب کی کچھ خلش اگر ہو — چشم بد بین کی بد نظر ہو

ہو سرمۂ کعبہ گرم تسخیر — بہر دفع نظر ہو تدبیر

کچھ بعد دوا دوش دوا دون — ہیں مصحف پاک کی ہوا دون

اسمِ اعظم کو دم کرون ہین — نقشِ علوی رقم کرون ہین

زمزم کا پلاؤن اُس کو پانی — تا از سرِ نو ملے روانی

برکت کی نظر سے پہلے جا کے — نقشہ بیت الحرم کا کھینچے

سنگِ اسود کو دیکے بوسہ — حُرمت سے چھوے غلافِ کعبہ

رکھے قدم زمین پہ مُڑ کر — جائے عرشِ برین پر اُڑ کر

لوحِ محفوظ پر روان ہو — سجدے کا سرِ جبین نشان ہو

باغِ جنت مین نغمہ خوان ہو — محسودِ عنادلِ جنان ہو

پورے کر کے دلی مطالب — شاخِ طوبی سے بدلے قالب

پھر مجکو ملے بصورتِ کلک — کلکِ انجم فشان گہر سلک

پھر کبکِ خرامِ ناز پائے — پھر کبکِ دری کی جان جائے

پھر ہو سرِ صفحہ گرمِ رفتار — پھر نالِ قلم ہو یون گہربار

وہ سرِّ خفی وہ نکتۂ راز — انجام جہان جہان کا آغاز

وہ نیک نہاد نیک انجام — وہ ماہ رخِ خجستہ فرجام

سونچا تھوڑی سی شب ہے باقی — چلتی ایسے مین ہے ہوا بھی

جھونکون مین نسیم کے نکلیے — بادِ سحری کے ساتھ چلیے

دیکھا جو فراق کا سرانجام — دل آزردہ ہوئی دلارام

وسواس جو زخمِ دل کا آیا — اُس ماہ کو چاندنی کو سونپا

شہر ماچین سے راہ و بیراہ — نکلا تارون کی چھان مین وہ ماہ

باہر ہوا ادیڑے سے ہرکر — صحرا کی زمین کا بن گیا گز

پس ماندگی کو عقب میں چھوڑا
پیشانی کی سمت مُنھ کو موڑا

اک وشتِ بلا ملا لق و دق
رنگِ رُخِ خضر تھا جہاں فق

میدان میدانِ حشر یکسر
ہر ذرّہ تھا آفتابِ محشر

میدانِ قلم مراکفِ دست
ہمت کی طرح ہوئے یہاں پست

ذرّہ ذرّہ جلا بُھنا تھا
کانٹا کانٹا لہو کا پیاسا

صحرا میں قدم نہ تھا اُٹھانا
تھا زیست سے ہاتھ کا اُٹھانا

آفات سے کچھ ڈرا نہ کانپا
وہ وشتِ بلا قدم سے ناپا

تھا شوق سے بڑھ کے تیز دم وہ
آگے جاتا تھا دو قدم وہ

خود صورتِ خار بن گیا تھا
رفتار کا تار بن گیا تھا

تقدیر کا پاؤں میں تھا چکّر
در ماندہ ہوا بھٹک بھٹک کر

رفتار سے خود ہوا جو ناچار
چلنے لگی اُس کی تابِ رفتار

بے راہ روی جو اُسکی دیکھی
خضرِ صحرا نے رہبری کی

اقبال آکر ہوا مددگار
پیکِ غیبی ہوا نمودار

پیرِ روشن ضمیر حق بین
نورِ ایمان و رونقِ دین

مردِ مرتاض عابدی کیش
تیغِ عشقِ خدا سے دل ریش

شہزادہ غریقِ بحرِ غم تھا
درویش الیاس سے نہ کم تھا

وہ خضر اگر تھا یہہ سکندر
گُم کردہ راہ یہہ وہ رہبر

یوں دونوں بہم ہوئے ملاقی
جیسے کوئی تشنہ اور ساقی

پایا اُسے صاحبِ بصیرت
قُدسی نفس و فرشتہ سیرت

جاتا رہا اُس کا رنج وافسوس درویش کا وہ ہوا قدم بوس
آداب سے ہو کے پھر بغلگیر کی بعد مُصافحہ یہہ تقریر
تم مصحفِ پاک کی ہو آیت گمراہ کے واسطے ہدایت
تم مردِ خدا ہو ناخدا ہو ساحل پہ سفینہ کو لگا دو
بولا وہ گلِ مراد کا رنگ پورب کو چلا جا چند فرسنگ
اک میل ملے گا سروِ قامت برپا ہے کیئے ہوئے قیامت
الماس کی لوح اک درخشان پیشانی میل پر ہے چسپان
روشن ہے مثالِ قلبِ صوفی با کلکِ جلی بخط کوفی
منقوش ہے رہبری کا ملفوظ اُس لوح پہ شکلِ لوحِ محفوظ
واقف کر کے بھلے بُرے سے رخصت ہوا ایک دوسرے سے
بیدم گو تھا قدم اُٹھایا مرگھٹ کے قریب میل آیا
کی میل کی سرنوشت معلوم دیکھی یہہ عبارت اُسپہ مرقوم
جا حُسنِ عمل کی شکل وائین درپیش نہ تا کہ ہون بلائین
گر جانبِ چپ کہین گیا تو آفات مین ہوگا مبتلا تو
تھا قصد کہ چلیے بے کدورت رہِ راست کو راستی کی صورت
کچھ راہ کا کچھ سمجھ کا تھا پھیر بائین کو گیا ہوا یہہ اندھیر
درپیش ہوا اک اُس کو جنگل غول و عفریت کا تھا دنگل
کانٹون سے رندھا ہوا تھا وہ بن رفتار کا ہر قدم پہ مدفن
اس درجہ تھے سربلند اشجار خورشید سنبھالتا تھا دستار

گویا کہ وہ برگ کی زبان سے | باتین کرتے تھے آسمان سے

خالی پھل پھول سے تھے اشجار | شل دستِ تہی نادار

مہرخ نے جو دیکھا وہ اکھاڑا | حربے کے لیے شجر اُکھاڑا

نزدیک آیا لگا کے جو گھات | گرزِ چوبی سے کی مدارات

غولون سے ہوا جو پاک وہ بن | آگے کو بڑھا وہ پاک دامن

کچھ دور سے دیکھا ایک احاطہ | تا حدِ نظر کیے اِحاطہ

دروازہ بلند و سرکشیدہ | جس سے دلِ مہ ضرر رسیدہ

تھی اوج پر اُس کی شانِ رفعت | مہتاب کو سیر مین تھی رجعت

در صورتِ چشمِ شوق وا تھا | ہم شکل کفِ سخی کھُلا تھا

زنگی پھرے پہ شکلِ اژدر | یا مار سیاہ بر سر زر

خاطر کی طرح کشیدہ قامت | اُٹھنے مین نمونۂ قیامت

عفریتِ مہیب دیو قامت | غولِ صحرا نہنگ صورت

نیچے کا تھا ہونٹ تا سرِ پا | اوپر کا بنا تھا خود سر کا

منھ اُسکا تھا موت کا دھانہ | تھا مرگ کا حلق قید خانہ

ہڈی ہڈی سطبر و گُندہ | دوزخ کا ہر ایک عضو گُندہ

وہ وقت جو خواب مرگ کا تھا | بیٹھے بیٹھے وہ سو رہا تھا

خراٹون کی تھی کھرج کی آواز | یا رعد کی تھی گرج کی آواز

کہتا ہوا فتنہ خفتہ بہتر | گلشن مین گیا وہ یاسمن بر

آراستہ باغ تھا سراسر | ہر برگ تھا صورتِ گلِ تر

خوش ہو کے بہار جانفزا سے — شاخین شجرون کی اک ادا سے
متوالون کی شکل جھومتی تھین — ملکر گلے مُنھ کو چومتی تھین
شہزادے نے اک چمن مین دیکھا — چھوٹا ہوا غول آہوؤن کا
سونے کی سنگوٹیان جڑی تھین — جھولین زربفت کی پڑی تھین
جھالر مین ٹکے ہوئے گھُچند — گردن مین بندھے ہوئے گلوبند
شاخون پہ چڑھی ہوئی تھین بیلین — کرتے پھرتے تھے سب کلیلین
پھولون کے وہ نوشگفتہ گلّے — کھاتے پھرے آہوون کے گلّے
گلزار کی وہ ہری ہری دوب — چرتے پھرے وہ چمن کے محبوب
حیوان نما وہ آدمی زاد — ہم جنس کو دیکھکر ہوئے شاد
اصلی پیکر جو یاد آئے — آنکھون سے سرشکِ خون بہائے
کیون چرخ یہہ کون سی جفا ہے — کس دام مین کو پھنسا ہُما ہے
اس جور کی حد بھی ہے ستمگر — روحِ انسان ہرن کا پیکر
شہزادہ کے حُسنِ دلربا پر — غربت کی نظر سے رحم کھاکر
چشم آہو کا تھا اشارہ — آہو چشمون سے کر کنارہ
برگشتہ نصیب سیدھا اُلٹا — اُلٹے پیرون یہان سے پھر جا
قسمت نے کیا تھا کور ہیہات — سمجھا نہ کنایۂ اشارات
دن اُسکے بُرے پڑے تھے پیچھے — سائے کی طرح بڑھا وہ آگے
باتون کی سُنائی دین صدائین — آپس کی چُہل کی خوش ادائین
کچھ رقص سرود کی خوش آواز — تھی سوئے فلک بلند پرواز

دلکش مطرب کا وہ ترانہ | اشعارِ غزل وہ عاشقانہ
پوشیدہ سُنا کیا وہ خاموش | آواز کی رخ کیے ہوئے گوش
بیچین ہوا جو دل زیادہ | کہنے لگا دل مین شاہزادہ
اندر سے محاط کو بھی دیکھو | اِس بزمِ نشاط کو بھی دیکھو
یہہ سیر بھی ہاتھ سے نہ جائے | جوبن کا مزہ نظارہ پائے
کرتا ہوا سیر ہرِ در و بام | پھرتا ہوا جیسے بزم مین جام
داخل ہوا بے محل محل مین | جا پہُنچا وہ بیحجُراجل مین
دیکھا جو مکان کو مکین کو | رشکِ مہ و مہر مہ جبین کو
دل نے کہا اب مجھے سنبھالو | دانش نے کہا کہ خاک ڈالو
بانوئے لطیفہ حسن آرا | غرفے سے تھی کر رہی نظارا
ناگاہ نگاہِ فتنہ پرداز | مہرخ کے جو رخ سے کر گئی ساز
کہنے لگی یہہ لطیفہ لاریب | سمجھو اس کو لطیفۂ غیب
ناخواندہ وہ میہمان بُلایا | مہمان کو میزبان بنایا
پوچھا کہ اُٹھائی کیون یہ تکلیف | کچھ کیجیے آپ اپنی تعریف
بولا ہون عجم کا شاہزادہ | ہے قاف کی سیر کا ارادہ
بہتر ہے کہا کہ بندہ پرور | کچھ روز تو ٹھہریے یہان پر
ہو شاد دلِ لطیفہ بالُطف | بے لُطف اگر ہے تو کیا لُطف
منظور کرو جو ماحضر کو | ممنون کرو تمام گھر کو
یہہ کہکے ہوئی وہ ماہ موصوف | مہمانیِ میہمان مین مصروف

کی اُس نے برسم میزبانی
آراستہ محفلِ کیانی

تھی بزمِ نشاط شکلِ پروین
بلّور کے شیشے جام زرّین

حاضر ہوئے ساقیانِ گلفام
سیمین تن و گلبدن گل اندام

دورِ مئے لالہ گون چلا پھر
چلنے لگا جام بر ملا پھر

بدمست ہوئی جو وہ گلِ تر
پھرنے لگا سر برنگِ ساغر

پی مے جو دنادم و پیاپے
لائی کچھ اور رنگ وہ مے

حسرت کو لیے ہوئے جوانی
بیتاب تھی بہرِ میہمانی

کرنے لگی آرزو اشارے
بے باکانہ ہوس نظارے

ارمان کا دل پہ تھا تطلّم
خواہش نے بپا کیا تلاطم

ٹھنڈا کرنے کو وہ دلِ گرم
کہنے لگی رکھ کے طاق پر شرم

اس مئے سے گئی نہ سردیِ دل
شوقِ مئے وصل سے ہے بسمل

رکھیے نہ دلِ حزین کو ناکام
شیشے کو جھکائیے سرِ جام

پیمانے کے منہ میں ہو گلابی
ساغر میں ہو گردنِ صراحی

طوفانِ مئے ہوس بپا ہے
مستی کا قدح چھلک رہا ہے

بولا بحجاب شاہزادہ
محجوب نہ کیجیے زیادہ

کافی ہے اسیقدر عنایت
ممنون ہوں آپ کا نہایت

ہر بوسۂ لب ہے مہرِ اقرار
ہوگا پسِ واپسی نہ انکار

پاسخ جو جگر شگاف پایا
کاکل کی طرح سے پیچ کھایا

پلٹے جو کچھ اُس نے طور بے طور
جلتا ہوا اُس کا دل جلا اور

سوچی یہہ ہما بلند پرواز — پھنستا نہیں سہل صورتِ باز

کام آیا نہ دام اور نہ دانا — بیکار ہے حیلہ و بہانا

افسون کا اثر اسے دکھاؤن — جادو اس سر پر اب کھلاؤن

پیاسے کی نہ پیاس جو بجھائے — ترسائے مگر ترس نہ کھائے

ہے اُس کی سزا ترس نہ کھانا — انسان سے جانور بنانا

معجونِ زبرجدی منگا کر — مہرخ سے کہا یہہ مسکرا کر

معجون ہے یہہ حیاتِ جوہر — معجونِ لطیف روح پرور

اک سنگِ رمق اسے جو کھائے — پژمردہ حیاتِ تازہ پائے

درماندہ کی ماندگی ہو کافور — کچھ نوش کرو کہ کسل ہو دور

تقدیر جو بر سرِ بدی تھی — پیش آئی وہی جو کچھ بدی تھی

چاہا قسمت نے جب پھنسانا — دانہ ہوا دامِ مرغِ دانا

کام آئی نہ عقل و ہوشیاری — کی فہم و خرد نے کچھ نہ یاری

سوچا نہ ذرا وہ دور اندیش — سمجھا نہ ذرا وہ بے پس و پیش

اپنے ہاتھوں سے زہر بونا — خود کردہ کو پھر پڑیگا رونا

بے وسوسہ وسوسہ نہ لایا — معجون نما وہ زہر کھایا

کھاتے ہی گرا وہ چرخ کھا کر — اک لائی چھڑی لطیفہ جا کر

الماس سے سر بسر جڑی تھی — ہلکی وہ کہ پھول کی چھڑی تھی

سنبل کی طرح سے پیچ کھائے — چہ بافتِ سرو کا اُڑائے

صورت میں مثالِ شاخِ طوبیٰ — سیرت میں یگانہ و عجوبا

نازک بدنون کا تھا چم وخم — تاثیر مین تیغ آتشین دم
تھی رنگ مین رنگِ زلفِ شبرنگ — کاکل کا بھی اُس سے قافیہ تنگ
تھی اخترِ صبح شام اُس کی — شہرت ہوئی روم شام اُس کی
کہنے کو چھُری تھی کہکشان تھی — یا چینِ جبینِ مہ وشان تھی
افعی سی وہ زہر مین بھری تھی — جادو کی غرض کہ وہ چھُری تھی
آہستہ لگائین سحر خوانان — چارون شانون پہ چار چھُریان
آہو وہ بنا بزورِ جادو — عاشق کی برات وشاخِ آہو
آہو بھی بنا تو خوب صورت — ہم چشمِ غزال وحورِ جنّت
اللہ رے اُس کی جامہ زیبی — آہو کا لباس و دلفریبی
کرتا ہوا جنت کا گلہ وہ — ہم چشمون مین اپنے جا ملا وہ
قسمت مین بجائے آب ودانا — شکلِ آہو تھا گھانس کھانا
آہو کے لباس مین وہ مجروح — رہنے لگا جیسے جسم مین روح
چندے اِسی شکل مین بسر کی — مجبوری سے شام کی سحر کی

گیارھوین داستان

لطیفہ خاتون کے باغ سے نکلنا شاہزادے کا بشکل آہو اور داخل ہونا اُس کا جمیلہ خاتون کے باغ مین اور پھر آدمی بنایا جانا اُس کا جمیلہ کے سحر سے اور پھر روانہ ہونا طرف کوہ قاف کے پشت سیمرغ پر

لکھتے ہین سخنورانِ جادو | چشم کافر کو چشم آہو
عالم کے تمام نکتہ پرداز | کہتے ہین اسی کو سحر و اعجاز
ہان اے مرے کلکِ سدرہ پیوند | طوبائے نعیم کے جگربند
ہان اے قلمِ بلند پرواز | سرمایۂ فخر و مایۂ ناز
اعجازِ سخنوری دکھادے | آہو کو تو آدمی بنادے
وہ خالقِ لم یزل کا اعجاز | تصویرِ غزالِ جنتِ ناز
وہ آہوِ وادیِ مصایب | وہ جلوۂ مظہرِ عجائب
وہ حورِ جنان کا نورِ دیدہ | وہ جامۂ آدمی دریدہ
وہ ماہرخِ دلِ زمانہ | یعنے شہزادۂ یگانہ
وہ دستِ جنون کا دامن و جیب | تھا منتظرِ لطیفۂ غیب
جادو سے نہ تھی فقط زبان بند | تھا بند گلو لب و دہان بند
قابو مین نہ جب زبان کو پایا | دل کو اُس نے زبان بنایا
اک دل تھا ہزار آرزو تھی | دل ہی دل مین یہہ گفتگو تھی
اعمال کی اپنے ہے یہہ شامت | مقصد کے عوض ملی ندامت
منزل کی نہین مجال رفتار | دو پاؤن سے گو کہ ہو گئے چار
گیسو کو جو ہاتھ مین لگاتا | یہہ روزِ سیہ نہ پیش آتا
ملکر جو گلے قدم پکڑتا | جامہ یہہ مرے گلے نہ پڑتا
کیونکر مین دکھاؤن بے پر و بال | اُس رشکِ پری کو صورتِ حال
ہر نوکِ مژہ گڑی ہے دل مین | ابرو کی گرہ پڑی ہے دل مین

سوسن کی فسون گری ہے روشن | ہوتی جو یہان وہ سامری فن
یہہ سحر کے بند کھول دیتی | بدلا مرا ساحرہ سے لیتی
کھل جاتی حقیقت اس کے گُر کی | ملتا تُرکی جواب تُرکی
مان باپ کی یاد نے ستایا | دکھتا ہوا اور دل دُکھایا
یاد آئے برادرانِ مقتول | سب اپنی مصیبتین گیا بھول
کہتا تھا کہ اس سے لاکھہ درجے | پھر قصر کے کنگرے تھے اچھے
سب کچھہ یہہ قہرِ مہر انگیز | بویا ہوا زہرِ مہر انگیز
یاد آئی نصیحتِ دلارام | نادم ہوا اپنے دل مین ناکام
وہ حور وہ قصر وہ چمن زار | وہ پھول وہ پھل وہ نہر اشجار
پھرنے لگے روبرو نظر کے | رونے لگا سب کو یاد کرکے
انجم سے گرے قمر کے آنسو | موتی سے گرے گہر کے آنسو
افکار سدا یہی تھے دلریش | تشویش یہی مدام درپیش
کب بندِ فسون سے ہو رہائی | عقدے کی ہو کب گرہ کشائی
کب دیکھین معاف ہون معاصی | اس جامہ سے کب گلو خلاصی
وحشت نے پھر اسکی کل کو کوکا | اک گشت لگایا چارسو کا
گلزار کی ایک سمت دیکھی | دیوار کی پست سربلندی
دیکھی دیوار اک نظر سے | پایا نہ اُسے بلند سر سے
بنیاد سے عرض و طول دیکھا | دیوار کو وان فضول دیکھا
قسمت کی طرح سے تھی وہ کوتاہ | خوش تھا کہ ملی گریز کی راہ

اک جست مین جا کے پار دیکھا — پھاندا تھا جہان سے پھر وہین تھا

تشبیہ ہوئی قطب نما کی — کودا کیا پر جگہ نہ بدلی

گویا روشِ زمین و محور — ہر پھر کے رہا اُسی جگہ پر

اُمید کو یاس نے بُلایا — ہمّت کو اُمید نے بڑھایا

ہمّت نے دیا قدم کو کاندھا — دیوار کو سات بار پھاندا

سونچا کہ طلسم سے تنِ زار — ہے نقشِ زمین و پائے بیکار

قسمت مین نیا تھا آب و دانا — ایک اور طرف ہوا روانا

دانہ — روانہ

کرتا ہوا چرخ کی شکایت — اپنے حرکات کی فضیحت

کہتا تھا بُرا ہو سامری کا — زردشت کا سحر و ساحری کا

تقدیر نے کی جو کچھ اعانت — توبہ کا کھلا درِ اجابت

دیوار مین اک نظر پڑا در — آئینہ مین جیسے عکسِ دلبر

در حلقۂ چشمِ آہوان تھا — گلزارِ دگر کا دیدبان تھا

یون آ کے ملا تھا باغ سے باغ — جیسے کہ جگر پہ داغ سے داغ

توام تھے وہ صورت و پیکر — دونون کا ملا ہوا اسقدر

گویا کہ بکاغذِ زر افشان — اک جلد مین بوستان گلستان

فصلِ گُل سا گیا چمن مین — پھرتا ہوا جیسے خون تن مین

سبزہ سا بڑھا چمن چمن سے — ملتی ہوئی چال تھی دُلہن سی

سبزے کو وہ روندتا ہوا پھر — بجلی سا وہ کوندتا ہوا پھر

بھرتا ہوا چوکڑی طرارے — کرتا ہوا ہر طرف نظارے

وحشت کے کھڑے کیے ہوے کان — وہشت سے چھپائے جسم مین جان
جاتا تھا چلا بلند پایا — اک قصر کو سدّ راہ پایا
دم لینے کے واسطے وہ جانکاہ — ٹھہرا دم کی طرح سر راہ
دیکھا کہ نگار حسن افروز — دین و ایمان و جان و دل سوز
نازک تن و نازنین و خوش قد — برآمدے مین ہوئی برآمد
وہ چشم سیہ وہ گیسو — اندھیر کیے ہوئے تھے ہر سو
سرگشتہ زمانے کے دل زار — گیسو کی کمند مین گرفتار
آنکھون مین نگاہ فتنہ پرداز — اک گوشۂ چشم سے نظر باز
ابروئے دوتا در از مژگان — چلّے مین چڑھے ہوئے تھے پیکان
ابروئے خمیدہ شکل شمشیر — مژگان ورا از صورت تیر
ابرو نے چھری جگر پہ ماری — کی دل پہ مژہ نے تیر باری
خال رخ دل کا تھا سویدا — ہر مردم چشم دل سے شیدا
زلفون کے ہوی نثار لیلی — سو دل سے بنی ہزار لیلی
شیرین کا وہ حسن پر ملاحت — خود اس کو نمک تھا بر جراحت
گرداب بلا چہ زنخدان — ڈوبا ہوا جس مین ماہ کنعان
رخسار کا حسن عالم افروز — کھوتا تھا تفاوت شب و روز
چہرے سے ہوا قمر نہ ہمسر — وہ شمس کہان اسے میسر
ہین پیش نظر جبین و بینی — از روئے صفت نہ عیب بینی
تمثیل سنو کہ دل ہو محظوظ — انگشت قضا بہ لوح محفوظ

جوبن کا اُبھار وہ دل آویز — سینہ سے دلون پہ تھا بلا خیز
موزونی مین نخلِ قد مثل تھا — اُس سروِ سہی کا سیب پھل تھا
دندان پسِ لب نہ سربسر تھے — دُرج یاقوت مین گہر تھے
کچھ لب پہ فسون تھا کچھ بیان مین — کچھ آنکھ مین سحر کچھ زبان مین
گلشن سے ہوئی نظارہ بازی — کی تُرکِ نگہہ نے ترکتازی
جس رُخ سے چمن کے آنکھ پھیری — غل تھا کہ نہین ہوئی ہے سیری
باقی نہین کچھ قرار رہا ہے — دم آنکھون مین کھینچ کے آرہا ہے
برباد ہین خاک و آب و آتش — ہے قالبِ روح مین کشاکش
برپا ہے فساد خیر و شر مین — ہے سب کی صفائی اک نظر مین
جب ڈھا چکی آفتین چمن پر — ٹھہری پھرتی ہوئی ہرن پر
دل سے ہوئی شیفتہ جمیلہ — آہو کی فریفتہ جمیلہ
محو ایسی تھی آہوئے ختن کی — آنکھون مین تھین پتلیان ہرن کی
بولی وہ دکھا کے یاسمن کو — لا جلد اس آہوئے ختن کو
کس نازنین گود کا پلا ہے — کس حسن کے سانچے مین ڈھلا ہے
تھا کس کے کنار سے ہم آغوش — کس قدِ حسین کا تھا یہہ ہمدوش
یہہ حسن کہان ہرن نے پایا — غلمان قالب بدل کر آیا
جھالر کا پڑا ہے گرد ہالہ — تارہ ہے چمک مین ہر ستارہ
پھرتی ہوئی جیسے چشمِ جادو — آئی وہ خواص نزد آہو
لی گھانس ہری پڑھی دکھائی — بلبل کو ہوائے گل بتائی

تھا کاہ مین زور کہربا کا | آہو کو برنگ کاہ کھینچا
مقناطیسی کشش دکھائی | فولاد کی شکل کھینچ لائی
لیکر آہو خواص آئی | مطلوب مزاج خاص لائی
پھر لاڈ لگے ہزار ہونے | لاکھون آہو کے پیار ہونے
معشوق صفت گلے لگا کر | آہو سے کہا کہ میرے دلبر
مین کیا مری آن بان صدقے | دل کیا کہ ہزار جان صدقے
رکھا آہو کا گود مین سر | پوچھو نہ غزال کا مقدر
باتین تھین ادھر تو پیاری پیاری | آنسو تھے اُدھر ہرن کے جاری
وان پیار تھا اور دل لگی تھی | یان آنسوؤن کی جھڑی بندھی تھی
آنکھین ہوئین تر سرشکِ غم سے | مانوس الم تھا دم قدم سے
بولی وہ نگار ہو کے حیران | روتا ہے غزال شکلِ انسان
پھر سمجھی قرینہ سے جمیلہ | جادو کا ہے آہوئے لطیفہ
معجونِ زمرد مین منگائی | قدرے تریاق سی کھلائی
کھاتے ہی ہوا غزال بیہوش | جاتے رہے سب رہے سہے ہوش
آہستہ لگایا پھر چھڑی کو | بھولی نہ کبھی وہ اُس گھڑی کو
جب بندِ فسون ہوا کشادہ | مہرخ وہی پھر تھا شاہزادہ
اُس بند سے وہ غزال پیکر | نکلا جیسے صدف سے گوہر
قالب سے ہرن کے ماہ طلعت | نکلا غنچہ سے جیسے نکہت
یا ابر سے جیسے ماہِ انور | یا جیسے گہن سے مہر خاور

یا جیسے کہ آنکھ سے نگاہیں
یا جیسے دلِ حزین سے آہیں

یا جیسے قفس سے بلبلِ زار
یا جیسے کہ قید سے گنہگار

یا جیسے تنِ نزار سے سانس
یا جیسے دلِ فگار سے پھانس

الماس سے یا کہ جسطرح ضو
یا جیسے کہ آئینہ سے پرتو

یا جیسے کہ مشک نافہ سے بو
یا جیسے کسی چمن سے آہو

یا جیسے کہ جان آب وگِل سے
یا جیسے دعا کسی کے دل سے

یا جیسے عروسِ ناز پرور
حجلہ سے کرے خرام باہر

اچھا جو ہوا کچھ اُس کا کہنا
جامہ انسانیت کا پہنا

آہو کے لباس کو اُتارا
بدلا پوشاک کو دوبارہ

ہرچند کہ خود بھی تھی شکیلہ
اُس شکل پہ مر گئی جمیلہ

پوچھا کہ وطن کہا کہ غربت
کیون ترک کیا کہا کہ وحشت

پوچھا مسکن کہا کہ زنجیر
پوچھا باعث کہا کہ تقدیر

پوچھا کہ پتہ کہا نہین ہے
پوچھا مسکن کہا کہین ہے

کیا نام ہے پھر کہا کہ گمنام
کیا کام ہے پھر کہا کہ ناکام

پوچھا مِلّت کہا کہ اُلفت
پوچھا مذہب کہا محبت

پوچھا پیشہ کہا تعشق
پوچھا موجب کہا تعلق

پوچھا منزل کہا عدم ہے
پوچھا مرکب کہا قدم ہے

پوچھا مونس کہا الم ہے
پوچھا ہمدم کہا کہ غم ہے

پوچھا رہبر کہا جنون ہے
پوچھا کیونکر کہا فسون ہے

پوچھا کہ رفیقِ غم کہا آہ ۔ پوچھا حافظ کہا کہ اللہ
لب شکر و سپاس نے ہلایا ۔ بارِ احسان نے سر جھکایا
اظہارِ حقیقتِ گزشتہ ۔ رخصت کی طلب تھی دست بستہ
ہنسکر بولی جمیلہ کیا خوب ۔ شاید تھی بہت لطیفہ مرغوب
اُس کی تو ہوئی قبول دعوت ۔ مجھسے رخصت مین ہے عجلت
وہ ماہ رہا بپاسِ ناہید ۔ اک روز غرضکہ صورتِ عید
مشغولِ نشاطِ عیش و عشرت ۔ محظوظِ سرورِ رقص و دعوت
روزِ عشرت ہوا جو آخر ۔ سمجھا کے جمیلہ سے کہا پھر
سو بات کی ایک بات ہے صاف ۔ جانا ہے مجھے ضرور واقف
پھر کر جو نہ دن کرین خرابی ۔ ہوگی ترے دل کی کامیابی
بولی کس پاس سے کہ مجبور ۔ بیچارگی بندگی ہے مشہور
جاکر لے آئی پھر وہ دلگیر ۔ خنجر تیر و کمان و شمشیر
رومالِ حریر لائی زرکار ۔ دیکر ہر چیز کی یہہ گفتار
کیا تیر کی تم سے ہون ثناخوان ۔ پیکانِ قضا یہی ہے پیکان
اس تیرِ قضا کی دیکھکے چال ۔ معشوق کی ہے نگاہ پامال
پوچھو نہ کچھ اس کمان کا احوال ۔ ہے قوسِ سمائے جاہ و اقبال
صمصام کی تاب برقِ تابان ۔ ہے نام کی عقربِ سلیمان
معشوق کی ابروئے ہلالی ۔ نارِ رشک و حسد مین ڈالی
ہے ماہیِ آبِ فتحِ خنجر ۔ مشکل کہ بیان ہون وصفِ جوہر

رکھے اسے اپنے پاس جو گرد — میدان رہے اُس کے ہاتھ ہو بُرد

روئیں تن ہو دیں تہمتن — ہو پھول کھِلے ہزار سو من

رومال سے اُس کا لو اگر کام — بپھرے ہوئے شیر کو کرے رام

جوہر سے بخوبی ہو کے واقف — راہی ہوا لے کے وہ تحائف

اللہ نے پھر یہ دن دکھایا — واقفات کے رُخ قدم اُٹھایا

چلنے لگی ہمرہ میں جمیلہ — روشن دل کا ہوا فتیلہ

داغوں سے وہ پھول سی کھلی تھی — مرجھائی گلاب کی کلی تھی

اُس ماہ کی دل سے مشتری تھی — دیوانہ تھی گو کہ خود پری تھی

وہ تازہ شباب کا زمانا — وہ پہلے پہل کا دل لگانا

وہ فکر نئی نیا تردد — وہ درد نیا نیا تشدد

وہ چاٹ نئی نیا مزا وہ — پانے لگی عشق کی سزا وہ

تھا حشر کیے ہوئے بپا دل — روکے نہ کسی طرح رُکا دل

سمجھا سمجھا کے تھک گئی وہ — قابو نہ چلا تو خود چلی وہ

تھا ماہ جہاں مقیم منزل — زہرہ سی ہوئی یہ جا کے داخل

پہلو میں جمیلہ کو بٹھا کر — شہزادہ نے پھر گلے لگا کر

سمجھا سمجھا کے کی تشفی — پوچھا اشکوں کو دی تسلی

دے دے کے غرض اُسے دلاسا — واپس کیا تشنہ دل کو پیاسا

القصہ وہ ماہ دھو کے مُنہ ہاتھ — نکلا پھر آفتاب کے ساتھ

اک بیشہ کو سدِّ راہ پایا — داخل ہوا وہ بلند پایا

ضرغام لقب ہزبر خونخوار — رستم بھی تھا جس کے روبرو خوار

ضیغم کی سپاہ کا سپہدار — اُس بیشہ کی راہ کا تھا رہدار

آیا جو مقابلہ پہ ضرغام — شہزادہ ہوا اجل کا پیغام

شمشیر سے اُس نے شیر مارا — سردار کا تن سے سر اُتارا

سردارِ سپہ ہوا جو بیسر — سمجھے وہ کہ اب ہونگے سر بر

بیدل ہوئی وہ سپاہِ بے سر — بھاگے سب پاؤں رکھکے سر پر

پائی خبرِ شکست پیہم — پھرا ہوا آیا شاہِ ضیغم

سرپنجہ کہ پنجۂ قضا تھا — چنگل وہ کہ چنگلِ بلا تھا

جھرخ پہ ڈکار کر اُٹھایا — شہزادہ پہ تیر سا وہ آیا

غصہ سے اسد کا غیر تھا حال — جھرخ نے اُسے دکھایا رومال

رومال تھا یا کہ ابرِ مردہ — پانی سا پیا اسد کا غصّہ

رومال سے دست پاک کر کے — پونچھا چہرے کو شیرِ نر کے

کچھ دام کو صید کر کے بیدام — کی دعوتِ بادشاہِ ضرغام

سر کر کے مہم بپائے مردی — پھر ہو گیا گرمِ رہ نوردی

شہزادہ گیا تھا چند فرسنگ — دیکھا سرِ راہ قلعۂ زنگ

اک لشکرِ روسیہ سیہ کار — قلعہ کی حدود کا نگہدار

فوجِ زنگی کا میرِ لشکر — خاطر کی طرح گران سبک سر

سیرت میں بلا مزاج میں جن — چہرہ کی طرح سیاہ باطن

نازاں تن و توش پر تھا زنگی — تھا دعویِ اژدری نہنگی

شہزادہ کو دیکھکر چنگھاڑا — منہ صورتِ غار اُس نے پھاڑا

زنگی نے اٹھایا اپنا بھالا — شہزادہ نے نیمچہ سنبھالا

گو ہیبتِ خوف و بیم تھا وہ — اک نیمچہ مین دو نیم تھا وہ

زنگی نے جو زنگِ تیغ چاٹا — خون تیغ نے بیدریغ چاٹا

شمشیر تھی یا عصائے موسیٰ — زنگی فرعونِ زرد رو سا

صمصام نے خوب زہر بویا — پانی مین جنھی ڈبویا

زنگی کو ملی جو روسیاہی — شمشیر نے سرخروئی پائی

یکتا تھا اگرچہ اُن مین ہر فرد — مہرخ سے سیاہ رو ہوئے زرد

کھا کھا کے جو اُن کی ضربتِ گرز — صد پارہ ہوئے وہ کوہِ البرز

تلوار نے قتل کے جب کیا وار — دو ایک کے دو کے کردیے چار

خنجر کی چڑھے جو سان مغرور — زنگی ہوئے شکلِ زنگ کافور

جو آیا پئے نبرد نامرد — خون گرمیِ تیغ نے کیا سرد

شمشیر کا بھی غضب کا تھا کاٹ — اُن سب کو اُتارا ایک ہی گھاٹ

آیا پسِ قلع و قمعِ لشکر — بُرجِ قلعہ مین ماہ پیکر

عاشق ہوئی اُس پہ دخترِ سالار — اُس مہ کا ہوا زحل پہ ستار

مہرخ پسِ فتحِ باب نکلا — ظلمات سے آفتاب نکلا

رخصت ہوا ماہرخ مظفر — سرچرخ پہ پا سرِ زمین پر

آیا اک مرغزار دربیش — گلزار کے مرغ زار و دلریش

سرچشمہ ہزار ہا تھے جاری — تھی چشم ہزار و آبشاری

وہ نہر رواں وہ سبزۂ تر
آبی جدول ہرے ورق پر

ہوتی تھی پہنچکے واں گلابی
ہر صبح شعاعِ آفتابی

گاہی کہین صفحۂ زبرجد
دھانی کہین تختۂ زمرّد

مہرخ کی تھی آنکھ خواب جویا
اُس تختِ زمردین پہ سویا

اُس تختہ مین اک شجر تھا پہنا
پہنے ہوئے پھول پھل کا گہنا

سرسبز بلند ست تناور
سیمرغ کا آشیانہ سر پر

سیمرغ کے بچے بے پروبال
اک مضغۂ گوشت مرغ کے لال

ہو جاتے مُدام تھے وہ بے پر
اک لقمۂ نرم و چرب اژدر

ملتا تھا یہہ داغ اُن کو ہر سال
ماں باپ کا دل ہوا تھا غربال

بیچارے کوئی مفر نہ پاتے
بچون کے مدام داغ کھاتے

معمول پر اپنے اژدر آیا
موذی آفت سا سر پر آیا

قدرت سے ہوا جوان جو بیدار
دیکھا اک اژدرِ شرربار

لہرا لہرا کے مست اژدر
چڑھنے لگا بیل سا شجر پر

دیکھا بچون نے قاصدِ موت
بے موت غریب ہوگئے فوت

شہزادہ نے اُن پہ رحم کھاکر
چلّے سے خدنگ کو ملاکر

پیکانِ قضا سا تیر مارا
چڑھتے ہوئے زہر کو اُتارا

اُلٹا جو وہ اژدہا پلٹ کر
آیا شہزادہ پہ جھپٹ کر

عقرب نے اُس اژدہے کو کاٹا
سیفِ دو زباں نے خون چاٹا

اُن بچون کو چاٹ پر لگایا
طُعمہ سا وہ اژدہا کھلایا

بچون کا تھا گوشت کھانے آیا ۔ بچون ہی نے گوشت اُسکا کھایا

منظور ہوئی جو استراحت ۔ آیا آنکھون مین خوابِ راحت

باقی دن رہ گیا جو تھوڑا ۔ سیمرغ کا پھر کر آیا جوڑا

دیکھا اُسے قہر کی نظر سے ۔ مادہ نے کہا یہہ مُرغِ نر سے

دشمن یہی ہر برس ہے آتا ۔ بچّے عوضِ ترس ہے کھاتا

نر بہرِ ہلاکِ شاہزادہ ۔ آمادہ ہوا کہ بولی مادہ

پہلے دیکھ آؤ تم نشیمن ۔ ناحق نہ ہو خون بارِ گردن

مادہ کی پسند کر گیا پند ۔ دیکھا تو حیات تھے جگر بند

سیمرغ کے ننھے ننھے بچّے ۔ معصومون کی شکل دل کے سچے

کچھ گزرے جو دیکھا تھا تماشا ۔ بچون کی طرح سے بے تحاشا

نر نے کہا سُن کے حال سارا ۔ مُحسن ہے یہہ نوجوان ہمارا

سایہ کی طرح قریب آیا ۔ مہرخ پہ کیا پرون کا سایا

لیتے ہین یہان سے پند ذی ہوش ۔ احسان نہ کرے کوئی فراموش

لاریب کہ بدترین حیوان ۔ ہے نااحسان مند انسان

احسان نہ اگر بشر نے مانا ۔ اللہ و رسولؐ کو نہ جانا

احسان ہوا دل کے واسطے دام ۔ سیمرغ ہوا شکارِ بیدام

مہرخ ہوا بخت ساجو بیدار ۔ سیمرغ نے کی ادب سے گفتار

کیا نام حضور کا ہے کیا کام ۔ ارشاد ہو مین کرون سرانجام

بچّے مرے آپ نے بچائے ۔ اژدر کا نہ ڈر خطر مین لائے

خادم کو بھی ہے یہی سزاوار ۔ خدمت سے کبھی نہ ہو خطاکار
احوال سے اپنے کرکے ماہر ۔ مہرخ نے کیا جو عزم ظاہر
سیمرغ کے صاف اُڑ گئے ہوش ۔ بولا کچھ دیر رہ کے خاموش
کیا دل مین حضور کے یہہ آئی ۔ باقی نہین وان پری رسائی
واقاف سے قاف تک ہین دو قاف ۔ دِقّت کی ہر ایک قاف ہے ناف
ہے قلزم ہفت گانہ حائل ۔ سیرِ یہہ و آفتاب زائل
ہے عزم اگر یہی مقرر ۔ مرضی ہے اگر یہی تو بہتر
سر جیسے ہے زیرِ بارِ احسان ۔ ہو پُشت بھی زیرِ بار انسان
فکرِ توشہ شتاب کیجیے ۔ دام و دد کے کباب کیجیے
کھالون کی بنائیے پکھالین ۔ اتنا ہو کہ ایک ہفتہ کھالین
سامانِ ضروری کرکے تیار ۔ پُشتِ سیمرغ پر کیا بار
اُس تختِ ہوائی پر چڑھا وہ ۔ جادو کی مثال سر چڑھا وہ
سیمرغ ہوا تھا عرش جو یا ۔ معراج یہہ عشق کی تھی گویا

بارھوین داستان

طے کرنا شاہزادے کا بحور ہفتگانہ کو اور پہنچنا شہرِ واقاف مین اور ملاقات کرنا صنوبر بادشاہ سے پھر وارد ہونا سوسن کا نامۂ رشکِ پری لیکر اور جوابِ نامہ لکھنا ماہ رخ کا ؛

ہان اے مرے کلکِ قدس طینت
دستِ قدرت کے زیب و زینت

ہان اے مرے خامۂ پریخوان
نوری انگشتِ دستِ یزدان

ہان میرے سخن بہار خامہ
رنگین ہو رقم جوابِ نامہ

تقدیر کی چل گئی سفارش
ساماں ہے بہم پئے نگارش

دو صفحے ہین دو بیاضِ رخسار
ہر ایک ورق ہے چہرۂ یار

ہر تختۂ مشق لوحِ سینہ
مضمونِ لطیف کا سفینہ

ہے دیدۂ حور کی سیاہی
روشن ہے عجب یہہ روشنائی

موجود برائے سوف ہے خال
ہر نالِ قلم پری کا ہے بال

مژگانِ دراز و چشم حلقہ
ہے میرے لیے دوات و خامہ

اللہ رے اہتمامِ تحریر
یہہ نامِ خدا اسے ہے نامِ تحریر

بیتاب نہ کیون ہو دل بغل مین
قلمین مری زلف کی ہین قلمین

اشعار نہ کیون ہون پرلطافت
دیکھو مری کلک کی نزاکت

پھولون کی چھڑی قلم ہے میرا
موتی کی لڑی قلم ہے میرا

ہان اے قلمِ شگوفہ اندام
آغازِ سخن کا ہو سر انجام

وہ داغِ نہ جبینِ پرویزہ
راجہ اندر کا آبرو ریزہ

وہ کاخِ فلک کا نقش پرداز
سیمرغ سوارِ عرش پرواز

اونچا ہو کر ہوا غبارا
پیشانئی آسمان کا تارا

ملتی ہوئی سیر تھی قمر مین
سیرِ کرۂ زمین نظر مین

دن کو خورشید جلوہ گر تھا
شب کے لیے وہ سرا قمر تھا

گردون نے خوشی سے چرخ مارا
دل سے مہ و مہر کو اُتارا

سیارۂ ہشتمی جو پایا
دستار کا پھول اُسے بنایا

خورشید نے دیکھا چشمِ بد سے
جلنے لگا آتشِ حسد سے

در پردہ عدو مہِ شبینہ
رکھتا تھا جگر پہ داغِ کینہ

جاتی تھین لیے ہوئے ہوا سا
امواجِ ہوا حباب آسا

جب روئے زمین کے رخ نظر کی
جا کر سرِ آب پھر نہ سرکی

دیکھا قلزمِ محیط و موّاج
برپا کیے اک تلاطمِ امواج

قلزم کا تموّج ایک گونہ
طوفانِ نوحؑ کا نمونہ

پشتِ سیمرغ کشتیِ نوح
عنقا تھا وہان پہ نامِ ذی روح

قہرِ قلزم سے آب پُرشور
پانی کا نہ چھپ سکا کہین چور

چکر مین پڑی ہوئی فلک کی
بے لنگر و بادبان تھی کشتی

گنبد جو فلک کا بے بہا تھا
دونے کی طرح سے بہ رہا تھا

سہمے دیکھ اُس کی ہولناکی
مرغِ آبی ہوائے خاکی

گھڑیال مگر تھے سونس ناکے
کھوئے ہوئے سب عدم کے ناکے

شہزادہ کے دل مین ڈر سمایا
جائے خور و نوش خوف کھایا

ڈر ڈر کے کہا کہ یا الٰہی
کشتی کی مری نہ ہو تباہی

دل جیسے ہے غرقۂ تلاطم
تن ہو نہ کہین غریقِ قلزم

رکھتا ہے جہازِ مرغ پیکر
مستول نہ بادبان نہ لنگر

رہبر ہے کوئی نہ رہنما ہے
اپنا تو خدا ہی ناخدا ہے

یارب حائل نہ کوئی شئے ہو — یہہ مرحلہ خیریت سے طے ہو
کھائے نہ یہہ موج کا تھپیڑا — اللہ لگائے پار بیڑا
بیڑا نہ ہو رہے یہہ رہ پر — ہر پر کو عطا ہو زورِ شہپر
جاتا تھا وہ مرکبِ ہوائی — اُڑتا ہوا جس طرح ہوائی
طے کر گیا وہ پرندِ دانا — اک ہفتہ مین بحرِ ہفتگانہ
کاٹے وہ دن گھڑی گھڑی گن — واتفاف کا دن تھا آٹھوان دن
پایان یمِ بیکران نے پایا — انجامِ محیط پیش آیا
دیکھا دنیا کو لامکان سے — فرشِ خاکی کو آسمان سے
ہر سو تھی نگاہ بہرِ واتفاف — دیکھا ناگاہ شہرِ واتفاف
بادی نے تھا آسمان دکھایا — خاکی عنصر زمین پہ لایا
اک پل مین مثالِ وحیِ ناگاہ — اُترا بامِ فلک سے وہ ماہ
مرکب نے اتارا اپنا انبار — ہلکا ہوا بار سے گرانبار
پھر مرغ نے یادگار شہپر — مہرخ کو دیئے یہہ بات کہکر
مشکل جو پڑے تو پر جلانا — موقوف اس پر ہے میرا آنا
اک گوہرِ بےبہا کا دانا — رخصت ہوا وہ مرغِ دانا
ذرہ وہ نہ بےنظیر باآب — نادر بے نقص و عیب نایاب
قیمت مین خراج ہفت کشور — قامت مین ترنج کے برابر
لیکن وہ دُرِ یتیم و شہپر — سلطان پہچان چلا وہ گوہر
پہلو مین جو دل کے تھے جانب — تھے پیش نظر ہر ایک جانب

اک شہر پناہِ شہر دیکھی — شکلِ سدِّ سکندری تھی
ہر ور درِ فتح سا کھلا تھا — آغوش کشا ہر اک درا تھا
پایا جو فتوح کا کھلا ور — فاتح نے قدم بڑھایا اندر
دیکھا اک شہر عرش بنیاد — معمورۂ حسن حسن آباد
اُس شہر کا شہریار دلبر — رشکِ شمشاد تھا صنوبر
شاہِ وافر تمیز تھا وہ — جانِ ہر دل عزیز تھا وہ
سلطانِ کریم نیک عادل — باشندے حسین خلیق باذل
غلمان حور و پری جن و انس — ہمشکل تھے ہم قماش ہم جنس
جو گھر تھا وہ تھا پری کا مسکن — ہر خانہ تھا دلبری کا مسکن
ہر ایک دُکان تھی حُسن کی کان — الفت کا بھرا ہوا تھا سامان
ہر جنس کی بے بہا بہم جنس — ہر قسم کی تھی وہاں نہ کم جنس
انبارِ دُکان میں یوں تھا سامان — جیسے دلِ عاشقان میں ارمان
سودے کے ہزارہا خریدار — الفت نے کیا تھا گرم بازار
ہر سو صنمانِ کافری کیش — جنسِ عشوہ لیے ہوئے پیش
حُسنِ نمکین صبیح اُن کا — ذی روح ہر اک ذبیح اُن کا
شوخی و کرشمہ و شرارت — نایاب بضاعتِ تجارت
ہر چینِ جبینِ جفا کی بانی — ارزان تھی متاعِ سرگرانی
آنکھوں میں تھی گردشِ سپہری — سرگرمِ فروغ سرد مہری
شورِ ارنی و لن ترانی — عاشق معشوق کی زبانی

روشن ہر سمت داغ دل کے — جلتے تھے وہاں چراغ دل کے

زردان کا زرِ گلِ محبت — سکّہ تھا وہاں کا داغِ الفت

گو عشق کے ہر طرف تھے پہرے — لُٹتا تھا شکیب دن دوپہرے

کیفیتِ شہر و سیرِ بازار — ہر رخ کو کیے تھی محوِ دیدار

گزری شمشاد کی سواری — مانندِ نسیمِ نوبہاری

شمشاد جوانِ سرو بالا — اقبال کا جس سے بول بالا

فرزانہ منش ندیمِ سُلطان — پردہ دارِ حریمِ سُلطان

خلقت میں تھی میہمان نوازی — طینت میں سرشتِ پاکبازی

کرتا تھا جدا نہ شاہ دم بھر — شمشاد تھا سایۂ صنوبر

ہر رخ پہ پڑی نگاہ شمشاد — حیران ہوا دیکھکر پریزاد

جامے میں مسافرت کے انسان — خورشید سا گردِ رہ میں پنہان

بشرے سے عیاں شکوہ و صولت — اقبال غلامِ خود بدولت

سائے کی طرح پرِ ہما کے — سائے میں کھڑا ہوا خدا کے

تسخیر پہ ماہ کا تھا اختر — شمشادِ رواں ہوا مسخّر

حاضر ہوا حاضرات کی شکل — کی عرض ہے گم غلام کی عقل

کس قاف کے آپ ہیں پریزاد — کس باغ کے آپ سروِ آزاد

شمشاد ہیں آپ کس چمن کے — شمعِ روشن کس انجمن کے

حضرت کا ہوا کہاں سے آنا — ہے پیشِ نظر کہاں کا جانا

منظورِ نظر اگر ہو راحت — موجود ہے بہرِ استراحت

دار وحسادر کا کفش خانہ
فرمایے لطفِ خسروانہ

فردوس ہو نہ باغِ شمشاد
روشن چشم و چراغِ شمشاد

شاہون کے سبھی داخلِ مدارا
شاہانہ نواختن گدا را

تشریف شریف گھر پہ رکھیے
دل پر آنکھون پہ سر پر رکھیے

تحفہ سودا غرض سمجھکر
بازار سے اُس کو لے گیا گھر

حاضر کیا عطر پان حُقّہ
شیرینی گزک شراب میوہ

جلسہ ہوا بے تکلفانہ
پوچھا ہنسکر تلطفانہ

آفات کو سہکر اے دلاور
اس شہر مین آئے کسطرح پر

مہرخ نے حسب نسب بتایا
گزرا جو کچھ تھا سب سُنایا

پوچھا کہ عزیز جان برادر
گل کرو چگونہ با صنوبر

یہہ سُن کے ہوا اُسے جو سکتا
مُنھ رہ گیا ماہ رخ کا تکتا

شمشاد نے عرض کی کہ حضرت
مانع ہین مراسمِ محبت

ہوتا نہ اگر یہہ سم تلطف
کرتا ابھی قتل بے تکلّف

کھنچتا ہے یہان بحکمِ سردار
ایسے خودسر کا سر سرِدار

مختار رہو مانو یا نہ مانو
پتھر کی لکیر اس کو جانو

سُلطان سے گزارشِ حال
پاؤ چلکر سزاے اعمال

جانباز تھا جان پر وہ کھیلا
شمشاد کے ساتھ مین اکیلا

آیا دربار مین خوشی سے
دھوے ہوئے ہاتھ زندگی سے

آداب دعا بساط بوسی
جو رسمِ ادب تھی وہ ادا کی

پھر نذر دیا دُرِ دلاویز | خجلت سے کٹا ترنج پرویز
دیکھا سلطان نے سلیمان | غربت کے لباس مین پریشان
تقریر و وجاہت و قیافہ | ثابت کرتا تھا شاہزادہ
سلطان نے بلطف و مہربانی | کی دُرجِ دہان سے دُرفشانی
اپنی کہو پیشتر حقیقت | پھر گوہرِ بے بہا کی قیمت
ہے وصف مین کیا کلام اسکے | مُنہ مانگے ملینگے دام اسکے
مہرخ نے طلب کی جان بخشی | سلطان نے کہا امان بخشی
دربار مین یون ہوا وہ دُربار | بخت و دولت رہین مددگار
کیا عرض کرون حضور کیا ہون | اک خانہ بدوش بے نوا ہون
سیاحِ تبہ غریب تاجر | مظلوم لُٹا ہوا مسافر
ہے قیمتِ دُر یہی مقرر | گل کرد چگونہ با صنوبر
حاضر ہوا چھوڑ کر وطن کو | سر سے باندھے ہوئے کفن کو
زنہار نہون گا دست بردار | پاداش مین گو کہ سر ہو بردار
سلطان نے کہا کہ خاک بنیاد | موتی سی کر آبرو نہ برباد
افسوس زبان کا سہارا | دیکر تجھے مین نے قول ہارا
ا صبح کو شکلِ مہرِ خاور | تا قصۂ گل کہے صنوبر
دربار سے اُٹھ گیا جو خاقان | عقدِ پروین ہوا پریشان
شمشادِ سرو قد کے ہمراہ | آیا منزل پر اپنی وہ ماہ
کچھ آپ ہی آپ دل تھا بیتاب | زایل ہوئی خواہشِ خور و خواب

لیٹا ہوا صحن مین مکان کے — تارے گنتا تھا آسمان کے
زورِ غمِ جانِ ناتوان پر — نامِ رشکِ پری زبان پر
تھی وردِ زبان دعاے وصلت — سوسن پہنچی اثر کی صورت
بیتابیِ شوق نے اُٹھایا — جذبِ دل نے گلے لگایا
پوچھا کہو خیریت پری کی — بولی نہین خبر خود سری کی
کچھ خیر ہے خیریت کہان کی — سر پاؤن کی ہی خبر نہ جان کی
نکلی جو برائے قاصدی مین — شکلِ پیکِ نظر پھری مین
مہرخ کی تلاش مین ملائے — قلابے زمین و آسمان کے
درپیش سفر تھا لامکان کا — گم ہوکے پتا ملا نشان کا
کھولا بازو سے دفترِ غم — قاصد نے دیا بچشمِ پُر نم
منظورِ نظر کا نامہ پایا — کحل البصر آنکھ کا بنایا
کھولا وہ نوشتۂ محبت — مہکی لفظون سے بوئے اُلفت
احوالِ دلِ شکستہ ولگیر — پایا بخطِ شکست تحریر
مضمونِ جراحتِ دلِ زار — لکھا ہوا تھا بخط گلزار
کیفیتِ کاکلِ پریشان — خطِ سنبل سے تھی نمایان
لکھی ہوسِ وصالِ دلبر — خطِ توام مین تھی مکرر
دل مین جو بھرا غبار کچھ تھا — تحریر خطِ غبار کچھ تھا
ہیجانِ تپِ غم والم سے — لکھا تھا جلی خفی قلم سے
وہ نامہ تھا چشم کو بصارت — آسایشِ روح تن کو طاقت

آرامِ دماغ و دل کو فرحت | زورِ بازو جگر کو قوت
تسکین تھا جانِ مضمحل کو | بیدل نے لکھا جواب دل کو
اے نیّرِ اعظمِ پرستان | مہرِ فلکِ وفا پرستان
اے نقش و نگارِ مسکنِ دل | اے رنگ و بہارِ گلشنِ دل
اے ناخنِ عقدہائے مشکل | اے شاہدِ رازِ خلوتِ دل
اے مژدۂ دلنواز جانہا | آسایشِ جانِ ناتوانہا
اے ماہِ شبِ درازِ مہجور | اے شمعِ شبِ فراقِ مہجور
اے مشتریِٔ نیازِ عاشق | اے باعثِ فخر و نازِ عاشق
اے نازنین ماہروئے مہرخ | اے مہرِ خجستہ خوئے مہرخ
تو مہرِ نگار مین ہون شبنم | تو صبحِ وصال مین شبِ غم
مین ذرۂ ریگ تو ہے خورشید | مین تشنہ دہان تو جامِ امید
مین زخمِ جگر تو مرہمِ دل | تو دلبرِ شوخ مین غمِ دل
تو جانِ جہانِ خوبی | تو روحِ روانِ روانِ خوبی
مین نقشِ زمین تو عرش جاگیر | مین حرفِ غلط تو کلکِ تقدیر
تو مردمِ دیدہ کے لیے نور | کاشانۂ دل کی شمعِ کافور
اے رشکِ پری پری ہی گر تو | سایہ نہ دریغ مجھسے کر تو
مجنون کو یہہ روز پیش آیا | لیلیٰ شبِ ہجر نے بنایا
چہرے سے یہہ رنگ کھل گیا ہی | سودائے رُخِ پری ہوا ہے
جو لالہ ہے داغ ہے جگر مین | جو باغ ہے دشت ہے نظر مین

تو ہے گلِ پُر بہارِ عالم
تو رونقِ لالہ زارِ عالم

جو گل ہے وہ خار ہے نظر مین
جو نخل ہے دار ہے نظر مین

گلزار نہ کس لیے ہو باغی
گلزار ہے تجھسے لالہ داغی

جا آپ کے دل کو دل مین دیجے
جہائیِ دل جگر نے کی ہے

جہان یہہ عزیزِ دل ہے دلبر
صدقے دل و جان ہین ایسے دل پر

آنکھون کو براہِ یہہ سمائی
ہے مدِ نظر نگاہ بانی

حاضر ہین جو ہین حواس میرے
دلجوئی کو دل کے پاس تیرے

جو ربط بڑھا ہے دل کو دل سے
پیدا ہے سرشتِ آب و گل سے

پہلو مین ہے دل پئے حفاظت
شیشے کی طرح ہر ایک ساعت

آرایشِ نامہ ہے جو تصویر
ہے زینت و زیبِ کلکِ تقدیر

دیکھے جو یہہ نقش دلربائی
تصویر پرست ہو خدائی

رکھتی ہی نہین خدا کی پرسش
ایسی تصویر کی پرستش

یہہ لکھہ کے لکھا خدلے دانا
جنگل کاٹے ہین دشت چھانا

تدبیر نے ٹھوکرین کھلائین
تقدیر نے گردشین دکھائین

صیاد دام و رسن بنا مین
شکلِ سوسن ہرن بنا مین

آفات کا سامنا بلا کا
آفت کا مقابلہ قضا کا

وہ اژدہے کی شررفشانی
سیمرغ کی وہ نگاہ بانی

مجمل کچھہ ذکرِ شیر و زنگی
کچھہ بختِ سیاہ کی دورنگی

پردے مین حروف کے دکھائی
خامے کی زبان سے سُنائی

خط قاصدِ خوش خبر کو سونپا ۔۔۔ اللہ کو نامہ بر کو سونپا

تیرہوین داستان

قصہ بیوفائیِ گل زبانی صنوبر بادشاہ اور رخصت ہونا شاہزادہ ماہ رخ کا

ہاں اے مرے خامۂ سخن سنج ۔۔۔ میزانِ گہر ذخیرۂ گنج

ہاں اے قلمِ فسانہ پرداز ۔۔۔ افسانہ رقم کنِ فسون ساز

شاخِ گلِ گلشنِ نگارین ۔۔۔ دیباچہ نویسِ حالِ پارین

مشہور سب اہلِ فن جہان کے ۔۔۔ مشتاق ہین ختمِ داستان کے

احباب ہین برسرِ تقاضا ۔۔۔ ہاں اے مری کلکِ صفحہ آرا

ہاں خامۂ گلفشان وگلباز ۔۔۔ بُستان پرداز وگلستان ساز

پاکیزہ زبان سے بیان کر ۔۔۔ گل کرد چگونہ با صنوبر

ہر پہلو سے ہر رقم سے تحریر ۔۔۔ جو حرف کرون قلم سے تحریر

روشن مثلِ نجوم ہو جائے ۔۔۔ مرزا کی جہان مین دھوم ہو جائے

نکتہ صنعت نہ کوئی چھوڑون ۔۔۔ اس مثنوی پر قلم کو توڑون

دریائے سخنوری جو بہ جائے ۔۔۔ نکتہ سنجون مین بات رہ جائے

شورِ نمکینِ مرحبا ہو ۔۔۔ سامع کی زبان پر مزا ہو

ہیرے کی قلم قلم ہے میرا — یاقوت رقم قلم ہے میرا
آئین مشہورِ دہر شاعر — جھولی بھر بھر کے لیں جواہر
خامے سے وہ فیضیاب ہوجائیں — ذرّہ سے وہ آفتاب ہوجائیں
ہان اے قلمِ نظام شاہی — زیبا ہے تجھے کلامِ شاہی
شاہانہ کلام کچھ رقم کر — اقلیمِ سخن ہو تا مسخر
ہان اے قلمِ شگوفہ پرداز — پھر سلسلۂ سخن ہو آغاز
وہ پردہ درِ حجابِ بلبل — وہ غنچہ کشائے قصۂ گل
وہ نورِ نگاہِ چشمِ غربت — جانِ سفر و دلِ سیاحت
سویا لیلائے شب کے بر مین — جاگا گہوارۂ سحر مین
پہنچا دربارِ شاہ مین ماہ — خورشید نمط سحر کے ہمراہ
سلطان نے اٹھا دیئے سب اغیار — خلوت خانہ ہوا وہ دربار
بارہ زنگی کہ یہہ منتظر — چہرے شبِ تار سے سیہ تر
گل پر کالی گھٹا سے چھائے — دربار مین دست بستہ لائے
گھیرے نہ تھے روسیاہ گل کو — بھونرے سے لپٹے ہوئے تھے گل کو
زنگی نہ تھے گرد گلبدن کے — تھے مارِ سیاہ گردن کے
دیکھو نیرنگِ عشقِ بے پیر — گل کو پہنایا طوق و زنجیر
آہن کا نہ تھا وہ طوق کالا — اُس ماہ کا تھا سیاہ ہالا
کاکل جو رسا تھی تا بہ زنجیر — زنجیر تھی کاکلِ گرہ گیر
ہتکڑیان تھین پیش دست بستہ — بیڑی پسِ پا تھی پا شکستہ

زنجیر کیے تھی ہوش رفتہ — تھا طوقِ گلو گلو گرفتہ
زنجیر کے جھونک سے لچک کر — لہراتی کمر تھی ہر قدم پر
زنگی گلو بریدہ کا سر — رکھا اک طشتِ زرین لا کر
شہ کار ہا سمجھ کے خدّام — لے آئی سگِ گلی گلُ اندام
زربفت کی جھول طوقِ زرکار — پہنے ہوئے تھا سگِ وفادار
سونے کی بھنور کلی پڑی تھی — ڈوری موتی کی اک لڑی تھی
اک مسندِ زرنگار لا کر — کتّے کو بٹھا دیا بچھا کر
کُتا کہ سگِ عزیزِ جان تھا — تا زیست رہا رفیق شہ کا
تحفہ عمدہ نفیس خاصا — شاہی مطبخ سے ہر طرح کا
خوانون مین چُنا ہوا منگایا — کُتّے کو تمیز سے کھلایا
اللہ ری یاوریِ قسمت — کُتّے کے لیے تھا خوانِ نعمت
کُتّے کو طعامِ ہفت رنگی — راتب سا کھلا چکے جو زنگی
پیشِ سلطان ادب سے آئے — زنگی کا سر بُریدہ لائے
مارا جو چھری کو پڑھ کر افسون — ٹپکے کچھ سر سے قطرۂ خون
دیکھو تو فلک کی فتنہ سازی — ایجاد جنا ہوئی یہہ تازی
پس خوردہ سگ کھلایا گل کو — زنگی کا لہو پلایا گلُ کو
رونے لگی پہلے وہ گلِ تر — آنکھون سے گرے دُرِ منور
پھر ہنس پڑی گل جو کھلکھلا کے — منہ سے جھڑے پھول دلربا کے
آنکھون سے گہر دہن سے کچھ پھول — رونے ہنسنے مین حسب معمول

گل نے دربار مین گرائے | خدام ادب اُٹھا کے لائے
سلطان نے گل و گہر دکھا کر | مہرخ سے کہا کہ اے دلاور
میری گل بیوفا یہی ہے | معشوقۂ دلربا یہی ہے
زنگی سر و گلو بریدہ | میرا ہے رقیب شوخ دیدہ
مسند پہ ہے جو سگ نمکخوار | میرا یہہ رفیق ہے وفادار
یہہ وقعت و اہتمام و اکرام | کتے کی وفا کا ہے سب انعام
جو خواری و ذلت اسنے پائی | گل کی ہے سزائے بیوفائی
ملتا ہے وہی جو کچھ لکھا ہے | تقدیر مین جو بھلا بُرا ہے
ہو جاتے ہین نیک نام بدنام | بدنام ہوئے ہین نیک انجام
قسمت سے نہین کسیکو چارہ | انسان و پری کا کیا اجارہ
حیرت مین یہان ہر اک ملک ہے | چکر مین پڑا ہوا فلک ہے
اک روز شکار کو گیا مین | برگشتہ نصیب کھو گیا مین
جنگل تھا نشانِ راہ بھولا | پھرتا رہا جس طرح بگولا
دو پہر مین خون کرکے پانی | صحرا کی تمام خاک چھانی
جنگل نہین کان تھا بلا کا | صحرا نہین دشتِ کربلا تھا
تپتی تھی زمین ہوا تھی وان گرم | جلتی ہوئی ریت آسمان گرم
ہر سمت وہان اُگی ہوئی آگ | ہر سو تھی وہان لگی ہوئی آگ
پائے ہوئے التہاب آتش | تھے خاک و باد و آب آتش
جو نخل تھا نار کا شجر تھا | دوزخ کا مگر وہ دشت گھر تھا

زورِ حدت کمال مین تھا | خورشید وہان زوال مین تھا
ناگہ کیا تشنگی نے آگاہ | پیاسے کو ہوئی کنوین کی پھر چاہ
اک غار مین اک کنوان تھا پنہان | یوسف کو ملا وہ چاہِ کنعان
تھا خشک کیے فراقِ محبوب | بے آب تھا شکلِ چشمِ یعقوب
عجلت مین نہ صاف و پاک دیکھا | اندھا تھا کنوان نہ خاک دیکھا
جلدی سے کمر کسی ہوئی کھول | پٹکے کی رسن کلاہ کا ڈول
مجبورا نہ غرض بنایا | اندھون کی طرح کنوین مین ڈالا
کیا چاہ مین سحر کا تھا لٹکا | دل کے مانند ڈول اٹکا
تھا چاہ کی شکل سے نمایان | یوسف کو کیا تھا اُس نے پنہان
اُلفت تھی خمیرِ آب و گل مین | یوسف کی تھی چاہ اُس کے دل مین
چاہت کا کنوان تھا عشق کا چاہ | نہرِ کوثر کو اُس کی تھی چاہ
چاہِ ذقنِ پری وشان تھا | چاہِ بابل مگر کنوان تھا
تنگی مین کنوان تھا دیدۂ مور | کنجوس کا دل کہ گبر کی گور
افلاس کا دستِ تنگ تھا وہ | گویا دہنِ خدنگ تھا وہ
دو پریون کا وہ کنوان تھا مسکن | دو چاہ و گر بنون کا مدفن
زر وشت نسب زنانِ فرتوت | روحِ ہاروت و جانِ ماروت
پریان نہین چاہ مین نہان تھین | آنکھون مین کنوین کی پتلیان تھین
یون چاہ مین وہ تھین ناہویدا | جیسے دل مین رہے سویدا
یا جیسے جگر کے زخم مین چور | یا جیسے لحد مین زندہ در گور

ناگاہ کنوئین سے آئی آواز — وا شاہے خدائے واقفِ راز

بیجرم ہین موردِ جفا ہین — مظلوم ہین زیست سے خفا ہین

بندی ہین اسیر ہین الم ہین — قیدی ہین پڑے ہین چاہِ غم ہین

اس چاہ سے جو ہمین نکالے — خالق اُسے چاہ مین نہ ڈالے

کچھ ڈر لگا کچھ ترس سا آیا — کچھ خوفِ خدا سے خوف کھایا

رسّی سے نکالا پیرزن کو — اوگلا کالے نے اپنے من کو

کھینچا وہم کی مثال اوپر — حسرت کی طرح نکالا باہر

تھین چاہ مین صورتِ زلیخا — شکلِ یوسف اُنہین نکالا

نکلین مانندِ ماہِ نخشب — نکلین لفظون سے جیسے مطلب

نکلین جیسے کہ دل سے ارمان — نکلین قالب سے جس طرح جان

نکلین دو زنانِ نیم مردہ — کہنہ سُن اور سالخوردہ

ضعفِ پیری سے تن بدن سُن — کوزہ پشت دور از ناخن

موئے سر روئی کے تھے گالے — مکڑی نے لگا دیے تھے جالے

دقیانوسی بہت پرانی — رکھتی نہ تھین ساحری مین ثانی

قد خم ہوکر ہوا کمانچا — تن سوکھ کے رہگیا تھا ڈھانچا

رگ رگ ہوئی سوکھ کر تانت — منھ مین دانت اک نہ پیٹ مین آنت

سینہ مین بھرا ہوا تھا کینہ — جیسے کہ دفینہ مین خزینہ

کہنے لگین اے عزیز دلخواہ — اس قاف مین ایک ہے شہنشاہ

دل مین نہین مہر و مہربانی — ہے قہرِ خدا کی حکمرانی

رسوا کیا شہر سے نکالا
اندھا کیا اس کنوین مین ڈالا

ہوتے نہ اگر نصیب سوتے
کیون چاہ مین آبرو ڈبوتے

اس دشت کے پار ایک دریا
اک چشمہ سے اشک سا ہی نکلا

ریت اُس کی بُرادۂ طلا ہے
پانی چاندی کا بہہ رہا ہے

کنکر پتھر جو اُس مین ہین
کہتے یہی جملہ ماہرین ہین

دریا مین ہے ایک گائے بچھڑی
ہے رنگ کھلا ہوا سنہری

قوت مین ہے فیل کے برابر
قامت مین نہال سے تناور

سیمین اندام و سیم تن ہے
تن نقش و نگار سے چمن ہے

آنکھین سونے کی عنبرین بال
شاخِ مرجان کے سینگ لڈال

مُنھ لعل کا دانت ہین گہر کے
گردن ہے یشب کی کان زر کے

ہیرے کی جڑاؤ پُت قلم ران
ناک آبِ طلا کی سر بسر کان

یاقوت زبان زمرّدین دُم
توصیف مین اُس کی عقل ہے گم

گوسالۂ سامری ہے وہ گائے
جس سے ثورِ فلک بھی شرمائے

چلتی پھرتی ہے خشک و تر مین
کھاتی پیتی ہے بحر و بر مین

بر مین صحرا کے دوب چرتی
گو بر ہے کنار بحر کرتی

رشکِ گاوِ زمین ہے وہ گائے
گوبر اگر اُس کا جا کے تولائے

سرمہ سا ہم آنکھ مین لگائین
دو اندھی ہین چار آنکھین پائین

گو بر نہین جان سرمہ کی ہے
صد رشکِ گُلِ بکاولی ہے

انجن سا جو آنکھ مین لگائے
پُھلی جائے کا دُھند جائے

آنکھون کے پڑین کبھی لالے
اندھے ہو جائین آنکھ والے

تا راسی کھُلین یہہ بند آنکھین
روشن مہ سے دوچند آنکھین

اندھے ہو کر جو پائین آنکھین
شاہنشہ کو دکھائین آنکھین

لانا نہ خطر مین تو مصائب
حاضر رہنا نظر سے غائب

القصہ اُٹھا گیا اور آیا
گوہر آنکھون مین لا لگایا

ظلمت مین نزولِ نور پایا
اندھون نے چراغِ طور پایا

روشن ہوئین مثلِ دستِ بیضا
جن آنکھون کا نور جل گیا تھا

بڑھیون نے کہا کہ ای جوانمرد
اندوہ مین تو ہوا ہے ہمدرد

تکلیف سہی ہماری خاطر
خدمت مین یہہ لونڈیان ہین حاضر

حسن خدمت کا کچھ صلا دین
نعم البدل آنکھ سے دکھا دین

بند آنکھ تھی جب کرم کو دیکھا
آنکھین جو کھلین قدم کو دیکھا

ہے باغِ شہنشہی مین اک گل
رخ گل قد سرو زلف سنبل

عکسِ رخِ گل وہ پُرضیا ہے
منہ شرم سے مہر کا پھرا ہے

شہرت کا یہہ شور چارسو ہے
اُس گل کا نہ گل مین رنگ و بو ہے

رخسارہ وہ صاف و پُرضیا ہے
منہ آئینہ اپنا دیکھتا ہے

پھل گلشنِ حسن کو دکھائین
بلبل تجھے گل کا ہم بتائین

مشتاق تھا لے اُڑین وہ پریان
لائین محلِ شہی مین پنہان

سمجھا کر امورِ نیک و بد سے
واقف کیا اپنی پھر مدد سے

بولین کہ یہہ راز فاش گر ہو
شاہنشہ کو اگر خبر ہو

فرمائے گا آگ اسے لگاؤ / اس سوختہ جان کو جلاؤ

اُس وقت یہہ اُن سے عرض کرنا / جل جل کے لکھا تھا میرا مرنا

اس سوختنی کی ہے تمنا / تا سہل ہو استخوان کا جلنا

روغن مرے جسم پر ملا جائے / شعلہ مجھے نفت سا جلا جائے

مل دینگے وہ روغنِ طلسمات / پُہنچے نہ ذرا گزند و آفات

یہہ کہکے ہوئین روانہ پریان / آفت ہوئی چشمِ فتنہ گریان

اک شوخ کو زیبِ تخت پایا / سوتا ہوا اپنا بخت پایا

راحت مین تھی چشمِ نرگسی بند / آرام مین تھی وہ ماہ خورسند

رُخ سایۂ زلف ناز مین تھے / دو شمس شبِ دراز مین تھے

چہرہ فردوس کا تھا ہمدوش / جنت کا کنار اُس کا آغوش

گل رو تھی وہ گلبدن گل اندام / گلرخ گلبرگ تن تھی گلفام

گل پیرہنی تھی اُس پہ طُرّا / اُس سروِ سہی کا نام گل تھا

تھی خواب کی بسکہ بے حجابی / حاصل تھی نظر کو کامیابی

آنکھون نے بہارِ حسن لوٹی / قسمت رہی دست و لب کی پھوٹی

آنکھین رہین محوِ رخ پرستی / خواہش کی ہوئی درازدستی

کچھ پاس رہا نہ پھر ادب کا / بوسہ لینے کو لعلِ لب کا

کس شوق مین بیٹھے سر جُھکایا / مُنہ کو مین قریب مُنہ کے لایا

سُنکر تارِ نفس کی آواز / بیدار ہوئی وہ مایۂ ناز

دونون کی ہوئین دوچار آنکھین / دلدادہ جگر فگار آنکھین

پہلے تو ذرا چرائیں آنکھیں
پھر غصہ میں کچھ دکھائیں آنکھیں

بگڑی وہ نگار شوخ بن کے
قدموں پہ گرا میں سیم تن کے

معشوقانہ مجھے اٹھایا
محبوبانہ گلے لگایا

مشتاقانہ لڑیں نگاہیں
بیتابانہ کھنچیں کچھ آہیں

باہم دونوں کے تھے دل آئے
بیباکانہ مزے اڑائے

یہہ دیکھ سکا نہ چرخ حاسد
نیت ہوئی آسماں کی فاسد

شاہنشہ نے یہہ راز پایا
گل کو گلچیں نے ہے اڑایا

پکڑا گیا جرم کی خطا میں
میں دل کی طرح پھنسا بلا میں

عاشق تھا یہہ مجرم شہانا
تجویز سزا ہوئی جلانا

دل آتش عشق سے جلا تھا
جلنا تن زار کا سزا تھا

فرمان دیا ناریوں کو اکبار
صحرا آتش سے کرکے گلنار

ہیزم سا یہہ شوخ چشم ڈالو
تو زندہ بجرم شہی جلادو

بیٹے باادب کہا کہ شاہا
پیش آیا نصیب نے جو چاہا

مجرم ہوں حضور کا خطاوار
اقبال قصور سے گنہگار

لیکن کرم شہی ہے موفور
شاہا مری التجا ہو منظور

تیار جب آتشیں ہو گلخن
چھڑکیں ملکر بدن پہ روغن

تکلیف جلانے میں نہ دے آگ
باروت کی شکل لے اڑے آگ

سلطان نے کیا یہہ حکم جاری
شعلے کی طرح جلے یہہ ناری

روغن میں فتیلہ سا ڈبوکر
رکھوا سے آگ میں بھگوکر

پریون نے خوشی خوشی بہ تعجیل
کی حکم شہنشہی کی تعمیل

تھا مدنظر جو حفظِ جسمی
کی مالشِ روغنِ طلسمی

مالش سے ہوا بدن جو کالا
آتش مین مجھے اُٹھا کے ڈالا

تھی آتشِ طورِ عشقبازی
شعلے نے نہ کی زبان درازی

کرتی نہ تھی جسم پر اثر آگ
گلزارِ خلیل تھی مگر آگ

لالے کا کھلا ہوا تھا گلشن
محفوظ رہا یہہ پھول سا تن

بھڑکا کے مثال آتشِ گل
پہنچا نہ مجھے گزند بالکل

تھی مہرِ رخون کی تابشِ رخ
شعلہ رویون کی آتشِ رخ

مجکو جو نہ کچھ جلا سکی آگ
کیا کیا مرے ہاتھ سے جلی آگ

دل آتشِ عشق سے بھرا تھا
دو دوزخون مین مقابلا تھا

نارِ دل کی شررفشانی
اس آگ کو کر رہی تھی پانی

جل بجھ کے ہوئی جو آگ خاموش
زندہ مجھے پاکر اُڑ گئے ہوش

بھاگے اُڑتے ہوئے شرر وار
ناری جو تھے محافظِ نار

سلطان سے کہا کہ جہان پناہا
دارا دربان جہان پناہا

مجرم ہے عجب خدا رسیدہ
کامل درویشِ حق گزیدہ

جلتا ہے وہ صورتِ سمندر
خالص نکلا ہے صورتِ زر

سلطان سے وزیر نے یہہ کی عرض
اس بندے کی بندگی ہوئی فرض

شاہنشاہ نے کہا کہ بہتر
نذرِ بلبل ہو یہہ گلِ تر

وہ روز تھا عید سا مبارک
بلوا کے مجھے کہا مبارک

موقوف ہے اس پہ گل کی شادی | ہو آپ کے ساتھ گل کی شادی
بیٹے بھی کیا خوشی سے منظور | شادی وہ ہوئی کہ چشم بد دور
گھوما کرے صبح و شام گردون | دیکھے نہ یہہ احتشام گردون
اسباب کثیر نقد زیور | رخصت کیا گل جہیز دیکر
گل کھائے ہوئے تھا عشق کابین | گل لیکے غرض ہوا ہوا امین
گل کو لیے باغ باغ آیا | ظلمت کدہ کا چراغ لایا
تقدیر سے یہہ نہ آگہی تھی | گل ہی افسوس داغ دے گی
پاکر مجھے نیم شب مین غافل | جاتی تھی کہین وہ ماہ کامل
پھر نور سحر سے واپس آتی | قسمت سا مجھے وہ سوتا پاتی
گذرا اسی شکل اک زمانا | معمول رہا وہ آنا جانا
خوشبوئے وفا نہ گل مین پائی | کھلنے لگا رنگ آشنائی
دیکھو تو زمانہ کی دو رنگی | گل کو کیا عندلیب زنگی
گل اُسپہ ہزار دل سے مفتون | گوری لیلا سیاہ مجنون
تھی منکر جوشش آنیوالی | الجھن مین تھی جان میری ڈالی
تشویش نے خواب کو بھگایا | نقش تقدیر نے جگایا
بند آنکھ مگر تھا دل خبردار | سوتا مجھے جانکر وہ بیدار
اُٹھی پہلو سے درد کی شکل | پیچھے ہوا مین بھی گرد کی شکل
قبضہ مین تھی اک برہنہ تلوار | ساتھی تھا یہی سگ وفادار
پہنچی ایوان زنگ مین گل | آئی قید فرنگ مین گل

ظلمت کدہ مین ہوئی وہ داخل / جیسے کہ گہن مین ماہِ کامل
پوچھا حبشی نے باعثِ دیر / گل نے کہا سب ہوا تھا جو پھیر
مانا نہ وہ حیلۂ درنگی / لایا اک تازیانہ زنگی
جس گل پہ نہ پھول کی چھڑی بھی / بھولے بھٹکے کبھی پڑی تھی
افسوس کہ اُس کو تازیانے / مارے زنگیِ بے حیا نے
دونون شیر و شکر ہوے پھر / یکجا شام و سحر ہوئے پھر
آنکھون مین سمایا جیسے کاجل / چھایا سہ پر سیاہ بادل
کیا حضرتِ عشق کے ہین نیرنگ / دوڑا کافور پر سیہ زنگ
ظلمات سے نکلا آبِ حیوان / گل کے قالب مین پڑ گئی جان
دیکھا گل کا جو یہ وتیرہ / آنکھون مین ہوا زمانہ تیرہ
حملہ آور ہوا کمین سے / دشمن سا ملا عدوِ دین سے
زنگی کی ہوئی یہ گل مددگار / تازیِ رفیق تھا مرا یار
زنگی پہ چلا سگِ یگانہ / اُس کلب نے مارا تازیانہ
تازی نے جو تازیانہ کھایا / زنگی کو شکار سا دبایا
اقبال نے کی جو سرپرستی / حاصل ہوئی مجکو چیرہ دستی
سر زنگیِ خیرہ سر کا کاٹا / کشتون سے تمام دشت پاٹا
دو اک جو بچے ہوئے وہ مغرور / مین دارِ شہی مین آیا منصور
منجملہ ہے اُن کے ایک یہ دین / مخفی تہِ تختِ شاہ ماچین
دلچسپ سُنی جو یہ کہانی / شاہِ دو آفاق کی زبانی

مہرخ نے کہا کہ حضرتِ من — مشہور ہے بیوفائیِ زن
جو دیجے اسے سزا سزا ہے — اس بوالہوسی کا یہہ مزا ہے
سلطان نے کہا سن اے مسافر — درکار ہو گر زر و جواہر
پر زر موجود ہے خزینہ — زر کرتے نہین سخی دفینہ
مہرخ نے کہا شہ خرد ور — محتاج نہین غریب پرور
مفلس ہون نہ مالدار ہون مین — تاجر ہون نہ شہریار ہون مین
مین بندۂ زر ور نہین ہون — درویش ہون پر گدا نہین ہون
افلاس مین تن ہے دل نہین ہے — لالچ مری آب و گل نہین ہے
پائے ہمت بڑھا کر اے شاہ — یان دستِ طلب کیا ہے کوتاہ
کرنا جہان کو رضا مند — خاوندی ہے آپ کی خداوند
یہہ کہہ کے وہ رہ نوردِ غربت — شہ سے ہوا شکلِ ہوش رخصت
خوش آیا فرودگاہ پر وہ — درویش سا خانقاہ پر وہ

چودھوین داستان

والپسی شاہزادۂ ماہ رخ کی طرف وطن کے اور آشنائے راہ مین همراہ لینا ملکہ جمیلہ بانو اور دختِ سالار اور ملکہ مہرانگیز اور رشک پری کو اور پہنچنا وطن مین اور ملنا مان باپ سے

اے رنگ دہِ ریاضِ عالم ۔۔ بسم اللہ بیاضِ عالم

موزون کنِ قامتِ صنوبر ۔۔ رنگین سازِ رُخِ گلِ تر

صیقل گرِ گردۂ مہ و مہر ۔۔ صورت گرِ چہرۂ پری چہر

روشنگرِ چشمِ نجم و اختر ۔۔ شیرازہ بندِ ہفت کشور

سرمہ کشِ دیدہائے بینش ۔۔ گلدستہ بندِ آفرینش

قیمت افزائے پارۂ سنگ ۔۔ جوہر دہِ سنگ لعلِ خوشرنگ

خلاقِ زمین و آسمانہا ۔۔ جان ورِ روح و تن ورِ جانہا

شاہنشہِ بے نگین و بے تخت ۔۔ قسمت بخشِ نصیبہ و بخت

عالم کو ہے تجھسے فیضیابی ۔۔ ذرّہ ذرّہ ہے آفتابی

دی فہم کو تو نے رہنمائی ۔۔ بخشی سایہ کو ہے ہمائی

دی عقل و خرد کو موشگافی ۔۔ دی فکر و خیال کو گزافی

بخشی ہے زبان کو خوش بیانی ۔۔ خامہ کو ہزار داستانی

اے منشیِ ہر چہار دفتر ۔۔ منظوم نمائے نظمِ اختر

بے نطق زبان جو حرف زن ہو ۔۔ اعجاز نمائے مراسخن ہو

خامہ تحریر مین جو خم ہو ۔۔ ہر دایرہ شکلِ جامِ جم ہو

سیدھا جو ہو صورتِ صنوبر ۔۔ طوبیٰ سے ہو قدکشی مین ہمسر

تحریر جو حرف ہون نگین ہون ۔۔ ہر خاتمِ دل پہ زہ نشین ہون

ہو جائے صریرِ خامہ سے دنگ ۔۔ ہر نغمۂ بلبلِ خوش آہنگ

موجون کی طرح ملے روانی ۔۔ دریا دریا ہو تر زبانی

ہر لفظ ہو دُرّۂ دُرجِ تقریر | ہر نقطہ ہو نجم برجِ تحریر
خامہ جو رواں دمِ رقم ہو | خط مین خطِ عارضِ صنم ہو
دندانِ سمنبران ہو تشدید | جزمِ روشن ہو نجم ناہید
ہون زیر وزبر بتون کی مژگان | نقطے خالِ رُخِ حسینان
ہر ویش خمیدہ نوکِ گیسو | سطرون کی صفین صفانِ ابرو
حرفون کی کشش قدِ کشیدہ | لفظون کی روش گلِ رسیدہ
ہان کلکِ ہُما کمند مرزا | طبعِ جدت پسند مرزا
تاریکیِ شب ہوئی جو راہی | پھوٹی رُخِ صبح سے سیاہی
بدلا شبِ ہجر لو سحر نے | پھرا دیا شمس کو قمر نے
واللیل کو ختم کر کے خورشید | والفجر کا کھولنے لگا بھید
پھیکی سی ہوئی سیاہیِ شب | روشن ہوا والضحیٰ کا مطلب
کٹنے لگا رنگِ لیلیِ لیل | جیسے رخِ ماہ پارہ سے میل
چھٹنے لگی زلف کی درازی | بھولی سب اپنی ترکتازی
گھٹنے لگے عمرِ شام کے دن | پہنچا شب کا تمام کوسن
بڑھتا ہوا آیا ترکِ نوروز | روزِ فرخ سعید و فیروز
غائب ہوا لشکرِ صف آرا | پوشیدہ ہوا نظر سے تارا
مستور نجوم سے تھے قمر بھی | آیا کوئی نہ پھر نظر بھی
آئی جو بہارِ صبحِ عشرت | رخصت ہوئی شب خزان کی صورت
جانِ رفتہ جہان مین آئی | اُٹھی پئے بندگی خدائی

بیٹھے بہر وضو نمازی
استادہ پئے جہاد غازی

آویزۂ گوش اذان کی آواز
مرغانِ سحر ترانہ پرداز

تسبیح بدستِ حق گزیدہ
اوراد بلب خدا رسیدہ

عابد محوِ عبادتِ حق
زاہد غرقِ ریاضتِ حق

حافظ محظوظِ دورِ قرآن
قاری قرأت سے ناظرہ خوان

صوفی مصروفِ پاسِ انفاس
واعظ مشغول ایہا الناس

عاشق محوِ نظارۂ یار
روئے معشوق وقفِ دیدار

مستانِ صبوح کش مے آشام
راہی سوئے میکدہ بکف جام

رندِ آزاد عاشقانہ
عازم طرفِ قمارخانہ

فاسق فسق و فجور میں گرم
آرایشِ ساق شیشۂ شرم

ترسا بچگانِ سامری فن
ایمان کے عدو خرد کے دشمن

بدمستِ خمارِ بادہ نوشی
استادہ برائے مے فروشی

اطرافِ دکانِ مے فروشان
ہنگامہ و شورِ بادہ نوشان

سو سو کر اٹھے بتانِ پرفن
راہی سوئے بتکدہ برہمن

گبر و ترسا سوئے کلیسا
گرجا چلے پیروانِ عیسیٰ

زنگولہ جرس ستا ناقوس
قرنا شہنائی نوبت و کوس

خوش خوش ہر سو لگے بجانے
صبح عشرت کے شادیانے

گلزار میں دی خبر صبا نے
گائے بلبل نے شادیانے

گل فرطِ طرب سے کھلکھلائے
پھولے نہیں جامہ میں سمائے

گلزار کی جان سروِ ناشاد
قمری نے کیا خوشی سے آزاد

شمشاد خوشی سے یہہ ہوا شاد
پایا دنیا مین نام شمشاد

تھا دورِ مئے طرب چمن مین
ساری تھا سرور انجمن مین

ہر ساغر و جام خندہ زن تھا
رشکِ فردوس ہر چمن تھا

مینا کے لبون پہ قہقہے تھے
مرغانِ چمن کے چہچہے تھے

آمد ہے بہار کی چمن مین
آمد پھر جان کی ہے تن مین

پژمردہ سمن برانِ بستان
مُردے سے ہوئے شگفتہ خندان

ہان خانۂ نازنینِ مرزا
معشوقۂ دلنشینِ مرزا

مجکو تری شوخیون پہ ہے ناز
عالم کو دکھا نیا کچھ انداز

ہوتی ہے تمام شامِ غربت
آتی ہے چلی صباحِ وصلت

شہزادۂ کامگار و فرخ
رشکِ مہ و مہ جبین و مہرخ

پھرتا ہے زمانہ سا وطن کو
جاتا ہے بہار سا چمن کو

پھرنا یہہ نصیب کا ہے پھرنا
عاشق کو حبیب کا ہے پھرنا

پھر تو بھی سرِ ورق رواں ہو
پھر نظمِ جدید داستان ہو

پھر جاہ و جلال کا وہ دلبند
اقبال کا ارجمند فرزند

سیاح سیاحت و سفر کا
تھا شام سے منتظر سحر کا

گزری جو دل و جگر پہ گزری
شب منتظرِ سحر پہ گزری

نکلا وہ دمِ سحر گہی مین
نکلا خورشید ہمرہی مین

تنہا نہ تھا وہ بلند پایہ
ہمراہ تھا ہمرہی کو سایہ

طے کر کے وہ ماہ منزلین چند
ہو کر رہِ واپسی کا پابند

صد شکر سلامتی سے بارے
جا پہنچا محیط کے کنارے

سیمرغ کا پر تھا بالِ عنقا
اقبال کا بال پر ہما کا

سیمرغ کی لو مین پر جلایا
لپکا ہوا شعلہ سا وہ آیا

حاضر ہوا حاضرات کی شکل
کی عرض کہ اے نجات کی شکل

کیون یاد کیا ہے کام کیا ہے
کیا فکر ہے اہتمام کیا ہے

مہرخ نے کہا کہ اے مددگار
امداد ہے واپسی پہ درکار

سیمرغ نے عرض کی بہت خوب
توشہ کا بھی ہو قدیم اسلوب

القصہ تمام کرکے سامان
بیٹھا سیمرغ پر سلیمان

راہی ہوا مرکبِ ہوادار
اترا اِس پار سے وہ اُس پار

پھر دشت تھا اور دشت گردی
پامردی کے ساتھ رہ نوردی

منزل کو دو منزلہ بنا کر
اور قلعۂ زنگیان مین آکر

وحشتِ سالار کو لیا ساتھ
راہی ہوا ایسکے ہاتھ مین ہاتھ

گردش مین تھے شکلِ جام دونون
ملکر چلے صبح و شام دونون

رستے سے ہوئی جمیلہ ہمراہ
طے منزلین کرکے جملہ وہ ماہ

پہنچا بسوادِ مہر انگیز
بھیجا یہہ پیامِ لطف آمیز

دیوانہ ہوا تھا جو کہ غائب
آزار اُٹھا کر اور مصائب

حاضر ہے ہوا بقدرت رب
دینے کو سوال کا جواب اب

القصہ نئے سرے سے دربار
آراستہ ہو گیا پھر اکبار

پوچھا گیا پھر وہی مکرر — گل کرد چگونہ با صنوبر
مہرخ نے کہا یہ مسکرا کر — حاضر کرو اس کو جلد لاکر
زنگی جو ہے بیحیا و بیدین — مخفی تہِ تخت شاہِ ماچین
حیران ہوئی سپتے کی سنکر — بولی وہ نگارِ نازپرور
کہنا بس اسیقدر ہے کافی — پایا مین نے جوابِ شافی
دو روز مین انتظام ہوکر — شاہانہ سب اہتمام ہوکر
اُس مہر کا ماہ سے کیا عقد — اجناس و ظروف و زیور و نقد
نقرہ و طلا زر و جواہر — بیرونِ شمار سب بظاہر
سامان اسباب اور اثاثہ — اور اشتر و اسپ و فیلِ خاصہ
کثرت سے غلام اور کنیزین — رخصت کیا دیکے جملہ چیزین
شاہانہ طریقہ سے روانہ — لیکر ہوا جملہ کارخانہ
ہمراہ ہوئی خواصِ خودکام — شنید اے ماہ رُخ دلآرام
منزل آگئے جو پیشِ پا ہے — آنکھون سے اگر کٹے بجا ہے
منزل وہ نیاز و نازکی ہے — معشوقۂ دلنوازکی ہے
رشکِ پری و بشر کی منزل — سر آنکھون سے اُسنے سر کی منزل
عازم وہ ہوا اُدھر سفر کا — اب حال سنو ذرا اِدھر کا
تھی رشکِ پری کو بیقراری — حالت تھی عجیب اُس پہ طاری
بیچین تھی مضطرب تھی بیتاب — مفقود تھی خواہشِ خور و خواب
چھائی ہوئی دل پہ اک رُکاوٹ — ساری رگ و پی مین سنسناہٹ

لب خشک تھی نم تھی چشم رخ زرد — ساری سارے بدن مین تھا درد
دل ہاتھون سے کوئی مل رہا تھا — سب جسم کا دم نکل رہا تھا
ناوک تھا سفارت کا دلدوز — گریان تھی وہ شمعِ محفل افروز
آنکھون مین سرشک لب پہ تھی آہ — داخل ہوا شاہزادہ ناگاہ
بیتابیِ شوق مین لپٹ کر — باہم وہ ملے چمٹ چمٹ کر
اُترین جو سواریان زنانی — ظاہر کی پری نے سرگرانی
آنکھون سے لہو نے کی تراوش — نیشِ غم نے جگر مین کاوش
دیکھے جو یہہ ماہ رخ نے تیور — کی رشکِ پری سے عرض ڈر کر
سب نے کیا کار ہے نمایان — ہر اک کا ہے ایک مجھپر احسان
پھر رشکِ پری کے پاس لاکر — بولا وہ جمیلہ کو دکھا کر
جامہ تھا ہرن کا مینے پایا — اِس نے مجھے آدمی بنایا
ماچین کی ہے جو شاہزادی — اصلِ مقصد کی رہنما تھی
اور یہہ جو خواص ہے دلارام — آئی مشکل مین تھی مرے کام
چوتھی کے یہہ چہرے سے عیان ہے — بنتِ سالارِ زنگیان ہے
لائی نہ فراق کی جو طاقت — منظور خوشی سے کی رفاقت
بولی وہ پری بہ کج ادائی — بنتی نہین بات گو بنائی
دو ایک کہون اگر مین چُنکر — رہ جاؤگے چُپ پتے کی سُنکر
سچ ہے مرے ہجر مین بنی تھی — جینا نہ تھا بلکہ جان کنی تھی
ابرو کی گرہ پڑی تھی دل مین — ہر نوکِ مژہ گڑی تھی دل مین

تم سمجھے نہ کہ ہین ملول و ناکام
ہین تھی نہ کہ تم بعیش و آرام

ہین ہی تھی بہارِ بزمِ عشرت
ہین ہی تھی کسی کے دل کی راحت

ہین ہی کفِ غیر سے تھی میخوار
ہین ہی مئے وصل سے تھی سرشار

میری ہی تو چشم سے سراپا
آثارِ خمار ہین ہویدا

خمیازے ہین ہی تو کھینچتی ہون
ہین ہی تو جمائی لے رہی ہون

میرے ہی تو ہین یہہ دو لبِ تر
رنگِ مئے شنگرفی سے احمر

یہہ ہاتھ جو لال ہین مرے ہین
گل سے یہہ جو گال ہین مرے ہین

میرے ہی تو سرخ ہین کفِ پا
مینے ہی کیا ہے خون وفا کا

میرے ہی بسے ہوئے ہین گیسو
میرے ہی تو ہین یہہ عنبرین مو

کیا مجھپہ بنی کسے بتاؤن
اپنی بیتی کسے سناؤن

پتھر کا دل و جگر تھا میرا
سودا تھا ہزار سر تھا میرا

خاطر مین مصیبتین نہ لائی
ہنس ہنس کر جھپڑی اُٹھائی

پیتی تھی یہہ ابروان کو سیکر
دیکھے کوئی اس طرح سے جیکر

کاہیدہ کمال ہوگئی تھی
ابرو کی مثال ہوگئی تھی

فاقہ پہ کیا جو مینے فاقہ
غش سے نہ ہوا کبھی افاقہ

دمساز نہ تھا بجز دمِ سرد
غمخوار نہ تھا بجز غم و درد

دلسوز بنی تھی آہِ سوزان
دل صورتِ شمع تھا فروزان

پتھر تھا اگر رفیق سر تھا
زندان تھا اگر تو میرا گھر تھا

تھا نالہ مرا مرا ہوا خواہ
مرنے پہ مین مر رہی تھی جانکاہ

تمنے نہین گریہ نے دیا ساتھ
تھا آہ و فغان کا ہاتھ مین ہاتھ

تمنے نہین غم نے مجکو چاہا
تمنے نہین درد نے نباہا

کی تمنے کہ رنج نے رفاقت
کی تمنے کہ نالہ نے محبت

دلسوز تھے آپ یا الم تھا
غمخوار تھے آپ یا کہ غم تھا

جانسوز تھے آپ یا کہ وحشت
ہمدرد تھے آپ یا کہ حسرت

تھے آپ رفیق یا بُکا تھی
جو آہ تھی تا فلک رسا تھی

سہے سہے شبِ ہجر کی درازی
اور درد و الم کی جان گدازی

وہ روزِ فراق کی مصیبت
پاسِ ناموس کی اذیت

وہ جوشِ جنون کا ضبط کرنا
وہ کنجِ الم سے ربط کرنا

وہ داغِ مہاجرت کی سوزش
وہ تیغِ مفارقت کی بُرش

وہ طعنۂ اقربا و اغیار
جو تیر سے دل کے ہوتے تھے پار

تمنے سہے صبر سے کہ ہمنے
صدمے یہہ اُٹھائے کسکے دم نے

پہلو مین نہ آپ تھے نہ دل تھا
اِک دردِ فراق جان گسل تھا

گو چاہا نکلنا میرے دم نے
رستا نہ دیا رہِ عدم نے

صد شکر کہ اب بھی آپ آئے
کھوئے ہوئے مدتون کے پائے

آئی نہ مری سمجھ مین یہہ بات
ہدیہ ہے نہ ارمغان نہ سوغات

ہان ہان غلطی پر آپ مین ہون
طعنے ناحق کسی کو کیون دون

کیونکر کہون خالی ہاتھ آئے
سوتین مرے واسطے ہین لائے

اللہ ری آپ کی سخاوت
احسان کرم عطا عنایت

ہین رہ گئی شکلِ خار ہو کر
تم ایک سے آئے چار ہو کر

گھڑیان کاٹی تھین مین گن گن
رو رو کے کٹے پہاڑ سے دن

کیا کیا نہ ترے بغیر گزری
گزری جو کچھ کہ خیر گزری

بیکار اب اُس کا ہے اعادہ
پایا جو تھا پیشِ پا فتادہ

کب شکر نصیب کا ادا ہو
ہوتا ہے وہی جو کچھ بدا ہو

مشکل پہ دل ہر ایک دیگا
مجھسا نہ مگر تمھین ملے گا

شہزادہ نے دم بخود سنا یہہ
پھر جوڑ کے ہاتھون کو کہا یہہ

پیاری ہے غلط خیال تیرا
ہے اسکا خدا گواہ میرا

مجبور تھی کر رہی ضرورت
نکلی نہ مفر کی کوئی صورت

چاہا ہر چند گو بچانا
کرتا تھا مخالفت زمانا

جانی ہو خطا معاف میری
تو بیوی یہہ لونڈیان ہین تیری

اور مین بھی غلام ہون تمھارا
سن جاؤ کہین بس اب خدارا

یہہ کہہ کے گرا قدم پہ اُس کے
چھوڑا سب کچھ کرم پہ اُس کے

جھک کر قدمون سے سر اُٹھایا
دلدار تھا سینہ سے لگایا

زایل ہوا عیش غم ہوا کم
رہنے لگے سب خوشی سے باہم

ہان خامۂ گلفشان و گلباز
جانانہ روش روِ سبک تاز

آرایشِ دستِ نکتہ پرور
آرامِ انامِلِ سخنور

پاتی ہے شبِ فراق پایان
وہ صبح وصال ہے نمایان

چل تو بھی زمانہ کو دکھادے
جادو رقمی کے پاک جادے

تاریکیٔ شب ہے گر سیاہی
صبح روشن ہے روشنائی

مضمر رقمی سے ہین فراہم
اک بیت مین صبح و شام باہم

کرتی ہے زمانہ کی دورنگی
ہم قافیہ زنگی و فرنگی

القصہ وہ جملہ رشکِ پروین
تھے عیش اندوزِ بزمِ رنگین

سب گل کی مثال تھے چمن مین
انجم کی طرح سے انجمن مین

خوش خرم و منبسط تھے شادان
تھے غافلِ انقلاب نادان

دن عید کا دن تھا شبِ قدر
غافل کہ فلک تھا درپئے غدر

اُس غنچہ پہ تھا حسد کا دیدہ
دو پھول ہوئے خزان رسیدہ

جاتے ہین زبسکہ تھی عجیلہ
راہی ہوئی پیشتر جمیلہ

سوئی بعد اُس کے پھر بآرام
گہوارۂ قبر مین دلارام

پھر شمعِ حیاتِ غیرتِ حور
گلگیر قضا نے کی جو بے نور

پژمردگی اُس چمن مین چھائی
افسردگی انجمن پہ چھائی

دل تھا جو اُچاٹ ماہرخ کا
عازم ہوا وہ وطن کے رخ کا

حب الوطنی نے دل دکھایا
مان باپ کی یاد نے ستایا

پھر رشکِ پری سے کرکے شورا
سامان سفر کا کرکے پورا

چلنے کا سب انتظام کرکے
رہرو وہ مقیم تھے سفر کے

ہمراہ لیے بہیر و بُنگاہ
تھی رشکِ پری بھی اُنکے ہمراہ

چندے رہے رہروی کے پابند
طے کرکے غرض منازلِ چند

پہنچے وہ نواحیِ عجم مین
دم آیا مسافرون کے دم مین

از راہِ فریضۂ سعادت — بھیجا یہہ عریضۂ ارادت
اے قبلہ و کعبۂ معظم — اے واجب الاحترام واکرم
رخصت جو ہوئے شکار لیکر — رخصت ہوا داغِ ہجر دیکر
درپیش جو کار تھے ضروری — اتبک ہوئے مانعِ حضوری
[illegible] شد امورِ اختیاری — ہے اِسکا گواہ ربِّ باری
[illegible] کی معاف گر خطا ہو — اکرام و نوازش و عطا ہو
لیکر ہمراہ چند اسامی — ہو حاضرِ خدمتِ گرامی
حضرت کے قدوم سر پہ رکھے — آنکھون پہ دل و جگر پہ رکھے
راحت ہو مری نظر کو حاصل — آرام دل و جگر کو حاصل
تحریر پسر کی ہاتھ آئی — مان باپ نے جانِ تازہ پائی
واپس ہوئی گم شدہ بصارت — آئی تنِ ناتوان مین طاقت
بیٹے کو خوشی خوشی بولایا — رو رو کر اُسے گلے لگایا
بہوون کو بھی سینہ سے لگا کر — پہلو مین مثالِ دل بٹھا کر
مِن عن سُنی سرگذشت ساری — بولے ترا شکر ربِّ باری
کھوئے ہوئے کو پھر لا ملایا — زندہ اُسے ہمکو پھر دکھایا
شکر یہ کا پھر پڑھا دوگانہ — شکرانۂ خالقِ یگانہ
جانین دل و جان سے فدا کین — مانی ہوئی منّتین ادا کین
قفلون کو خزانہ سے اُٹھایا — اللہ کی راہ مین لُٹایا
نذرین ہوئین جملہ او رنیازین — مسجد مین پڑھی گئین نمازین

بر پا ہوئین محفلین طرب کی — بر آئی دلی مراد سب کی

یارب اِسی شکل تیرے واری — بر آئے مرادِ دل ہماری

اوقات بسر ہو شادمانہ — محفوظِ حوادثِ زمانہ

اے عالم و اے علیم و دانا — اے قادر و اے قوی توانا

بر نہج حسن طریقِ شایان — پہنچائی یہہ مثنوی بپایان

مانع ہوئی کوئی شئے نہ حاجب — شکر یہ ہے تیرا مجکو واجب

الشکر لخالق البرایا — والحمد لواہب العطایا

دی جس نے قلم کو تر زبانی — انسان کو عطا کی خوش بیانی

رونق کی زبان سے دہن کی — تعلیم طریقۂ سخن کی

ہان اے سخن آفرین خداداد — کوئی نہین جو سخن کی دے داد

وہ کی ہے فلک نے حقہ بازی — مفقود ہوئی سخن نوازی

کِس وقت تو وارِدِ جہان ہے — جب قدرِ سخن نہ قدر دان ہے

اب ہے جو زمانہ سفلہ پرور — باقی نہ رہا کوئی سخنور

ہر بیت پر اشرفی کہان اب — باحوصلہ لوگ وہ گئے سب

ایسا تو نہین کوئی بظاہر — ہر شعر پہ دے زر و جواہر

ہے کوئی جو بیل بار زر دے — منہ موتیون سے سخن کا بھر دے

ہے حوصلہ پست پست ہمت — ہے فیض حیا نہ ہے مروت

زر کیسا نہین ہین داد دیتے — دینے کا نہین ہین نام لیتے

کینہ بھی ہے رشک بھی حسد بھی — انصاف سے ہے تہی جسد بھی

اشعارِ مدیحہ سُن سُنا کر | کہتے ہین مذاق سے بنا کر
حاضر دل و جان تو ہین سرِ دست | زر می طلبی سخن درین است
دل نے کہا میرے مجھسے خاموش | یہہ طیش بجا نہین نہ یہ جوش
یہہ قول بھی ہے غلط سراسر | عقل اس کو کرے کبھی نہ باور
جب تک ہے دکن کا شاہِ عالی | دینا نہین قدر دان سے خالی
بیمثل ہے بخشش و عطا مین | بے شبہہ ہے جود مین سخا مین
وہ ہے بزمانہ شاہِ عادل | وہ ہے بجہان خدیوِ باذل
خود وہ ہے سخنور و سخن فہم | ہین اُس کے صفات خارج از وہم
مخدوم و معظمِ برایا | بحرِ کرم و یمِ عطایا ہو
دریا دل و یم نوال ہے وہ | اس وصف مین بیمثال ہے وہ
ہے حاضرِ آستان خدائی | کر تو بھی مقدر آزمائی
شاہا یہہ ہے ہدیۂ محقر | لایا ہے پیشکش ہے احقر
تشریفِ قبول گر عطا ہو | ممتازِ جہان یہہ بینوا ہو
منصب سے یہہ سرفراز ہوجائے | ہم جنسون مین بے نیاز ہوجائے
ہے داغ کی جائداد خالی | ہو داد[1] کے نام پر بحالی

تمت بالخیر

[1] مصنف کا نام خداداد ہے عزیز و اقارب دوست و احباب محبت و اختصار کی راہ سے صرف داد کہتے ہین اس موقع پر داغ کی رعایت اور مناسبت سے استعمال ہوا۔

بتاریخ پانزدہم جمادی الثانی سنہ ۱۳۲۴ھ باتمام رسید

تاریخ اتمام تصنیف مثنوی گل و صنوبر من نتائج افکار مصنف

سالِ اتمام در سنِ فصلی	مثنویِ گل و صنوبر شد ۱۳۱۴ ف

تاریخ طبع مثنوی گل و صنوبر من نتائج افکار مرزا عثمان بیگ صاحب پسر مصنف

جب قصہ صنوبر اور گل کا	مرزا کے قلم سے ہو کر ایجاد
مشہور ہوا بہار جانب	دینے لگے سب کلام کی داد
تسلیم کیا سخنوروں نے	یہہ نظم ہے خامہ ریز استاد
تصنیف دلا یہہ بے تکلف	ہے شہرتِ میرزا کی بنیاد
تاریخ کی فکر جو مجھے تھی	صد شکر ہوا مین اُس سے آزاد
تحریر کیا یہہ سالِ فصلی	لکھی ہے یہہ مثنوی خداداد ۱۳۱۵ ف

تاریخ طبع مثنوی گل و صنوبر من نتائج افکار مرزا سلیمان بیگ صاحب پسر مصنف

یہہ مثنویِ گل و صنوبر	ہے نظم مین ایک تازہ ایجاد
تیار ہوئی جو طبع ہو کر	عالم ہوا دیکھکر اُسے شاد
ہونے لگے شہر شہر چرچے	دینے لگے داد جملہ استاد
گلزارِ نسیم نقشِ اوّل	نقش ثانی کی ہے یہہ بنیاد
برجستہ کہی یہہ مینے تاریخ	ہے دولتِ نادرِ خداداد ۱۳۲۴ ھ

قطعۂ تاریخ نواب محمد جعفر خانصاحب المتخلص بہ حزین

مشفقِ من میرزائے با وقار	در نظامِ نظم - ناظم بے نظیر

نکتہ سنج و موشگاف و نغز گو | در سخن ہر کس ندارد این خبیر
فیض خوانش گلشن معنی دمید | آبِ رحمت میدمد کلکِ مطیر
صنعت ایجاد طبعش لاجواب | انوری دارد نہ این روشن ضمیر
طرز او در صنعت و ترکیبِ نظم | مینماید قدرتِ ربِّ قدیر
چون ز کلکش مثنوی آمد پدید | بر فلک در وجد شد حالِ دبیر
بیت او ابیاتِ ابروئے بتان | نقطہ ہایش مردم چشم بصیر
حرف را ہر دائرہ خورشید وش | شعر او روشن تراز ماہِ منیر
جوہرِ معنے ز لفظش آشکار | جلوہ گر در آئینہ مہر منیر
صد ہزاران آفرین بر مثنوی | در وجودِ آفرینش بے نظیر
مثنوی این است یا رشک ارم | نزہت او دلربا و دل پذیر
چون حزین در فکر سال او شدم | گفت ہاتف - این کلام بے نظیر
۱۳۲۲

قطعہ تاریخ طبعزاد محمد حسین صاحب بلیغ فتحپوری

مرکب بادِ صبا نذرِ گل تر ساختہ | بوی عطری کو بکو دم سازِ عنبر ساختہ
آب و تابِ حسن دلبر رنگ گوہر ساختہ | در ہوای او دلِ شوریدہ مضطر ساختہ
شیرین و فرہاد عشقِ لیلی مجنون گذشت | در جواب او جمال گل صنوبر ساختہ
شاعرِ معجز رقم مشہور مرزا لکھنوی | معنے عشق صنوبر سلک گوہر ساختہ
قدر گوہر شہ بداند یا بداند جوہری | ذرہ عشق صنوبر مہر انور ساختہ
قطرہ خونِ جگر آید دمِ فکر سخن | گوہر نایابِ معنی چون سخنور ساختہ
فاش چون گردید رازِ دلبر غنا بلیغ | قصہ گل با صنوبر مہر انور ساختہ
۱۳۲۲

صحت نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۱۰	مصرع اول خاتِم، مصرع ثانی خاتَم	خاتَم خاتِم
۴	۱۶	امیدر	امید
۵	۷	قمیر	قمر
۵	۱۶	گیسو " پیتوں	گیسوے " تبوں
۶	۱۶	کدر	کدر
۹	۱۳	شہ	شاہ
"	"	اولوا الامر	اولے الامر
۱۶	۱۱	بیخود	بیخود
۱۹	۵	شعلۂ	شعلہ
"	۱۰	باغ سے	باغ اس سے
"	۱۹	پیچان	پہچان
۲۳	۷	زلر بپا	زلزلہ بپا
۲۵	۱۳	جلو زیر	جلو ریز
۲۶	۴	دیا سنے ارادہ	دیا اس نے بے ارادہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۲	۱۸	اسرار	اسرار
۴۲	۱۸	صلا	صلہ
۴۳	۱۲	لیلا	لیلے
۴۴	۱۵	تیوڑی	تیوری
۴۷	۱۷	سایا مصرعہ اول ۲	سایہ مصرعہ اول ۲
۵۳	۱۵	درو	درد
۵۴	۶	چھار	بہار
"	۱۵	کشمکس	کشمکش
۵۹	۱	پیچان	پہچان
۶۲	۱۵	کیسے	کیئے
۶۳	۲	لے	لئے
۶۹	۵	زینت	زینت
۷۲	۸	دلب	دلبر
"	"	گیا	کیا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۵	۱۷	طوق	طوق
"	۱۹	کی بو	کی جو
۸۰	۱۷	زلف	زلف
۸۶	۲	آنکھوں	آنکھون
۹۰	۱۰	پمن	چمن
۱۰۰	۴	مہ وساں	مہوشان
۱۰۴	۱۷	یسّر	میسّر
۱۰۸	۱۲	جنجر	خنجر
۱۲۰	۴	سرپر	سرپہ
"	۹	حبّ	حب
"	۱۷	کمیلا	کھیلا
۱۳۱	۳	پارر	پارو
"	۷	نشکل	شکل
۱۳۲	۱۰	صلا	صلہ
۱۳۳	۱۸	نفن	نفس
۱۳۶	۱۳	لیلا	لیلے
۱۴۳	۱۳	وخست	وخشت
۱۴۴	۵	شالی	شافی
۱۴۵	۷	لے	لئے
۱۴۸	۱۷	امامل	انامل

اطلاع

اس مطبع مین نہایت حسن وخوبی وراستبازی سے ہر قسم وہر درجہ کا کام کیا جاتا ہی۔ کام کے لحاظ سے نرخ بھی مقرر ہی جیسی چھپائی ویسا نرخ۔ زیادہ چنین چنان کر کام نہین۔ ٹھیک وقت پر کام دیا جائیگا۔ جس حد تک وعدہ ہوگا اُسکا پورا لحاظ رہیگا۔ مگر شرط یہہ ہے کہ صاحب فرمایش بھی خوش معاملگی سے کام لے اور اپنے وعدون مین ثابت رہی۔ نمونہ کیلیے مطبوعہ کتابین موجود ہین جو ملاحظہ ہوسکتی ہین۔

المشتہر۔ سید محمد طاہر رضا۔ مالک مطبع۔ کوٹلہ اکبرجاہ۔
محاذی عدالت دیوانی بلدہ حیدرآباد